وحشتِ عشق سیزن 2

از قلم واجبہ فاطمہ

urdunovelsghar.pk

وحشتِ عشق

(Season2)

از

واجبہ فاطمہ

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_Wahiba_Fatima

Episode1.....

سلطان مینشن میں اس وقت ہو کا عالم تھا.....رات کے تقریباً آٹھ بجے تھے..

ویر، میر اور شاہ زر سٹڈی میں اپنے کسی ضروری پروجیکٹ میں بزی تھے....
پلوشہ، حرم اور حبہ اس وقت کچن میں موجود ڈنر کی تیاریوں میں مصروف تھیں..

پلوشہ اور حبہ کا بری طرح موڈ آف تھا..وجہ ان کے دونوں بد تمیز بچے تھے
حرم تو صدا کی پر سکون تھی..کیونکہ اسے ایسی کوئی ٹینشن نہیں تھی...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جب بہت اچانک فضا میں جیسے بھونچال آیا تھا..
ہیوی بائکس کی سناٹا چیرتی آوازیں دور تک گونجیں تھیں... حرم دھیما سا مسکرائی..
باہر ایک ہیوی بائیک سے شاہ زل اور مطربہ اترے اور دوسری سے شاہ زین اور ربیع اترے...

ڈنر تو تیار تھا.... پری اب غصے اور طیش میں کچن سے واک آؤٹ کر چکی تھی.. سیدھے اپنے روم میں چلی گئی..

کچھ ہی دیر میں سلطان مینشن کے لاؤنج میں ایک طوفانِ بدتمیزی برپا ہو چکا تھا..

ویر مجھے آئسکریم کھانی تھی،،،،، کیوں لائے واپس ابھی،،،،، مطی چیخی.. سخت موڈ آف ہو چکا تھا.. وہ باہر گھومنے گئے تھے.. مطی کو موقع کا فائدہ اٹھانا آتا تھا..

شاہ زل وارن کر کے لے کر بھی گیا تھا کہ وہ صرف بائیک پہ گھمانے لے جائے گا مگر باہر کچھ بھی کھانا پینا نہیں ہے. مگر مطی نے باہر شور مچا دیا کہ مجھے آئسکریم کھانی ہے وہ زور زبردستی سب کو لے کر واپس آ گیا....
اور اب مطربہ شور مچا رہی تھی...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جس کی شاہ زل کو خاطر خواہ پرواہ نہیں تھی...
ہم عمر تھے بلکل...اسی لئے زیادہ ٹھنتی تھی ان میں..ہر وقت لڑائی، جھگڑا، دھما کے...

چوبیس سال کے ہو چکے تھے دونوں.... مگر دوستی بھی تو اتنی تھی...دونوں میں

اسی لئے تو دونوں نے ایک ہی فیلڈ چنی تھی اپنے لئے...
باہر وہ جیسے مرضی تھے مگر سلطان مینشن میں ان کے دم سے رونق تھی..

ہر وقت کی نوک جھونک اور تماشے.....
ویر اور پلوشہ کا طوفان...شاہ زل سلطان.

اور شاہ زر اور حبہ کی مطربہ....

رہا،،،،شاہ میر اور حرم کا،،،،،،شاہ زین،،،،،،،تو وہ ان دونوں سے دو سال چھوٹا تھا...اگر شاہ زل کا کوئی آپوزیٹ تھا تو وہ شاہ زین سلطان تھا.

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جتنا شاہ زل طوفان اتنا ہی شاہ زین بلکل اپنی ماں کی طرح دھیمے، نرم مزاج کا..
یونی میں بھی شاہ زین کو کالم بوائے کہا جاتا تھا.. سمندر کی طرح پر سکون...
پھر شاہ میر اور حرم کی سب سے چھوٹی سولہ سال کی ربیع... جو بھائی کی طرح دھیمے مزاج کی تھی... اسی لئے تو حرم کو سکون تھا...

مگر پلوشہ اور حبہ ان بد تمیزوں کی وجہ سے اتنی ہی بے سکون..

اب بھی وہ بحث رہیں تھے...
شاہ زین اور ربیع ہمیشہ کی طرح بس خاموش تماشائی تھے

کہ حبہ تن فن کرتی کچن سے نکلی.. اسے ہر وقت مطی سے کوئی نا کوئی شکایت ہوتی..

کیا بد تمیزی ہے مطی،،،،، کبھی تو لڑکیوں والے کام کیا کرو،،،،،،.. ہر وقت کی بد تمیزی،،،،،،اب جاؤ جا کر فریش ہو کر آؤ،،،،،

حبہ نے اسے بری طرح جھڑک کر،،، سارے دن کی اس کی حرکتوں سے،، بیزاری کی کوفت نکالی،،، تو اس کا منہ لٹک گیا....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ چپ چاپ اپنے روم میں چلی گئی...

چھوٹی ممی کا گرم مزاج دیکھ کر شاہ زین اور ربیع بھی کھسک چکے تھے..

اب شاہ زل لاؤنج میں اکیلا بیٹھا تھا..ادھر ادھر نظر دوڑائی... کچن سے حرم باہر آئی..شاہ زل نے آنکھ کے اشارے سے ماں کا پوچھا...

اپنے روم میں،،،،،ناراض ہو کر گئیں ہیں،،،،حرم نے بتایا تو شاہ زل نے لمبی سی سانس بھری...

یعنی ایک اور محاذ تیار تھا..شاہ زل ماں کے کمرے کی طرف گیا..

تبھی سٹڈی سے وہ تینوں باہر آئے...
شاہ زل کو اپنے روم کی طرف جاتے دیکھ شاہ ویر بھی اس کے پیچھے چلا آیا...

کیا ہوا جونیئر،،،،،،،،،،ویر نے پوچھا..

ڈیڈ یار آپ کی مسز،،،،،،،،شاہ زل جھنجھلایا...ویر کو ہنسی آئی

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دونوں روم میں اینٹر ہو چکے تھے

سامنے پری صوفے پر منہ پھلائے بیٹھی تھی...شاہ ویر نے فوراً پینترا بدلا...
یار جونیئر کب سدھرو گے،،،،،اب تو میں بھی تمھاری ماں کی طرح پریشان ہو چکا ہوں تمھاری ان حرکتوں سے،،،،،،

شہ زل بھونچکا سا اپنے چالاک ڈیڈ کو شکایتی نظروں سے گھورنے لگا...شاہ ویر نے بڑی مشکل سے قہقہہ ضبط کیا

ڈیڈ پلیز،،،،،اب میں نے کیا کیا؟ مما،،،،،یار،،،

شاہ،،،،،بول دیں اپنے بیٹے کو مجھ سے بات نا کرے،،،،میں تنگ آ چکی ہوں اس کی شکایتوں سے..
ہر وقت کی مار دھاڑ،،،ہر وقت بد تمیزی اور منہ زوری،،،،اور آج مسز انجم پھر شکایت لے کر آئیں تھیں،،،،،پھر سے پیٹ کے آیا ان کے بیٹے کو،،،وجہ پوچھیں اس سے،،،،،

وجہ مما یہ کہ،،،،وہ پھر کسی لڑکی سے بد تمیزی کر رہا تھا،،،،،اور

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

چلو ٹھیک،،،،،،پری ہنوز خفا ہی تھی ویر دلچسپی سے ماں بیٹے کی بحث سن رہا تھا۔۔،،،،،اور وہ جو نیا شوق پالا ہے اس نے،،اس کی وضاحت لیں شاہ اپنے بیٹے سے،،،،،،،

ہاں جونیئر زرا وضاحت دو،،،،،یہ کیا خبط ہے۔۔۔مطلب سیریس،،،،تمھیں اپنے لئے کوئی اور پیٹ نہیں سوجھا،،،،،ویر بھی سنجیدہ ہوا۔۔

ڈیڈ شیر ہوں،،،کتے پالتا اچھا لگوں گا،،،،،آپ کے سب سے الگ شیر بیٹے نے اگر سب سے الگ پیٹ بھیڑیا پال لیا تو کیا ہوا،،،،،لائسنس ہے میرے پاس یار۔۔۔شاہ زل نے ہوا میں بات اڑائی۔۔اور ویسے بھی میں نے اسے فارم ہاؤس پر رکھا ہے،،،،،،

شاہ زل کوئی کام سیدھا بھی ہے تمھارا،،،،،پری اب جھنجھلائی

یس مما،،،،ہے ناں،،،اپنی پری سے دنیا میں سب زیادہ پیار کرنے کا،،،،آپ کو پتہ ہے دنیا میں سب سے زیادہ میں آپ سے پیار کرتا ہوں،،،،،،۔۔شاہ زل نے پلوشہ کے گرد اپنے بازو حمائل کرتے لاڈ سے کہا جس سے ویر کو ہمیشہ کی طرح آگ لگی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اے جونیئر،،،، مائنڈ یور لینگویج..غلط فہمی ہے تمھاری کہ دنیا میں پری کو سب سے زیادہ تم پیار کرتے ہو،،،،کتنی بار کہا ہے یہ صرف میری پری ہے،،، مما بولا کرو،،،،،ویر مصنوعی خفگی سے بولا..

اوکم آن ڈیڈ...آپ بھی تو دادو کو زیب کہا کرتے تھے..اور اب تک روپ دادو کو روپ کہتے ہیں تو میں بھی پری بولوں گا،،،،،،شاہزل اطمینان سے بولا

پلوشہ کا دل کیا ماتھا پیٹ لے کیونکہ باپ بیٹا پھر شروع ہو چکے تھے اور اکثر ان کی اس بحث میں پلوشہ کو ہی خجالت کا سامنا کرنا پڑتا کیونکہ ویر اپنی بولڈ چلتی زبان کے جوہر اب اس عمر میں بھی.... بیٹے کے سامنے دکھانے سے بھی باز نہیں آتا تھا..

تو یار جونیئر،،،،،،پلوشہ کہہ دیا کرو،،،،،پری یہ صرف میری ہے،،،،اور تمھیں پتہ ہے میں جیلسی فیل کرتا ہوں،،،ویر کا بھی اطمینان قابلِ دید تھا....

میں تو پری ہی بولوں گا،،،،،شاہ زل کونسا کم تھا...ماں کو چوم لیا...

اب ویر پلوشہ کے قریب آیا تھا..وہ بوکھلا کر اٹھی...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ چلیں ڈنر پر سب ویٹ کر رہے ہوں گے،،،،،،،،وہ دانت پیس کر بولی... تاکہ ویرا اپنی کسی بھی حرکت سے باز رہے...

مگر ویر پلوشہ کے کندھے پر دائیں جانب سے بازو حمائل کر چکا تھا... یار جونیئر اپنے لیے کوئی اور پری ڈھونڈ لو،،،،،،وہ ویسے بھی جو بیس کے ہو چکے ہو،،،اور فیلڈ میں بھی ہو تو،،،،،میری پری سے زرا دور رہا کرو،،،،،
پلوشہ خجل ہوئی... چہرہ لال سرخ ہو گیا.

نو ڈیڈ،،،،مجھے تو یہی پری پسند ہے،،،،مجھے نہیں لگتا کی دنیا میں کوئی لڑکی ہے جو شاہ زل سلطان کو جھیل سکے،،،،،شاہ زل شرارت سے بولتا پلوشہ کے گرد بائیں جانب سے بازو حمائل کرتا بولا...

باپ بیٹا پلوشہ کو تنگ کر کے اس کا موڈ بحال کر کے گہرا مسکرائے... دونوں کے ڈمپل قیامت خیز تھے.
پلوشہ نے دل میں ماشاء اللہ کہا اور نظر اتاری....

وہ تینوں باہر ڈنر کے لئے ایک ساتھ نکلے....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ بیڈ پر منہ لٹکائے بیٹھی تھی... جب ڈور ہلکا سا ناک ہوا....

یس کم ان،،،،،،،، مطی نے جلے دل سے کہا

دروازہ کھول کر شاہ زر اپنی گڑیا کے پاس مسکراتا آیا... اپنے ڈیڈ کو دیکھ کر وہ کھلی.... اور اٹھ کر ان کے گلے میں جھول گئی

کیا ہوا میری آفت کو؟،،، شاہ زر نے دریافت کرنا چاہا..

یار ڈیڈ،،،، پلیز نیو ممی لے آئیں میرے لئے،،،، وہ اطمینان سے بولی.. جبکہ شاہ زر نے اس کی بات پر قہقہہ لگایا مگر اندر آتی حبہ کو اس کی بات سے تپ چڑھی....

وہ تو مشکل ہے مائی پرنسز،،،،،،، اسی مما سے کام چلاؤ،،، پر ہوا کیا،،،؟ شاہ زر نے صوفے پر بیٹھتے پوچھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کچھ نہیں ڈیڈ،،،، ویر کے ساتھ ہیوی بائیک پر گھومنے گئی تھی،،،، ڈانٹ دیا آپ کی مسز نے مجھے،،، اس نے منہ بنایا

نہیں اس نے اس وجہ سے نہیں ڈانٹا،،،، اب کی بار شاہ زر سنجیدہ ہوا.... مطی بھی سیدھی ہو کر بیٹھ گئی.. حبہ پیچھے کھڑی تھی.. ان دونوں کی نظر نہیں پڑی تھی اس پر
حبہ اسی دن سے ناراض ہے تم سے جب سے تم نے اس کی مرضی کے خلاف جا کر جونیئر کے ساتھ ہی وہ فیلڈ جوائن کی.. تم صرف ویر کی وجہ سے،،،،،،،،،،،

نہیں ڈیڈ،،،، میں نے ویر کی وجہ سے یہ فیلڈ جوائن نہیں کی،،،، یو آر رونگ،،، یہ میری خواہش تھی،، مما پاکستان کی ہر دوسری ماں کی طرح چاہتی ہیں کہ شادی کروں، گھر بساؤں،، اور

وہ تمھیں کھونے سے ڈرتی ہے پرنسز،،،،،، ایک ہی تو ہو تم ہمارے پاس،،،،،

ڈیڈ اگر پاکستان کی ہر ماں ایسے ڈرے گی تو پھر اس ملک کے سپاہی بزدل پیدا ہوں گے،،،، مطربہ نے سمجھانا چاہا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

میں کچھ نہیں جانتی مطی،،،،، تمھیں یہ فیلڈ چھوڑنی پڑے گی،،، میری حالت پر رحم کھاؤ،،،،،، حبہ اب اور آگے بڑھی تھی اور بھیگے لہجے میں بول اٹھی..

مما پلیز،،،،، مطی جھنجھلائی،،، پلیز ٹرائی ٹو انڈرسٹینڈ می،،، ہمارا ڈیپارٹمنٹ بس کرائم انویسٹیگیشن کا ہے اس میں اتنا خطرہ نہیں ہوتا ناں،،،،،، اس نے ماں کو بہلانے کی کوشش کی

ٹھیک ہے کرو اپنی مرضی،،،، کل کو اگر کچھ ہو گیا تو میں کبھی تمھیں معاف نہیں کروں گی،،،، یاد رکھنا،،،،،،، وہ کہتی تن فن کرتی وہاں سے جا چکی تھی..

مطی نے بے بسی سے اپنے ڈیڈ کو دیکھا،.....شاہ زر نے اشارے سے اسے سب کچھ ٹھیک ہو جانے کی تسلی دی....

ڈنر پر توقع کے برخلاف کافی خاموشی تھی..
کیونکہ حبہ کی سرخ آنکھیں اس بات کی چغلی کھا رہیں تھیں کہ وہ ابھی ابھی اپنے کمرے سے رو کر نکلی ہے...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زل اور مطربہ نے آٹھ ماہ پہلے اپنی ٹریننگ مکمل کر کہ یہ فیلڈ جوائن کی تھی..
دنیا کی نظر میں شاہ زل اپنے ڈیڈ اور چاچوؤں کی طرح ایک بزنس مین تھا... صرف گھر والے جانتے تھے کہ وہ
ACP Shah Zal Sultan
ہے.

ان آٹھ ماہ میں وہ تقریباً انیس سے بیس کیس بڑی ذہانت سے سولو کر چکا تھا.. مطربہ اس کے ساتھ تھی...

مطربہ اس فیلڈ میں آپائی صرف اور صرف اپنے بڑے پاپاویر،،،،،،ڈیڈ اور شاہ زل کی شہہ پر
نہیں تو حبہ نے تو ایڑھی چوٹی کا زور لگایا تھا کہ اس کی بیٹی ایسا نا کر پائے..... مگر کچھ نہیں کر سکی....

شاہ زین کیمسٹری میں ماسٹرز کر رہا تھا..... جبکہ ربیع ابھی سائنس کے ساتھ میٹرک میں تھی..
سربراہی کرسی پر ویر تھا...
ایک خاموش نظر سب پر ڈالی... پھر شاہ زر کو آنکھوں سے اشارہ کیا....

بیگم کے بگڑے تیور دیکھ کر وہ بھی پریشان سا تھا... آخر ویر ہی بولا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حبہ گڑیا،،،، کیوں اتنی ٹینشن لے رہی ہو،،،، کچھ نہیں ہوگا،،، اللہ تعالیٰ پر اور اپنے بچوں پر بھروسہ رکھو،،،، اوکے شاہ زر اور حبہ ڈنر کے بعد مجھے سٹڈی میں ملو تم دونوں،،، مجھے ضروری بات کرنی ہے

جی ویر بھیا،،،، حبہ نے خاموشی سے کہا اور اپنی پلیٹ پر جھک گئی...

وہ سٹڈی ٹیبل پر بکس اور پیپرز پر سر جھکائے بیٹھا مصروف سا تھا.. پاس ہی چئیر پر بیٹھی ربیع نے کب سے اس کے کان کھائے ہوئے تھے..

زین بھیا مجھے سمجھ نہیں آ رہی،،،،،،،، ربیع نے کڑوا سا منہ بنایا،،،، ایک نمبر میکل میں کب سے نازک جان جھونک رکھی تھی مگر مجال ہے جو کچھ پلے پڑ رہا ہو

ربیع میں دیکھ رہا ہوں آج آپ کا دھیان سٹڈی میں نہیں ہے،،، شاہ زین جھنجھلایا...

جب ہلکا سا ڈور ناک کر کے میر اور حرم روم میں انٹر ہوئے...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہیے...کیا ہو رہا شیر،،،،،،،،میر نے زین کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پوچھا...کیونکہ وہ بری طرح ربیع کو گھور رہا تھا.....

ڈیڈ کہاں آپ نے اپنی لاڈلی کو سائنس کا مشورہ دے دیا،،،،،،،کب سے اتنی ڈیٹیلز میں سمجھا رہا ہوں مگر مجال ہے جو یہ سیریس لے رہی ہو،،،،،،،،

ڈیڈ دیکھیں ناں بھیا کو،،،،،،ربیع نے رونی صورت بنائی

ہاں تو تم بھی تو میرے بیٹے کو پریشان کرنا بند کرو ربیع،،،،،زرا دماغ استعمال کر لیا کرو،،،حرم اپنے لاڈلے بیٹے کی حمایت میں بول اٹھی.....
جس پر ربیع نے پھر برا سا منہ بنایا تو وہ تینوں قہقہہ لگا کر ہنس پڑے...

اوکے ادھر آؤ میری گڑیا،،،،،یہ میں تمھیں سمجھاؤں،،،چلو شاباش،،،بھائی کو اپنا پڑھنے دو،،،،میر ،ربیع کو لئے سٹڈی میں چلا گیا..

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حرم بیڈ پر بیٹھی تھی... جب شاہ زین اٹھ کر آ کر ماں کی گود میں سر رکھے لیٹ گیا... اور سکون سے آنکھیں موند لیں

کیا ہوا میرا بچہ،،،، آج زیادہ تھک گیا.....
حرم نے اس کے گھنے سیاہ بالوں میں ہاتھ پھیرا

نو مما،،،،، بس گڑیا نے بہت دماغ کھایا،،،،، وہ مسکرا کر بولا.. تو حرم بھی ہنس دی

تو مت پڑھایا کرو،،،، ضروری تو نہیں،،،، اکیڈمی جوائن کر لے گی،،،، حرم نے چھیڑا....

کم آن مما،،،،، اب ایسی بھی کوئی بات نہیں،،،، آپ کو پتہ ہے وہ مجھے کتنی عزیز ہے،،، بس یونہی بول دیا... وہ خواہ مخواہ شرمندہ ہوا تو حرم ہنس پڑی...

میرے بھلے بیٹے مزاق کر رہی تھی،،،،،، حرم نے اس کے کندھے پر چپت رسید کی تو وہ بھی ہنس دیا.....
ایسا ہی تو تھا وہ رشتوں کے معاملے میں بے حد حساس، لونگ کیئرنگ.....
کچھ حرم کی تربیت نے چار چاند لگا دیئے تھے اس کی شخصیت میں...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ دکھنے میں ہو بہو اپنے ڈیڈ شاہ میر کی کاپی تھا...اور اخلاق و کردار میں اپنے ماں باپ کی طرح..

وہ خواتین کا بے حد احترام کرتا تھا... یونی میں نگاہیں ہمیشہ نیچی رکھتا.
اسی لڑکی سے بات چیت کر لیتا جو اسے بھائی بول کر مخاطب کرتی...
اکثر اسی بات پر اسے ٹونٹ کیا جاتا...
Mama'sboy
کہا جاتا... مگر اسے متعلق پرواہ نہیں تھی..
اس کی پچھلی زندگی اب تک بلکل کورے کاغذ کی طرح تھی... شفاف بے داغ....

یونی میں اتنے سال کئی لڑکیوں نے اس کی جانب دوستی کے ہاتھ بڑھائے مگر اس کے سرد و سپاٹ تاثر سے کوئی آگے نا بڑھ پائی..

ہائے بیوٹی فل،،،،،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

لندن کے ایک مشہور نائٹ بار میں وہ بے نیازی سے ایک طرف صوفے پر بیٹھی بظاہر ڈرنک کر رہی تھی... پنڈلیوں سے کافی اوپر تک پہنی گرے سکرٹ کے اوپر بلوٹاپ..گلے میں پہنا مفلر....

دو آتشہ قیامت خیز حسن.....

جب اس کا شکار خود چل کر اس کے پاس آیا..اور اس کے آگے ہاتھ بڑھایا..

Hyyyy,,,,,,,I'm M.Aliandyou.....

اب لینا کے چہرے پر گہری پراسرار سی مسکان تھی..

Hy,,,,,I'm Lina.....

لینا نے اس سے مصافحہ کیا...اس نے گرم جوشی سے لینا کا ہاتھ زرا سا دبایا...لینا نے نے حقارت سے اس کا ہاتھ دیکھا

مگر مسکرائی.

کیا میں یہاں بیٹھ سکتا ہوں،،،،،،؟

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شیور،،،،

اب وہ دونوں قریب بیٹھے خوش گپیوں میں مصروف تھے...اور جلد ہی دونوں بے تکلف ہو گئے..

جب وہ لینا کہ اور قریب کھسک آیا..
لینا نے اپنا ہاتھ بڑے اعزاز کے ساتھ اس کے سامنے کیا.
اس نے بھی بڑی عقیدت سے ہاتھ تھام کر لینا کے ہاتھ کی پشت کو چوما..

مگر تب ہی بہت اچانک جیسے اس کا سارا جسم پیرالائز ہوا تھا..وہ اپنی جگہ سے ہل بھی نہیں پا رہا تھا...
اب لینا اس پر جھکی ہوئی تھی اور نائٹ بار میں سب کو بظاہر یہی لگ رہا تھا کہ ان کے بیچ کچھ ہو رہا ہے.

مگر بہت صفائی سے لینا نے اس کی کوٹ کی اندرونی پاکٹ سے اپنی مطلوبہ چیز نکالی تھی....

وہ خونخوار نگاہوں سے لینا کو گھور رہا تھا..جب لینا نے حقارت سے ایک آنکھ ونک کی..
YoubloodyPaki,,,,,,,,,,,,
لہجہ میں حقارت اور نفرت تھی،،،
جیسے پاکستانیوں کے خلاف اس کے ذہن میں جانے کتنا زہر گھولا گیا ہو....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

لینا نے وہ چیز اپنی سکرٹ کی پاکٹ میں چھپائی..اور کچھ ہی دیر میں لڑکھڑاتی اب اپنے ساتھی علی کو کندھے پر سہارا دیئے باہر گاڑی تک لا رہی تھی.

باہر علی کے آدمیوں سے بول کر کہ ان کا سر رات اس کے ساتھ گزارے گے وہ اسے قدرے اندھیرے میں کھڑی اپنی گاڑی تک لا چکی تھی..

گاڑی میں اسے پٹخنے کے انداز میں پھینک کر وہ فرنٹ سیٹ پر آئی جہاں ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا ڈائمن اس کا ویٹ کر رہا تھا..

علی کے آدمیوں کو شاید کچھ گڑبڑ کا احساس ہوا تھا جب وہ ان کی گاڑی کی جانب لپکے..
ڈائمن گاڑی سے باہر نکلا...

مگر لینا کا اطمینان قابل دید تھا چپ چاپ اپنے ہاتھ کی پشت سے وہ زہریلی نقلی سکن احتیاط سے اتاری اور موبائل میں بزی ہو گئی.

پتہ تھا ڈائمن ڈیول کچھ ہی دیر میں ان کو موت کی نیند سلا دے گا.

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہوا بھی یہی... کچھ ہی دیر میں ڈائمن ان کی ہڈی پسلی ایک کر چکا تھا.. کچھ اپنی جان بچا کر بھاگ چکے تھے..
وہ اطمینان سے فرنٹ سیٹ پر بیٹھا اور گاڑی سٹارٹ کی..

لاؤ مجھے دو لینا... ڈائمن نے ہاتھ آگے بڑھایا.

شیور برو... لینا نے اپنی پاکٹ سے وہ پیپر اور پیکٹ نکال کر ڈائمن کو تھمائے...

گاڑی اپنی منزل کی جانب راواں دواں تھی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

کیسا لگا پہلا دھماکہ اچھے اچھے reviews چاہیں

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

صبح صبح ایس ولا کے در و دیوار تک ہل چکے تھے۔۔۔۔ جیسے ایک بھونچال سا آگیا ہو۔۔۔۔

شبیر احمد عثمانی مشہور سیاسی لیڈر جو کہ پاکستان کے وزیر اعلیٰ پنجاب تھے ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھے۔۔
اور اپنے کمرے سے باہر آئے۔۔۔

یقیناً ان کی اکلوتی آفت نے آندھی مچائی ہوگی۔۔۔ وہ لاؤنج سے نکل کر کچن تک آئے جہاں سے آوازیں آرہی تھیں۔۔۔

اور توقع کے عین مطابق ان کی آفت بیٹی سہانا نے کچن میں طوفانِ بدتمیزی مچا رکھا تھا۔۔۔

جو شدید طیش میں کچن سے برتن اٹھا اٹھا کر کچن کے فرش اور لاؤنج پر پٹخ رہی تھی۔۔۔۔ برتن چھناکے سے ٹوٹ رہے تھے
تمام سرونٹس سر جھکائے لائن میں کھڑے تماشہ دیکھ رہے تھے۔۔

کسی میں بھی ابھی اتنی ہمت نہیں تھی کہ سہانا بے بی کو روک سکے۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور یہ یقیناً اس بات کا غصہ تھا کہ اس کی روز روز کی شکایتوں سے تنگ آ کر شبیر احمد نے اسے کینیڈا سے واپس بلوا لیا تھا۔۔۔

اسے وہاں پڑھنے بھیجا گیا تھا۔۔۔ مگر وہ وہاں اپنی تہزیب، روایات اور اقدار بھول کر پرائے ملک کے رنگ میں رنگتی جا رہی تھی۔۔

سو شبیر نے یہی مناسب سمجھا کہ سہانا کو اس کی مرضی کے خلاف واپس بلا لیا۔۔

وہ جتنے نرم اور دھیمے مزاج کہ ایک مہربان انسان تھے۔۔۔ ان کی بیٹی اتنی ہی منہ زور، ضدی اکھڑ اور بدتمیز۔۔۔
شبیر احمد نے اپنی تمام زندگی اس ملک کی خدمت کے لئے وقف کر دی۔۔

سہانا کی پیدائش کے چند سال بعد ہی ان کی عزیز از جان بیوی ماہ پارہ کا انتقال ہو گیا۔۔
شبیر احمد تو سیاست میں مصروف رہے،،، اور سہانا گورنس کے ہاتھوں پل کر بڑی ہوئی۔۔

ماں کی کمی باپ کی بے توجہی نے اس کی شخصیت کو مسخ کر رکھ دیا تھا۔۔۔ کئی کمیاں تھی اس کی شخصیت میں۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جن کا شبیر احمد کو اب احساس ہوا۔۔۔
مگر اب بہت دیر ہو چکی تھی۔۔۔ اب تو دعا ہی کی جا سکتی تھی کہ اس کی زندگی میں کچھ ایسا ہو جو اسے سدھار دے۔۔
ایڈمیشن یونی میں کروا چکے تھے۔۔۔ اور آج اس کا فرسٹ ڈے تھا

شبیر نے آ کر اس کا ہاتھ روکا۔۔۔ سہانا بے بی یہ کیا طریقہ ہے،،، لہجے میں نرمی تھی.،،،،،،

پاپا میرا یونی کا فرسٹ ڈے ہے اور انھوں نے مجھے لیٹ کروا دیا،،،، وہ غرائی۔۔۔ ایک تو بریک فارسٹ اتنی لیٹ دیا اوپر سے اتنا یوزلیس،،،،،، تو اس کی یہی سزا تھی،،،،

اوکے۔۔ فائن میں اپنی ڈول کو اس کی پسند کا بریک فاسٹ بنوا کر دیتا ہوں،،،،، ادھر آؤ،،،،، فہمیدہ یہ سب صاف کرواؤ اور جو بے بی نے کہا ہے بلکل ویسا بریک فاسٹ بنوا کر لاؤ،،،۔

یونی کے گراونڈ میں وہ تینوں مگن سے بیٹھے تھے۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دو دن تھے اسائنمنٹ سبمٹ کروانے کے لئے۔۔۔شاہ زین تو بکس کنگھال رہا تھا۔۔
جبکہ حمزا اور فارس خوش گپیوں میں مصروف تھے۔۔
دو بج چکے تھے۔۔۔بس وہ نکلنے ہی والے تھے۔۔۔

تمھیں پتہ ہے حمزہ آج یونی میں ایک قیامت آئی ہے،،،،،،،،فارس نے شرارت سے کہا

کیا مطلب،،،،،،،حمزہ نا سمجھنے والے انداز میں بولا۔۔۔

یار بی ایس سی ڈیپارٹمنٹ میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی صاحبزادی تشریف لائی ہیں،،،،،،پوری یونی ہلا دی ہے محترمہ نے،،،،،وہ اب ہنس رہا تھا۔۔۔

کیوں کیا کیا، ؟اب حمزہ کو بھی دلچسپی ہوئی۔۔۔جبکہ شاہ زین انتہائی غیر دلچسپی سے پیپر زپر جھکا ہوا تھا۔۔۔

وہ تینوں بلکل ہم مزاج تھے۔۔۔لڑکیوں سے دور بہت دور بھاگنے والے۔۔
یونی میں اسی لئے تو ان کہ اس منی گروپ کو

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Antygirlgroup

کہا جاتا تھا۔۔۔

اسی لیے تو گہرے دوست تھے۔۔۔ مگر آج جو یونی میں ہنگامہ ہوا تھا اس نے فارس کی توجہ اپنی جانب کھینچی تھی۔۔۔۔

ہونا کیا ہے،،،،،، پورے ڈیپارٹمنٹ کے لڑکے پاگل ہو گئے محترمہ کے حسن سے متاثر ہو کر،،،، ،،ایک نے تو جوشِ جزبات میں فوراً پرپوز بھی کر ڈالا اور چھتر کھائے آج،،،، شاید گھر سے ہی لڑ کر آئی تھی محترمہ،،،،،،، ہاہاہاہاہا

دونوں قہقہہ لگا کر ہنس پڑے۔۔۔۔ شاہ زین بھی مسکرایا۔۔۔ ڈمپل نے نمائش کی۔۔۔

مجھے تو ایسی دبنگ لڑکیاں بہت پسند ہیں،،،، فارس نے اپنی پسند بتائی۔۔۔

اور مجھے بھی،،،،، حمزہ نے بھی ہاں میں ہاں ملائی۔۔۔۔ اور تمھیں شاہ زین؟،،،،،، لگے ہاتھوں شاہ زین سے بھی پوچھا گیا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سوری میرے بھائی،،،،، مگر مجھے ایسی توپ اور آفت لڑکیاں بلکل نہیں پسند،،،، لڑکیوں کو تو بلکل میری مما کی طرح ہونا چاہیے،، بلکل انوسنٹ، دھیمے اور نرم مزاج کی،،،، خاموش طبع،،، اور شرمائی سی،،، باپردہ،،،، وہ گہرا مسکرایا

حمزہ اور فارس کا دل کیا ماتھا پیٹ لیں۔۔۔۔ او میرے بھائی

Mama'sboys

یار کبھی ممی سے ہٹ کر بھی کچھ سوچ لیا کرو۔۔۔۔ فارس سے رہا نا گیا تو ٹوک دیا۔

نو،،،، ہرگز نہیں،،،، میں نے شروع دن سے اپنی مما کو آئیڈئلائز کیا ہے،،، اور اگر کبھی کسی کو اپنی زندگی میں شامل کیا تو اس میں تمام کوالٹیز وہی ہوں گی جو میری مما میں ہیں۔۔۔۔ بلکل میری مما جیسی،، وہ لاپرواہی سے بولا۔۔۔

اوکے یار دعا کریں گے کہ تمھارے دل کی خواہش جلد پوری ہو۔۔۔۔ چلو چلنا نہیں ہے کیا،،،،،؟ فارس نے پوچھا۔۔۔

نہیں تم دونوں جاؤ مجھے لائبریری سے ضروری بکس لینی ہیں،،،، شاہ زین کا اب لائبریری جانے کا موڈ تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سو وہ دونوں اٹھ کر چلے گئے۔۔
شاہ زین لائبریری کی طرف چلا آیا۔۔

ویر اور مطربہ ہیڈ کوارٹرز آفس میں داخل ہوئے تھے...

وہ دونوں اجازت لے کر کرنل وسیم کے آفس میں داخل ہوئے جنھوں نے اسپیشل انھیں بلایا تھا
کرنل وسیم نے انھیں بیٹھنے کا اشارہ کیا۔۔۔

وہ چیئرز پر ان کے سامنے بیٹھے تو کرنل وسیم نے بات شروع کی۔

مسٹر شاہ زل سلطان آپ کو ایک انتہائی اہم اور حساس مشن سونپنا چاہتا ہوں،،،،، کیونکہ اس مشن کے لیے انتہائی شارپ اور فزیکلی اور مینٹلی سٹرونگ آفیسرز کی ضرورت ہے تو مجھے آپ کا اور مس مطربہ کا نام سجیسٹ کیا گیا ہے،، یہ کیس اتنا حساس ہے کہ اگر دائیں ہاتھ سے کام کر رہے ہیں تو بائیں ہاتھ کو بھی نا پتہ چلے،،، بلکل صفائی سے،، اگر راستے سے کسی کو ہٹانا پڑے تو وہ یوں غائب ہو کہ اس کا سایہ تک نا ملے،، ایسا ہی کچھ،،،،،، کیا آپ ریڈی ہیں،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دل و جان سے سر،،، آپ بھروسہ کرسکتے ہیں،،، شاہ زل اطمینان سے بولا

میں پہلے آپ کو آزمانا چاہوں گا۔۔۔ آپ کو کوئی او بجیکشن،،،،،،؟

Nosir,,,,,,,itsmypleasure,,,,,
وہ اسی اطمینان سے بولا۔

تو ٹھیک ہے آفیسر،،،،،، کرنل نے اپنی سائیڈ ڈرار سے ایک تصویر نکال کر ٹیبل پر شاہ زل کے سامنے رکھی..... یہ آدمی مجھے چاہیے زندہ یا مردہ،،،،، چیلنج یہ ہے کہ یہ ہمیشہ پبلک پلیسز میں چھپتا ہے۔۔۔۔

Somethinglikethat
بھیڑ میں چھپ جانا،،،، ہمیں پتہ ہے کہ یہ کہاں ہے مگر پبلک پلیس کی وجہ سے اسے پکڑ پانا ہی ایک چیلنج ہے،، آپ سمجھ گئے نا میری بات،،،،،، کہ بھیڑ میں بھی کسی کو کان و کان خبر نا ہو اس کے غائب ہونے کی،،،، یہ اس وقت لاہور میں ہے،،،، کب کہاں آپ کو بتا دیا جائے گا،،،، آپ آج،،، بلکہ ابھی لاہور کے لئے نکل جائیں

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جی سر،،،،،ہو جائے گا سر،،،،،،

کرنل نے انٹر کام اٹھایا اور کسی کو اندر آنے کیا کہا۔۔۔۔
تبھی دو نفوس اندر داخل ہوئے
شاہ زل کو خوشگوار حیرت ہوئی کیونکہ ان میں سے ایک تو اس کا بیسٹ فرینڈ ازھاد تھا۔۔۔

ان سے ملئے مسٹر شاہ زل سلطان،،،، یہ ہیں انسپکٹر ازھاد اور یہ ہیں انسپکٹر نمیرا،،، یہ اگلے کیس میں آپ کے انڈر کام کریں گے،، مگر میں چاہتا ہوں آپ کو ٹیم ورک کی پریکٹس ہو تو یہ لاہور بھی آپ کے ساتھ جائیں۔۔۔

اوکے سر،،،،،، نمیرا نے مطربہ سے مصافحہ کیا اور ازھاد نے ویر سے،،،،

چند ضروری اور ہدایات دے کر کرنل وسیم نے انھیں جانے کا آرڈر دیا۔۔۔۔
تو وہ باہر چلے آئے۔۔
باہر آ کر ویر اور ازھاد دونوں گرم جوشی سے ایک دوسرے سے بغلگیر ہوئے۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مطربہ مسکرائی کیونکہ وہ بھی ازھاد کو جانتی تھی۔۔۔
مگر نمیرا کہ لئے یہ سب نیا تھا۔۔۔ تو انھوں نے تعارف کروایا

ابے گھونچو،،،،، بڑا رعب شعب ہے تمھارا،،، بڑے اسپیشل کیسز مل رہے ہیں۔۔۔ ازھاد نے چھیڑا

ویر نے فرضی کالر جھاڑے۔۔۔ دیکھ لو پھر سلطانز ہیں ہی بڑی توپ چیز،،،،،،،

ہاں کچھ زیادہ ہی،،، ازھاد نے جل کر کہا تو چاروں قہقہہ لگا کر ہنس پڑے

وہ سٹڈی ٹیبل میں ویر کے سامنے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔
ویر کب سے اسے سمجھا رہا تھا۔۔۔۔۔

حبہ بچوں کو سپیس دو بیٹا،،،،،،، ایسے کیسے چلے گا،،،، ان پر اپنی مرضی تھوپیں گے تو کس طرح چلے گا،،،،، کیا کبھی وہ خوش رہ پائیں گے،،،،، ویر نے اسے تسلی دی۔۔۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آپ کی بات بلکل ٹھیک ہے ویر بھیا مگر میں اپنے دل کو کیسے سمجھاؤں،،،،،ماں ہوں اگر کل کو کچھ۔۔۔۔۔۔،،،

کچھ نہیں ہوگا حبہ،،،،،بیٹا نیگٹیو کیوں سوچ رہی ہو،،،،،پوزیٹو سوچو،،،،اچھا سوچو گی تو اچھا اچھا ہوگا۔۔۔۔اور

ابھی ویر کچھ اور بولتا تبھی شاہ زر کا فون رنگ ہوا۔۔۔
اس نے یس کر کے کان کو لگایا۔۔۔۔

شاہ زل کا تھا۔۔۔اس نے اپنے اور مطی کے لاھور جانے کی ڈیٹیلز بتائی تھیں۔۔۔اور یہ بھی کہا کہ انھیں ابھی نکلنا ہے
فون بند ہوا۔۔۔اس نے کن اکھیوں سے حبہ کو دیکھا۔۔۔

کس کا فون تھا شاہ زر،،،،ویر نے پوچھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ بگ بی،،،، جو نئیر کا تھا۔۔اسے اور مطی کو ابھی لاہور کے لیے نکلنا تھا ہے اسی لئے،،،، شاہ زر نے نظریں چرائیں۔۔۔

حبہ نے شکایتی نگاہوں سے شاہ زر کو گھورا۔۔۔
ویر نے شاہ زر کی پتلی ہوئی حالت دیکھ کر ہنسی دبانے کے لیے دانتوں تلے لب دبایا۔۔۔۔

حبہ روم سے نکلی تو ویر کا قہقہہ بے ساختہ تھا۔۔۔۔شاہ زر بھی ہنس پڑا۔۔۔۔۔

رات کے قریباً تین بجے ان دونوں کی گاڑی جے ولا میں پہنچے تھی۔۔

لندن کی انڈین سوسائٹی میں بنا بہت بڑا بنگلہ۔۔۔۔وہ اپنی مثال آپ تھا۔۔۔
وہ دونوں گاڑی سے اترے۔۔۔
علی صاحب کو تو ٹکھانے لگا آئے تھے۔۔
جے ولا میں مکمل خاموشی طاری تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر انھیں پتہ تھا کہ جے ولا کے بیسمنٹ میں اس وقت ایک الگ ہی جہان آباد ہوگا۔۔
اسی لئے ان کا رخ سیدھا بیسمنٹ ہی تھا۔۔۔

وہ بیسمنٹ میں پہنچے۔۔سامنے ہی طویل بڑے ٹیبل کی سربراہی کرسی کی جگہ وہیل چیئر پر بیٹھی جویریہ زبیر عرف جولی نے مسکرا کر اور بانہیں وا کر کے ان دونوں کا استقبال کیا۔۔۔

لینا اور ڈائمن آ کر جولی سے لپٹ گئے۔۔۔

کیسا رہا،،،، زبیر نے پوچھا

لینا نے وکٹری کا نشان بنایا۔۔

میرے بچے ہیں یہ زبیر،،، شکست کا لفظ ان کی ڈکشنری میں نہیں،، جولی نے زہر خند لہجے میں کہا۔۔

اوکم آن ڈیڈ،،، ایسا سٹوپڈ کوئسچن مت پوچھا کریں،، ڈائمن نے بھی اپنی قابلیت واضح کرنی ضروری سمجھا۔۔اور وہ پیپر اور پیکٹ لا کر ٹیبل پر رکھے جو وہ علی نامی بندے سے چھین کر آئے تھے

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ادھر میرے سامنے بیٹھو، مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے۔۔
جولی نے لینا اور ڈائمن کا ہاتھ تھام کر سامنے بٹھایا

وہ دونوں سامنے بیٹھے۔۔۔

میں نے تم دونوں کو شروع دن سے اپنی اوپر بیتنے والے تمام مظالم کی داستان سنا رکھی ہے۔۔کس طرح مجھے پوری یونی کے سامنے بے عزت کیا گیا۔۔کس طرح مجھے پوری زندگی کے لیے معزور بنا دیا گیا،،،،
یہ سب دوبارہ سن کر ایک مرتبہ پھر لینا اور ڈائمن کی آنکھوں میں خون اترا تھا۔۔
اور وہ جو میرے دشمن ہیں وہ بڑے مزے سے اپنی زندگی جی رہے ہیں،،یہ پاکستانی ہوتے ہی بے حس ظالم،،جابر اور مکار ہیں،،اسی لیئے تو ہم ان کے دشمنوں کا ساتھ دیتے ہیں،،،،،،جولی پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔۔

اب وقت آگیا ہے کہ ان سے ان کے کیئے گئے تمام مظالم کا حساب لیا جائے۔۔۔۔
یہ کہہ کر جولی خاموش ہو گئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

زبیر بڑی دلچسپی سے بیوی کا ٹوپی ڈرامہ ملاحظہ فرما رہا تھا۔ مگر چہرے پر مصنوعی اداسی بھی طاری کر رکھی تھی۔۔۔

اب وہ اپنے بچوں کے دماغ میں سالوں سال سے پلتے زہر کو مزید زہریلا کر کے اسے ناسور بنا رہی تھی پاکستان کے خلاف،،،، پاکستانیوں کے خلاف اس نے کیا کچھ نہیں ان کے دماغوں میں زہر گھولا تھا۔۔ وہ پاکستان کی جڑیں کھوکھلی کرنے کا عزم رکھتی تھی۔۔
(جو کہ کسی دیوانے کا خواب ہی ہو سکتا ہے)

زبیر غور سے جولی کو دیکھ رہا تھا
جولی سے اس کی ملاقات جیل میں ہوئی تھی۔۔۔ وہ ایک انڈین تھا اور غیر قانونی کاموں میں ملوث تھا۔۔ خاص کر وومن ٹریفکنگ میں۔۔۔ کیونکہ انڈیا میں بے وقوفوں کی کوئی کمی تو تھی نہیں جو شادی کے نام پر اپنی بیٹیوں کو باہر بھیجنے کے چکر میں ہمیشہ کے لیے جہنم میں جھونک دیتے تھے۔۔

جولی جیل سے باہر آئی۔۔ پھر زبیر کو باہر نکالا۔۔
تب تک شاہ زر اور نمرہ پاکستان شفٹ ہو چکے تھے
وہ غصے میں بس لکیر پیٹتی رہ گئی۔۔۔
جولی نے زبیر سے ہاتھ ملایا اور شادی کی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سالوں میں ان کا نیٹ ورک بہت ہی زیادہ سٹرونگ ہوچکا تھا۔۔پاکستان اور انڈیا سے لڑکیاں منگوائی جاتیں۔۔اور انھیں دوبئ لے جایا جاتا۔۔زیادہ تر شیخ جوان کاموں میں ملوث ہوتے وہ ان کا ساتھ دیتے تھے۔۔۔جولی ڈالروں میں کھیلتی رہی۔۔۔اور اب جب اس کے کام میں سب سے بڑی رکاوٹ بننے والے ان دو آفیسرز کا اسے پتہ چلا تو ایک مرتبہ پھر وہ انگاروں پر لوٹ گئی تھی۔۔۔

اب تو سہی معنوں میں وہ کانٹوں پر لوٹی تھی جب اسے ان آفیسرز کا پتہ چلا تھا۔۔
یعنی وقت آن پہنچا تھا کچھ پرانے حساب بے باک کرنے کا۔۔
پرانے بدلے لینا کا۔۔۔
ایک بہت بڑا جال بچھانے کا۔۔۔

جس سے دشمن کو بھی شہہ مات ہونے والی تھی۔۔
اور اس کو کروڑوں کا فائدہ بھی ہونے ولا تھا۔۔۔

مگر جو جولی کی سب سے بڑی چالاکی اور مکاری تھی وہ یہ تھی کہ اس نے اپنے بچوں کو انٹیلجنس آفیسرز بنایا تھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اپنا الو سیدھا کرنے کے لئے۔۔۔وہ بڑی مکاری اور شاطرانہ چالوں سے اپنے خلاف ثبوت مٹوادیا کرتی تھی۔۔

جیسا کہ آج ہوا تھا۔۔وہ علی ایک میڈیا رپورٹر تھا جو کہ جولی اور زبیر کے خلاف کچھ ویڈیوز اور ثبوت اکٹھے کر چکا تھا

جو کہ بڑی صفائی سے جولی حاصل کر چکی تھی۔۔

لینا اور ڈائمن کے حساب سے ان کی ماں پاکستان میں ظلم و ستم کی شکار ہونے والی بے بس،،، مجبور اور لاچار لڑکیوں کو لا کر ان کی شادیاں کرواتی تھی۔۔
وہ کبھی پاکستان نہیں گئے تھے۔۔اس لئے حقیقت بھی نہیں جان پائے تھے۔۔
انھوں نے پاکستان کو اپنی ماں جولی کی نگاہوں سے دیکھ رکھا تھا

لینا اور ڈائمن خواہ کتنے ہی چالاک اور ذہین تھے۔۔مگر اپنی ہی ماں نے انھیں ہر طرف سے دھوکے میں رکھا ہوا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر کیا جولی یہ جانتی تھی کہ جب اس کے بچوں کی آنکھوں سے اس کے دھوکے کی پٹی اترے گی تو کیا ہوگا۔۔۔

سہانا تن فن کرتی لائبریری میں داخل ہوئی تھی۔۔ ناپسندیدہ جگہ ناپسندیدہ لوگ،، کچھ صبح ہوا تماشہ، وہ جی جان سے جلی ہوئی تھی۔۔۔
گرین ٹی شرٹ کے نیچے،، جینز کی پینٹ اور گلے میں مفلر،،،، بڑا بے باک حلیہ تھا اس کا،،، مگر اسے پرواہ نہیں تھی۔۔۔

لاکھ ضدی اور ہٹ دھرم تھی۔۔ مگر پڑھائی کے معاملے میں کافی سنجیدہ تھی۔۔۔ اور پڑھائی کی وجہ سے اس کی انسلٹ ہو یہ وہ کسی صورت گوارا نہیں کر سکتی تھی۔۔

سر عابد نے کل تک کے لئے ایک اسائنمنٹ دے دی تھی ریڈی کرنے کے لئے۔۔ جو اسے کسی بھی صورت مکمل کرنی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

لائبریری میں داخل ہوئی۔۔اپنی مطلوبہ بکس لے کر ایک ٹیبل پر آ کر بیٹھی۔۔اور اپنے کام میں مصروف ہو گئی۔۔

یونہی طائرانہ سی نگاہ چاروں اور دوڑائی۔۔ایک مرکز پر آ کر نگاہ رکی تھی۔۔

بلکہ تھم گئی تھی۔۔ساکت ہوئی تھی۔۔یہ اس کے ساتھ پہلی مرتبہ ہوا تھا۔۔

کہ وہ،،،،،سہانا شبیر احمد عثمانی کسی پر سے نگاہ نہیں ہٹا پا رہی تھی۔۔

بلیک شلوار قمیص میں شاہ زین اپنے ڈیڈ کی مردانہ شال کندھوں پر لیئے سٹڈی میں مصروف سا تھا۔۔۔

مردانہ وجاہت کا شہکار،،،،،سرخ سفید رنگت

گھنے سیاہ کالے ماتھے پر بکھرے بال۔۔۔

اوپر سے وہ وقفے وقفے سے چھوٹی الائچی منہ میں جب جب چباتا تو قاتل ڈمپل اپنی بھرپور نمائش کر رہا تھا

وہ بڑی دیر سے،،،،

بڑے غور،،،،،سے اسے دیکھنے میں مصروف تھی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تبھی اس کے دل کی دھڑکن نے ایک سو بیس کی رفتار پکڑی تھی،،، جب وہ کوئی کتاب پڑھتے گہرا سا مسکرایا تھا۔۔۔

اور وہی وہ پل تھا جب وہ سامنے بیٹھے شخص کے سحر میں بری طرح جکڑی گئی تھی۔۔۔

اس کے عشق میں پور پور گرفتا ہو چکی تھی۔۔۔۔

اس پر اپنا دل و جاں ہار بیٹھی تھی۔۔۔۔

وہ مبہوت سی یہ میجیکل منظر دیکھ رہی تھی۔۔۔

اسی وقت شاہ زین اٹھا۔۔۔۔اور وہ بک ایشو کراوانے لائبریرین کے پاس گیا۔۔۔

وہ بھاگ کر اس کی بکس اور نوٹ بکس کے پاس آئی

قلم بے اختیار اٹھا تھا۔۔۔۔۔

Justsawyourdimple,,,,,,,,,
Andbelieveme,thismagicalscenehasneverbeenseen before.

اپنی خاطر جگے ہو،،،،،،سوئے ہو

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اپنی خاطر ہنسے ہو،،،،،،،روئے ہو
کس لئے آج کوئے کھوئے،،،،،،،،ہو
تم نے آنسو بہت پیئے،،،،،،،،،اپنے
تم بہت سال رہ لئے،،،،،،،،،،اپنے

اب میرے صرف میرے ہو کہ رہو

ایک آرزو،،،ایک فرمائش،،،دل کی آواز
جینے کا مقصد لکھ کر وہ فورا بھاگی اور چھپ گئی

شاہ زین واپس آیا،،،مگر بے تحاشا چونکا،،سامنے نوٹ بک پر وہ تحریر،،،،
اس کے ماتھے پر گہرے بل آئے۔۔

سامنے والی نے یہ ادا بھی دل کی گہرائیوں میں اتاری۔۔۔

وہ ادھر ادھر دیکھے بغیر لاپرواہ سا اپنی نوٹ بک سے وہ پیج پھاڑ کر ڈسٹ بن کی نظر کر چکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سہانا کے چہرے پر سایہ سا لہرایا۔۔ مگر پھر دوبارہ گہرا مسکرائی

وہ تو بہت خاص تھا۔۔۔ عام لڑکوں کی طرح کیوں ری ایکٹ کرتا۔۔

اب وہ اپنی چیزیں اٹھا کر وہاں سے باہر نکلا

سہانا اس کے پیچھے لپکی۔۔۔

اب اس دشمن جاں کی ڈیٹیلز بھی تو نکلوانی تھیں۔۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_Wahiba_Fatima
Episode03…..#Surprise

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ چاروں لاہور آئے تھے۔۔۔
لاہور پہنچتے ہی انھیں فون پر بریفنگ دے دی گئی تھی کہ ان کا شکار کہاں چھپا ہے۔۔۔

سو وہ وہیں پہ چلے آئے۔۔۔۔
وہ لاہور کا ایک مشہور ترین واٹر پارک تھا۔۔

وہ ایک پبلک پلیس تھی جہاں بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ تھی۔۔
اسی بھیڑ میں سب سے پہلے مطی کو وہ آدمی نظر آیا۔۔ تو اس نے خاموشی سے ویر کو اشارہ کیا۔۔

اب وہ اس کا گھومتے ہوئے پیچھا کر رہے تھے۔ ویر کے وفادار آدمی بھی اس کے ساتھ تھے۔۔۔۔
آخر ویر کو موقع مل ہی گیا۔۔۔ جب وہ آدمی جینڈز ٹوائلٹ کی جانب گیا۔۔

ویر نے ازھاد کو اشارہ کیا۔۔
اور اس کے پیچھے گیا۔۔

ویر بہت خاموشی سے پارک کے جینڈز واش روم میں داخل ہوا تھا۔۔۔
وہ جو آؤٹنگ اور ہلے گلے کے بہانے یہاں بظاہر فرینڈز کے ساتھ آیا تھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب واش روم میں واش بیسن کے سامنے بظاہر اپنے ہینڈواش کر رہا تھا۔۔۔

مگر ایک گہری نظر ارد گرد تھی۔۔ شیشے میں سے اپنی بیک سائیڈ دیکھا۔
ٹارگٹ ٹھیک اس کی بیک سائیڈ پر تھا۔۔۔

ایک پل کو آنکھیں موندی۔۔۔۔ پھر بجلی کی سی رفتار سے اپنا خاص ہتھیار لیے پیچھے مڑ کر ٹارگٹ کی گردن پر لپٹایا اور اس کی مزاحمت سے بہت پہلے اس کی گردن کی ہڈیاں چٹخا دیں۔۔۔

اتنی ہی تیزی سے اسے باہر بنے ڈسٹ بن میں پھینکا تھا۔۔۔ وہ پھر اطمینان سے واش بیسن کے پاس آیا۔۔۔
پھر لاپرواہ سا پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے باہر نکلا دو آدمی سامنے سے آئے جنھیں بس آنکھ سے ہلکا سا اشارہ کیا۔۔۔

اور پھر وہ آدمی ڈسٹ بن گھسیٹتے اب پارک سے باہر لے جا رہے تھے۔۔
اسے یونہی تو نہیں اینا کونڈا کہا جاتا تھا۔۔ ثابت بندے نگل جایا کرتا تھا۔۔۔
بلکل غائب۔۔۔۔۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ازھاد نمیر اور مطربہ ویر کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔۔ جب ازھاد کو اس کا بہت پرانا دوست مل گیا۔۔۔ تو وہ اس سے باتیں کرنے لگا۔۔۔۔

تبھی وہاں ویر اطمینان سے سن گلاسز لگاتا واش روم سے باہر آتا دکھائی دیا۔۔۔

ازھاد کا فرینڈ نومی اس کی پرسنیلٹی اور آٹیٹیوڈ دیکھ کر پوچھ بیٹھا۔۔۔

ازھاد یہ کون ہے،،،،،،،؟

یہ،،،،،،،، ازھاد نے گہری سانس بھری،،،،

اس طوفان کا نام شاہ ذل سلطان ہے۔۔۔۔

مگر تم لوگ تو اسے ویر کہہ رہے ہو،،،،،،،، نومی الجھا

کیونکہ یہ اپنے ڈیڈ ویر کے نام سے جانا جاتا ہے۔۔۔۔ ازھاد نے کہا۔۔۔ ضدی، اکھڑ سر پھرا، منہ پھٹ اور بدتمیز۔۔۔۔۔ ازھاد نے فخر سے بتایا۔۔۔

نومی کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا۔۔۔۔۔ کچھ اور،،،،،،،،؟

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہاں۔۔۔۔۔۔۔بہت بڑا

Gamer.....Sharper.....

کبھی نہیں ہارتا،،،،،ٹوٹنا اور جھکنا نہیں سیکھا،،،،،،ہارنا اس کی سرشت میں نہیں،،،،،اور کوئی دنیا میں ایسا نہیں جو اسے ہرا سکے،،،،،اسی لیے تو اسے گیمر کہتے ہیں،،،،

ابھی ازھاد بول ہی رہا تھا کہ ان کی طرف آتے ویر کی ایک لڑکی سے زوردار ٹکر ہوگیی،،،،

اب لڑکی بری طرح چیخ چلا رہی تھی۔۔۔اور دو چار اور لڑکیاں اکھٹی ہو گئیں تھیں۔۔۔۔

ازھاد تمھارے گیمر فرینڈ کو ہماری ضرورت ہے کہیں پبلک پلیس پر پٹ نا جائے،،،،،نومی نے تمسخر اڑایا

اونہہہہہ۔۔۔۔وہ ویر ہے،،،ویر،،،،ابھی وہ لڑکی اس بات پر پچھتائے گی کہ دنیا پہ ہی کیوں آئی،،،کیونکہ وہ لڑکیوں سے نہیں الجھتا،،،،،مگر سامنے سے کوئی الجھے اسے بخشتا بھی نہیں،،،،دیکھتے جاؤ،،،،،،وہ ویر کے قریب گئے۔۔۔جو اسی اطمینان سے کھڑا اس لڑکی کی قوالی سن رہا تھا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مسٹر اندھے ہو کیا،،،، نظر نہیں آتا،،،، یہ سن گلاسز اتارو تو تمھیں دنیا نظر آئے،،،،، لڑکی چلائی۔۔۔۔ کوئی بگڑی امیر زادی تھی جو خواہ مخواہ اس ڈمپل بوائے کے گلے پڑ رہی تھی۔۔۔

مجھے تو نظر آ رہا ہے محترمہ۔۔۔ پہلے آپ خود کو سنبھالیں،،،، جو بن پیے ہائی ہیل میں لڑکھڑاتی پھر رہی ہیں،،،،، ویر کا اطمینان قابل دید تھا۔۔۔ اس کی ہائی ہیل پہ ٹونٹ کیا جس میں وہ لڑکھڑائی تھی۔۔

شٹ اپ یو،،،،، میں سنبھال سکتی ہوں خود کو بھی اور اپنی ہائی ہیل کو بھی تم۔۔۔۔

سچ میں،،،،،،، مجھے نہیں لگتا کہ کوئی بھی چیز ڈھنگ سے سنبھال سکتی ہو کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو سب سے پہلے تم اپنے انڈر ڈریس کی سٹیپ سنبھالتی جو کہ نظر آ رہی ہے۔۔۔۔ ویر اطمینان سے بولا۔۔

مگر اب اس لڑکی کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں مل رہی تھی جو بھونچکا سی خفت سے لال ٹماٹر چہرہ لئے ویر کو کوس رہی تھی،،، بدتمیز،،، منہ پھٹ،، کمینہ،،،، وہ فوراً کھسک گئی۔۔۔

ازھاد نومی اور دوسرے فرینڈ منہ کھولے اسے دیکھتے رہ گئے
جبکہ وہ اطمینان سے سن گلاسز سمیت اسی ڈریس میں واٹر پول میں اتر گیا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Search on Google (Urdu Novels Ghar)

For Read More Novels Famous Category Base Like

Rude Hero Based Urdu Novels List PDF

Feudal System Based | Wadera based | Jagirdar based

Kidnapping Based Urdu Novels List Download PDF

Hero Politician Based Urdu Novels List Download PDF

Super star based urdu novels List Download PDF

https://urdunovelsghar.pk/

https://urdunovelsghar.com/

یہ جانے بغیر کہ کوئی جتنا مرضی بڑا Gamer ہو۔۔۔

جب عشق کا نقطہِ پرکار دلوں کے گرد محبت کا دائرہ کھینچتا ہے تو۔۔۔۔ ساری زندگی گھومتے رہو گول گول کہیں سکون کا کونا نہیں ملتا۔۔

تب انسان ٹوٹتا بھی ہے۔۔جھکتا بھی ہے اور سب سے بڑھ کر ہارتا بھی ہے۔۔۔۔

وہ اپنا کام مکمل کر چکے تھے۔۔۔۔ پھر بہت جلد واپسی کی راہ لی۔۔

وہ ہیڈ آفس میں کامیاب داخل ہوئے تو کرنل وسیم دیکھ کر مسکرائے۔۔

ان کو جو شخص مطلوب تھا وہ پہلے ہی ان تک پہنچا دیا گیا تھا۔ اور کسی کو کان و کان خبر بھی نہیں ہوئی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Well-donemyboy..
کرنل وسیم شازونادر ہی کسی کی تعریف کیا کرتے تھے۔۔
مگر شاہ زل کے کام سے متاثر ہوئے بغیر بھی نہیں رہ پائے تھے۔۔

ان کے اشارہ کرنے پر شاہزل اور مطربہ ان کے سامنے بیٹھ گئے جبکہ ازھاداور نمیرا ان کے پیچھے بیٹھے تھے۔۔۔

اب جس مشن کے لئے تمھیں منتخب کیا ہے اسے غور سے سننا اے سی پی،،،،،،،، بڑا نقصان ہوگیا ہے،،،، کسی نے ISI کے ہیڈ کوارٹرز سے ایک مائیکروچپ چرائی ہے جس میں بہت حساس انفارمیشن ہے۔۔۔۔ وہ مائیکروچپ اگر دشمن کے ہاتھ لگ گئی تو بہت بڑا نقصان ہوگا۔۔ ہمیں وہ چاہیئے کسی بھی صورت۔۔ کسی بھی حال میں،،،، کسی بھی قیمت پر،،،،،

وہ چاروں بڑی توجہ اور غور سے ان کی باتیں سن رہے تھے۔۔۔

اور اتنا ہی نہیں ایک عرصے سے وومن ٹریفکنگ کی شکایات مل رہی ہیں،،،، بہت سٹرونگ نیٹ ورک ہے،،،،، اور بہت خاص سورسز سے یہ پتہ چلا ہے کہ مائیکروچپ چرانے والے اور یہ وومن ٹریفکنگ ایک ہی نیٹ ورک سے جڑے ہیں۔۔۔۔ ان کا کیا مقصد ہے ابھی یہ بھی نہیں پتہ،،،، مگر

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وقت سے پہلے ان کا سر کچلنا بہت ضروری ہے۔۔۔۔۔اس نیٹ ورک کا تعلق دو ممالک سے جڑا ہے،،،ایک دبئی دوسرا ترکی تیسرا لندن شہر سے تعلق ہے،،

کرنل وسیم سانس لینے کو رکے،،،،جہاں تک مائیکروچپ کا تعلق ہے اسے چرا کر ترکی لے جایا گیا،،، اب تم لوگ سر دھڑ کی بازی لگا دینا،،،اسے واپس لانے میں،،،اور اس نیٹ ورک کا پتہ لگانے میں،،،ہو سکے تو چپ سمیت سلامت واپس لانی ہے،،،سمی سلامت واپس نا بھی لا پائے تو اسے سپوئل کر دینا،،،،،جان دینی پڑے تو دے دینا،،،،،

کرنل وسیم کے لہجے میں ایک عزم ایک ہمت ایک تھا جو کہ ان کی رگوں میں غازی یا شہید ہو کر لوٹنے کا جوش و جذبہ بھرے دے رہا تھا۔۔۔۔۔

شاہ زل کی آنکھوں میں خاص چمک تھی۔۔۔

بہت کم وقت ہے تم لوگوں کے پاس،،،،،اسی لئے فوراً تیاری شروع کر دو۔۔۔
آرڈر دے دئے جائیں گے کہ کب جانا ہے،،،اور مشن پورا کیے بغیر لوٹ نہیں پاؤ گے،،،اب بولو کر پاؤ گے آپ

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کرنل وسیم کے لہجے میں چیلنج تھا،،

شاہ زل کا اطمینان اب بھی قابل دید تھا،،، وہ یونہی تو نہیں قوم کا سپاہی بنا تھا،،، اس ملک کے لئے اس کی سرزمین اور عزت و توقیر کی حفاظت کیلئے جان دینے کا جزبہ لیے بیٹھا تھا دل میں۔۔

سر آپ بھروسہ رکھیں یا تو دشمن کو شہہ مات دے کر لوٹے گے یا جان دے کر،،،، شاہ زل نے کہا

سر آپ نے ہم پر جو بھروسہ کیا ہے وہ ہم کبھی ٹوٹنے نہیں دیں گے،،، یقین کریں،،، مطربہ نے بھی اطمینان سے کہا۔۔۔

گڈ،،،، ازھاد اور نمیر اتم لوگوں کے ساتھ جائیں گے،،،،، یو مے گو ناؤ۔۔۔۔

یس سر،،، وہ کہتے باہر آ گئے۔۔۔۔

شاہ زل نے ان سے چند ضروری باتیں کیں۔۔۔ اور واپسی کے لیے روانہ ہوئے۔۔۔۔

سلطان مینشن میں گاڑی داخل ہوئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شام کے سایے گہرے ہو چکے تھے،،،
لاؤنج میں داخل ہوئے تو سب وہیں موجود تھے۔۔

سب کو دیکھ کو تھکاوٹ سیکنڈوں میں اڑنچھو ہو چکی تھی۔۔روپ دادو اور حاتم بھی وہیں موجود تھے۔۔
شاہ زل ان کے پاس بیٹھ کر باتوں میں مگن ہو گیا جبکہ مطی اپنے روم میں فریش ہونے چلی گئی،،،

لندن میں جے ولا میں ایک ریڈ لائٹ ڈارک روم میں تین نفوس ٹیبل پر بیٹھے تھے..
وہیل چئیر پر موجود جولی اور دو آدمی...ایک زبیر اور دوسرا جولی کا وفادار آدمی کارل

دروازہ نوک کر کے آنے والے شخص نے ایک پیکٹ اور دو فوٹو ٹیبل پر رکھی...

میم یہ ان کی پکس ہیں اور تمام ڈیٹیلز اس پیکٹ میں ہیں...اپنے گھر والوں کی نظر میں یہ بزنس مین شاہ زل سلطان ہے...مگر وہ ایک CID آفیسر ہے...اور دنیا شاہ ویر سلطان کہتی ہے اسے....جرم کی دنیا میں اینا کونڈا کہتے ہیں اسے..بندے یوں غائب کرتا ہے جیسے نمک کیا..ایک دم غائب...اور اب آپ کے کام میں سب سے بڑی رکاوٹ یہی ہے..یہ بھی اسی مائیکروچپ کے پیچھے ہے جسے آپ

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حاصل کرنا چاہتی ہیں... اور یہ کبھی ہارتا نہیں ہے.. اپنے مشن کو کامیاب کیے بنا چین سے نہیں بیٹھتا....

ٹھیک ہے تم جاؤ... جولی بھیانک تاثرات لئے پاس بیٹھے آدمی کی جانب گھومی....
دیکھا زبیر..... شاہ ویر سلطان کا بیٹا شاہ زل سلطان.... ہاہاہاہاہاہاہاوہ مکروہ قہقہے لگانے لگی...

زبیر.... لینا اور ڈائمن کو بلاؤ۔۔۔۔ وہ پھنکاری

لینا۔۔۔۔ مگر وہ کیا کرے گی۔۔۔۔ ڈائمن تو ٹھیک ہے مگر لینا.....؟ اتنے طاقتور اور شارپ آفیسر کو وہ کیسے ہینڈل کرے گی.... وہ ابھی تئیس کی ہے.. زبیر چونکا

ہاہاہاہاہاہاہا... زبیر اسی دن کے لئے تو میں نے اسے تیار کیا ہے..
تئیس سال.. پورے تئیس سال سے اسے تیار کر کے ایک ایسی زہر میں بجھی تلوار بنایا ہے جو سلطانز کو تباہ و برباد کرے گی...
بلا ہے وہ.... خوبصورت بلا..... جو اس خاندان کی خوشیاں نگل جائے گی... شاہ ویر سلطان اور اس کے بیٹے کی کمر اور اکڑ دونوں توڑے گی... جتنی نفرت اکیس سال میں..... میں نے لینا اور ڈائمن کے اندر سلطانز کے لئے بھری ہے اتنی کافی ہے ان کی بربادی کے لیے...

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آگ ہے وہ.... چالاک اور شاطر.... اس کے ساتھ ساتھ بری

بہت بری

Lina.....Badgirl

ہاہاہاہاہاہا

پاس بیٹھے اس کے خاص آدمی نے انٹر کام پر لینا کو بلانے کو کہا

کچھ ہی دیر میں وہ دروازے پر نمودار ہوئی...

اگر وہ اسے خوبصورت بلا کہہ رہی تھی تو سچ ہی تو تھا..

اگر خوبصورتی کی کوئی مثال تھی تو وہ لینا زبیر تھی...

چاندی کی طرح دمکتی وہ....

سرخ گھٹنوں سے نیچے تک سلیولیس فراک بلیک جینز کی پنڈلیوں سے بھی اونچی جینز کی ٹائٹس.... بلیک لونگ بوٹ.... کمر سے نیچے تک جھولتے کرلی گولڈن بال... ببل گم چباتی... ایک ہاتھ سے شولڈر پر پڑا اپنا کوٹ پکڑا ہوے لاپرواہی سے وہ بہت عجلت میں اندر آنے والی تھی..

گارڈ نے دروازہ کھولنے میں دیر لگائی... جس سے اس کے ماتھے پر بل آئے اگلے ہی لمحے اس کے لانگ بوٹ کی زوردار کک گارڈ کے سینے پر بجی... جس سے وہ دروازے میں دھاڑ سے لگا اور دروازہ کھلتا چلا گیا..

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یو فول... آئندہ یاد رکھنا کہ دروازہ کتنی جلدی کھولنا ہے... وہ انگلش میں پھنکاری.... وہ اندر آئی..

ہائے ڈیڈ... اس نے زبیر کو وش کیا...

..یس مام.... وہ ٹیبل کے سامنے کھڑی تھی.. اس عورت نے وہ فوٹو اور وہ پیکٹ اس کے آگے اچھالی..

تمھارا ٹارگٹ لینا.... جس کے لئے میں نے تمھیں تیار کیا

.وقت آگیا ہے.... کہ

اوکے مام..... وہ خونخوار نظروں سے تصویر میں موجود اس ڈمپل والے لڑکے کو نفرت سے گھورتی ہوئی بولی.. میرا ہوم ورک کمپلیٹ ہے... آپ ٹینشن نان لیں.. جلد ہی یہ آپ کہ قدموں میں ہو گا..

بس بتا دینا کہ یہ کب پلین کی گئی جگہ پر پہنچے گا...

ڈائمن کدھر ہے؟

نووری... میں اسے ڈیٹیلز بتا دوں گی.. آپ بے فکر ہو جائیں.. کہتی وہ اسی بے نیازی سے کوٹ بازوؤں پر لپٹائے وہاں سے نکلتی چلی گئی.....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہاتھ میں موجود پک کو پھر غور سے دیکھا۔
نظریں تصویر میں موجود اس مردانہ وجاہت سے بھرپور شخص کے ڈمپل پر پڑیں
اونہہ... یہ ایشین مرد کچھ زیادہ ہی ہینڈسم ہوتے ہے... مزا آئے گا ایک گیمر کے ساتھ کھیلنے میں...
اسے ہرانے میں..

وہ یہ ارادے باندھ رہی تھی یہ جانے بغیر کے... لینا... دی بیڈ گرل.. ایک ڈمپل نما گڑھے میں الجھ کر
یوں اوندھے منہ گرے گی.. کہ پھر کبھی سنبھل نہیں پائے گی..
کبھی نہیں.....

وہ ان کے بنائے گئے اسپیشل روم میں آئی تھی۔۔ڈائمن بھی وہیں تھا۔۔
جب اس نے پیکٹ کھول کر تمام ڈیٹیلز کے پیپر نکالے۔۔جو کہ انھوں نے ایڑھی چوٹی کا زور لگا کر
حاصل کیے تھے۔۔
ڈائمن کے آگے وہ تصویر بڑھائی۔۔

ڈائمن نے وہ پک ہاتھ میں لی اور غور سے دیکھی۔۔
مگر کچھ تو تھا اس پک میں،،،،،جس نے اسے بری طرح چونکایا تھا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاید وہ کانچ آنکھیں
پک کے پیچھے پک والی کا نام بڑی آب و تاب سے جگمگا رہا تھا

مطربہ شاہ زر سلطان۔۔

مطربہ تک تو ٹھیک تھا۔۔۔ مگر شاہ زر سلطان کے نام کو اس نے لہو ٹپکاتی خونخوار نگاروں سے گھورا۔۔۔

پھر دونوں ان کی ڈیٹیلز پڑھنے لگے۔۔۔

آج پھر میر سٹڈی میں کاٹ پر بیٹھا تھا۔۔
بھیگی پلکیں اور ہاتھ میں فریم،،،جس میں ایک ننھی سی جان کھلکھلا کر ہنس رہی تھی۔۔۔

حرم اپنے روم میں گئی تھی اسے دیکھنے مگر وہ نہیں تھا۔۔
بریک فاسٹ پر سب ویٹ کر رہے تھے

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور حرم کو پتہ تھا کہ اس دن میر کہاں ہو سکتا تھا۔۔

وہ خاموشی سے سٹڈی میں آئی،،، حسب توقع وہ وہیں تھا۔۔۔

شاہ میر،،،،، حرم نے قریب جا کر کندھے پر ہاتھ رکھا،، شاہ میر نے اپنے آنسو چھپانے کیلئے اپنا منہ حرم کہ وجود میں چھپایا

حرم نے محبت سے اس کے بال سہلائے۔۔۔بس کریں میر،،، جانے والوں کو کون روک پایا ہے آج تک،،،، حرم کا لہجہ بھی بھیگا

حرم کو پریشان ہوتے دیکھ بہت جلد میر نے اپنے آپ کو سنبھالا تھا۔۔۔اس سے الگ ہو کر پھر فریم کی طرف دیکھا۔۔
آج اگر میری گڑیا ربیع زندہ ہوتی تو بلکل مطی کی عمر کی ہوتی،،،، ہے ناں حرم

جی،،،، مگر اس کی اتنی ہی زندگی تھی میر،،، سنبھالیں خود کو،،، بھول جائیں اس حادثے کو،،،، میں نے تو خدا کی رضا پر صبر کر لیا،،،، آپ بھی کر لیں میر،،، اور ویسے بھی خدا نے ہمیں شاہ زین اور چھوٹی ربیع سے بھی تو نوازا ہے،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حرم کے کہنے پر میر نے اثبات میں سر ہلایا۔۔ تبھی ڈور ہلکا سا ناک ہوا
اور شاہ زین اندر داخل ہوا۔۔۔

مما ڈیڈ آجائیں اب،،، سب ویٹ کر رہے ہیں،،،،

اوکے شیر،،،، چلو ہم آتے ہیں،،، میر نے مسکرا کر کہا،،
وہ سویٹ سی سمائل دیتا واپس چلا گیا

بریک فاسٹ پر سب تھے،،، روپ اپنے فیورٹ پوتے شاہ زین کی بلائیں لے رہی تھی
شاہ زل سے برداش نہیں ہوا

کم آن دادو یار،،، ہم پر بھی نظرِ کرم فرمالیں،،، آخر ایک زمانہ ہینڈسم اور دیشنگ کہتا ہے ہمیں
بھی،،،،

ہونہہ یہ منہ اور مسور کی دال،،، دادو آپ کو پتہ ہے کل لاہور میں میں لڑکیاں اسے ڈوریمون کہہ رہی
تھیں،،،،، مطربہ نے شوشہ چھوڑا،،، اور اپنی بات بتائی کیونکہ وہ خود اسے یہی کہتی تھی
جس سے وہ اتنا ہینڈسم بندہ اچھا خاصا چڑھتا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور آپ کو پتہ ہے دادو مطی کو سب وہاں چھوٹے بھیم والی چُھٹکی بول رہے تھے،،، شاہ زل بھی کونسا کم تھا تمام حساب بے باک کرنا جانتا تھا۔۔۔

حسب معمول جنگ چھڑ چکی تھی

دونوں زور شور سے لڑنے میں مصروف تھے۔۔۔

میں ہون ایک روبو،،،،،،،،ڈوریمون،،،،مطی لہک لہک کر گانے لگی

چُھٹکی لڈو دینا زرا،،،،،،،،مجھے طاقت چاہیے

شاہ زل نے جلتی پر تیل ڈالا

سب کے چہرے ہنسی ضبط کرنے کے چکر میں سرخ پڑ چکے تھے۔۔

بڑے پاپا اب اور برداشت نہیں کر سکتا،،،،شاہ زین اچانک اونچی آواز میں ویر کو مخاطب کر کے بولا تو سب خاموش ہوئے۔۔سوالیہ نگاہوں سے شاہ زین کو دیکھا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس سے پہلے کہ مطی آپو کے بھونپو سے میرے کانوں سے لہو ٹپکنے لگے میں تو چلا،،،،،

مطی جو لہک لہک کر ڈوریمون سونگ گا رہی تھی،،، بے تحاشا چونکی۔۔۔ سمجھ آنے پر اپنی چپل نکالی تھی شاہ زین کا نشانہ لینے کو۔۔۔۔۔

مگر وہ اس سے پہلے ہی مطی کی فلائنگ چپل کی پہنچ سے دور ہوا

کھسک چکا تھا

سب قہقہے لگا کر ہنسے تھے

مطی غصے میں واک آؤٹ کر چکی تھی۔۔۔۔۔

شاہ زین یونی میں اپنی گاڑی سے اترا

سہانا آج وقت سے بہت پہلے آ کر ایم ایس سی کے ایک چور سٹوڈنٹ کی تمام ڈیٹیلز نکلوا چکی تھی۔۔۔

جس نے بڑی دیدہ دلیری سے اس کا چین سکون برباد کر دیا تھا۔ نیندیں چھین لیں تھیں۔۔۔ انگاروں پر گھسیٹ لیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کی جانب دھیمے قدموں سے چلتا جا رہا تھا۔۔ مگر آج کچھ عجیب سا بھی محسوس ہو رہا تھا۔۔

یوں لگتا تھا کہ کسی کی نگاہوں کے حصار میں ہے۔۔ وہ پھر بھی لاپرواہ سا اپنے ڈیپارٹمنٹ میں آیا

اپنی کلاس میں آ کر اپنے مخصوص ٹیبل پر بیٹھا۔۔۔۔
حمزہ اور فارس ابھی نہیں آئے تھے۔۔
بلکہ ابھی چند ایک سٹوڈنٹس ہی تھے جو کلاس میں تھے۔۔
اپنی بکس ٹیبل پر رکھتا وی بے تحاشا چونکا تھا

کسی نوکیلی چیز سے اس کی ٹیبل پر بڑی آب و تاب سے جگمگا رہا تھا

تم میرے،،،، صرف میرے ہو کہ رہو،،،،،SS

اسے ہنسی بھی آئی اور غصہ بھی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہنسی کسی کی انتہائی بچکانہ حرکت پر،،،،، غصہ اس بات پر کہ یقیناً اس کی یہ لھلی اس کے دوست اڑانے پر تلے بیٹھے ہیں

وہ اگنور کرتا بیٹھ گیا
مگر سامنے بورڈ پر نظر پڑی تو بھونچکا ری گیا

سامنے بورڈ پر بھی یہی جملہ لکھا گیا تھا۔۔۔
اب اسے صرف فارس اور حمزہ کے آنے اوران کی خبر لینے کا انتظار تھا۔۔۔۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_Wahiba_Fatima
Episode4...

لینا اور ڈائمن اپنے مخصوص سیکرٹ ڈیپارٹمنٹ میں موجود تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

لینا ایک بہت بڑے آئینے کے سامنے بیٹھی چیئر پر بیٹھی برے برے منہ بنا رہی تھی۔۔

جبکہ جینیفر اس کے بالوں پر اپنا کام کرنے میں مصروف تھی۔۔

پاس ہی ڈائمن بیٹھا تھا۔۔
اس کے لیے بھی لینا نے جینیفر کی ہی خدمات لینی تھی۔۔۔
بلکل پاس ہی لینا کی ایک بہت خاص ایجنٹ مارتھا کھڑی تھی۔۔

مارتھا،،،، تم جینیفر کو حلیہ بتاؤ اس کا۔۔

قد آپ کے جتنا،،،،، براؤن بہت لمبے بال،،،، نیلی آنکھیں،، کمپلیکشن وائٹ ہے۔۔۔ مگر آپ کے جتنا نہیں لینا۔۔۔ آپ کو اپنا تھوڑا سا ڈارک کرنا پڑے گا
ڈریسنگ خالص پاکستانی ٹریڈشنل،،،،،

ڈیٹیلز بتاؤ مارتھا۔۔؟ لینا نے مصروف سا پوچھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ترکی کے شہر اینٹالیہ کی بیچ پر بھیڑ بھاڑ سے زرا الگ ایک چھوٹا سا کاٹیج ہے۔۔۔اس میں پاکستانی ماں بیٹی رہتی ہیں۔۔ماں نے ایک ترک سے شادی کی،،،بچی پیدا کر کے چھوڑ گیا۔۔۔اب ماں بہت بیمار ہے،،،،شاید کینسر ہے،پڑھی لکھی ہونے کے باوجود پاکستانی ہونے کی وجہ سے کہیں جاب نہیں ملی،،وہ بیچ پر ٹورسٹ کے لئے وِسل (بانسری) بجاتی ہے۔۔جس سے معقول معاوضہ مل جاتا ہے۔۔سب سے خاص بات اس کا چہرہ کبھی کسی نے نہیں دیکھا

اب اگر کوئی اس کی جگہ لے تو کوئی نہیں پہچان پائے گا،،،،،

نام،،،،،،،؟

نیناں درانی،،،،،

اور کوئی خاص بات،،،،لینا چھوٹی سے چھوٹی ڈیٹیلز بھی مس نہیں کرنا چاہتی تھی،،،

یس میم،،،،،وہ گونگی ہے،اور آس پاس کہ سب لوگوں کو پتا ہے کہ وہ بول نہیں پاتی،،مارتھا نے ڈرتے ڈرتے بتایا کیونکہ وہ اتنی اہم بات سب سے اینڈ میں بتا رہی تھی۔۔

اس کی اس بات پر لینا بے تحاشا چونکی۔۔۔ایک سرد سی آہ بھری

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

چلو یہ بھی بہت اچھا ہے۔۔۔کہ مجھے ایک گونگی کی صرف ایکٹنگ کرنی پڑے گی،،،،، نہیں تو وہ پاکستانی چالاک ایجنٹ میری انگلش ملی اردو سن کر سیکنڈوں میں پکڑ لیتا۔۔۔

اب مارتھا غور سے سنو۔۔۔کل جب ہم ترکی پہنچیں تو رات کے اندھیرے میں بہت خاموشی سے ان ماں بیٹی کو وہاں سے ہٹا دینا،،،یہیں لندن لے آنا،،،ماں کا علاج کروانا اور بیٹی کو جاب دلوانا۔۔۔۔ اس کی ماں کی جگہ میری ہائر کی گئی عورت اس گھر میں پہنچ جائے گی اور نیناں درانی کی جگہ میں خود،،،،، سمجھیں،،،،،اور اس بات کی کسی کو کان و کان خبر نا ہو۔۔۔

جی میم ایسا ہی ہو گا

ڈائمن جو کہ کب سے ان کی یہ گفتگو بڑے غور سے سن رہا تھا لینا سے مخاطب ہوا،،،،

لینا کیا چل رہا ہے،،،مما کا اور تمھارا کیا پلان ہے زرا مجھے بھی تو پتہ چلے،،،ابھی تک مجھے ڈیٹیلز کیوں نہیں بتائیں تم نے،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کیپ کالم برو،،،، بتانے لگی ہوں،،،

مما کا پلان یہ ہے کہ ہم نے ان کی ایک مائیکرو چپ چوری کروائی ہے،،، مگر وہ ابھی پاکستان میں ہی ہے،،،، ہمارے ہاتھ نہیں لگی۔۔ مگر ان کو لگتا ہے کہ وہ ترکی میں ہے،،،، تو انھوں نے ہمارے ٹارگٹس کو ہائر کیا ہے مائیکرو چپ ڈھونڈنے کے لئے،، اسی لئے ہم بھی ترکی جانے والے ہیں،،، کیونکہ وہ بہت جلد دونوں ترکی آنے والے ہیں،، ہمارے فیک بندے انھیں اپنے تعاقب میں بھگائے گیں،،،، تب تک ہم نے انھیں اپنے جال میں پھانسنا ہے،،

جب تک وہ مائیکرو چپ ہمارے ہاتھ لگ جائے گی تو دشمن بھی ہمارے قدموں میں ہوگا۔ جنھیں ہم دردناک موت دیں گے۔۔۔

ایک تیر سے دو شکار،،،، چیک اینڈ میٹ۔۔۔۔

لینا نے تفاخر سے کہتے آنکھ ونک کی۔۔۔۔۔

انھیں اپنے جال میں پھنسانے کے لئے ایک بڑا گیم پلان کیا ہے میں نے،،، میں اس نینان درانی کو وہاں سے ہٹا کر خود اس کی جگہ لینے والی ہوں،، ہمارے بندے اسے اس بیچ تک لے کر آئیں گے ،،،، وہاں سے میں اس کی توجہ حاصل کروں گی،،، اتنے عرصے سے یہ جھنجھٹ اسی لیے تو پال رہی

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تھی،،،،اس نے بیزاری سے کہتے بے تحاشا لمبے بالوں کی طرف اشارہ کیا جنھیں اب وہ لائٹ گولڈن سے ڈارک براؤن کروا رہی تھی۔۔

جینفر آنکھوں کا کلر تو چینج ہو جائے گا مگر سکن کا کلر چینج رکھے رکھنے کے لئے تمھیں میرے ساتھ رہنا ہو گا۔۔

اور اب یہ بھی بتا دو میرے لئے کیا سوچا ہے،،،ڈائمن نے گہری سنجیدگی سے لینا سے پوچھا۔۔۔

تم اپنے رئیل نیم اریش سے اس کے سامنے ایز آ ٹورسٹ جاؤ گے۔ڈائمن نیم تو تمھارا انڈرورلڈ لوگوں کے لئے ہے۔۔اس کے سامنے اپنے رئیل نیم سے جاؤ گے فیک ریلیشن شپ بنانے کے لئے،،،،۔اور جلد از جلد اسے پھنساؤ گے،،،،وہ اطمینان سے بولی۔۔۔

اور اگر انھیں بھنک لگ گئی یا چپ ان کے ہاتھ لگ گئی،،،،؟

ایسا کچھ نہیں ہونے والا برو۔۔۔میں ہونے نہیں دوں گی میرا ہوم ورک کمپلیٹ اور پرفیکٹ ہے،،،، پتہ لگ بھی گیا تو اسی وقت شوٹ کر دیں گے دونوں کو،،،اسے کے لہجے میں نفرت تھی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Search on Google (Urdu Novels Ghar)

شاہ زین تن فن کرتا سلطان مینشن سے جا چکا تھا،، سلطان مینشن واپس نا آنے کے لئے،،،

حاتم مینشن پہنچا تو روپ اس کا رویا چہرہ دیکھ بہت پریشان ہوئی مگر وہ خود کو،، وہاں موجود اپنے کمرے میں بند کر چکا تھا۔۔

روپ نے بھی کریدنا ضروری نا سمجھا۔۔ اور پھر کچھ ہی دیر بعد حرم اور میر چلے آئے اس کے پیچھے وہ شاہ زین کے روم کی جانب آئے۔۔

دروازہ ناک کیا مگر وہ ٹس سے مس نا ہوا۔۔

لاک کھلا تھا۔۔ وہ اندر آ گئے۔۔ وہ بیڈ پر اوندھے منہ لیٹا ہوا تھا۔۔ اپنی مما اور ڈیڈ کو دیکھ کر سیدھا ہوا۔۔
حرم خاموشی سے پاس آ کر بیٹھی اور اس کا سر گود میں رکھا۔۔
میر بھی پاس آ کر بیٹھا،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آنسوؤں نے آنکھوں کی باڑ کو توڑا،،،، مما میں نے کچھ نہیں کیا،، وہ جھوٹ بول رہی تھی،،۔

ہمیں معلوم ہے شاہ زین،،، حرم نے اطمینان سے کہا۔۔
ہمیں تم پر پورا بھروسہ ہے شیر،،، اور بروکو بھی،، بلکہ سب گھر والوں کو،،، میر نے بھی اس کے سر پر بم پھوڑ

وہ اٹھ کر بیٹھ گیا اور شاکی نظروں سے اپنی ماں کو دیکھا۔۔
مما آپ نے مجھے تھپڑ مارا،،،،،

وہ تمھیں نہیں مارا تھا اس ضدی لڑکی کی ضد،، انا اور محبت کو مارا تھا،، اس کی روح کو جھنجھوڑا تھا،، تاکہ اسے اس کی غلطی کی سنگینی کا احساس ہو۔۔ حرم نے سکون سے کہا۔۔

ڈیڈ اس وقت آپ لوگوں نے مجھ پر بھروسہ نہیں جتایا،، شاہ زین نے پھر شکوہ کیا۔۔

وہ اس لئے کہ وہاں ایک بیٹی کا باپ موجود تھا جس کے پہلے ہی کندھے جھکے ہوئے تھے،، اس وقت اگر ہم کچھ کہتے وہ جیتے جی مر جاتا، اور یہی سمجھتا کہ ہم اپنے بیٹے کو بچا رہے ہیں، وہ بہت نیک اور

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نفیس انسان ہے اپنی بیٹی کی غلطی پتا چلتی تو شرمندہ ہوتا،، اس لئے ہم اور خاص کر ویر بروخاموش رہے نہیں تو وہ سب کچھ جھوٹ ثابت کرنا بروکے لئے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا،،، شاہ میر نے اطمینان سے کہا تھا اسے کچھ سکون ہوا،،،،،،

مگر پھر حیرت ہوئی،،، مما میں اسے اپنے روم میں لے گیا،، تو پھر آپ لوگوں نے جانے کیوں دیا،،،؟ وہ حرم کی گود میں منہ دئے شرمندگی سے بولا۔۔

کیونکہ مجھے اپنی تربیت پر پورا بھروسہ ہے،، حرم نے مسکرا کر اس کے بالوں میں ہاتھ دیا۔۔۔

اب ہمیں بتاؤ شروع سے کیا ہوا تھا۔۔ وہ اتنی کیوٹ اور خوبصورت بچی اتنی بڑی غلطی کیوں کر بیٹھی۔۔

اونہہہ کیوٹ بچی،،،،، آئی ہیٹ ہر مما،،،، وہ چڑ کر بولا اور ساری بات بتاتا چلا گیا۔۔

حرم اور میر کو بیٹے کی کیوٹ سی لو سٹوری سن کر بہت ہی زیادہ ہنسی آئی مگر صاحبزادے کے بگڑے تیور دیکھ کر عافیت اسی میں جانی کہ ہنسی دبائے رکھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب آگے کیا کرنا ہے شاہ زین،،،؟ حرم نے پوچھا تو اس نے برا سا منہ بنایا۔۔

کیا کرنا ہے مما،، آئی ہیٹ ہر،،،،، میں اس کی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتا۔۔۔

تو ٹھیک کچھ دن میں اسے اپنے پاس رکھوں گی تم یہیں حاتم مینشن میں رہنا،،، اسے ایک ماں کی تربیت کی ضرورت ہے،، حرم نے کہا تو اس کا پھر منہ کڑوا ہوا۔۔

مما آپ اس کی وجہ سے مجھے خود سے دور کریں گی،،

نہیں تمھاری وجہ سے،، حرم نے معنی خیز سا کہا۔۔

مجھے کوئی پرواہ نہیں اس کی،، وہ لاپروائی سے بولا۔۔

اوکے ٹھیک ہے،، مگر ہمارے کہنے پہ تھوڑا کمپرومائز کر لو،،
میر نے کہا تو وہ خاموش ہو گیا۔۔
میر اور حرم کافی دیر اس کے پاس رہے پھر چلے گئے۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ کاٹیج لوٹا تو کامیاب لوٹا تھا
دشمن کو بھی ڈاج دینے میں کامیاب ہوگیا۔۔

جب ویر نے اس آدمی کو سمندر میں پھینکا تھا اصلی چِپ اپنے آدمیوں کو تھما دی تھی۔۔اور نقلی خود رکھ لی۔۔

پتہ تھا دشمن کسی بھی طرف سے حملہ کر سکتا ہے،،اوراب وہ مطی کے پاس آیا تھا۔۔۔

کیسی طبعیت ہے تمھاری،،،؟

ہمم ٹھیک ہوں،،، مطی چونکہ میڈیسنز لے چکی تھی تواب کچھ بہتر تھی۔۔

سنو مطی،،، کل ہمیں نکلنا ہے یہاں سے،، مگر میں چاہتا ہوں کہ یہ چِپ تم سنبھالو،،، کیونکہ آج ہم سب دشمن کی نظر میں آ چکے ہیں،، مگر تم،، تم سے ناواقف ہیں،، اب جان دے دینا مگر یہ چِپ نہیں دینا کسی کو،،، میں یہ امانت تمھیں سونپتا ہوں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر نے باکس مطی کی جانب بڑھایا۔۔
مطی نے باکس لے کر اس میں سے چپ نکالی۔۔ باکس الماری میں چھپا دیا مگر چپ نکال کر بلکل چھوٹے سے پلاسٹک میں لپیٹ کر اسے اپنی فراک کی پہلو میں موجود سیکرٹ پاکٹ میں رکھ لیا۔۔

اپنا خیال رکھنا،، ویر کہتا اس کا کندھا تھپتھپا کر اپنے روم میں آگیا۔۔
تبھی نیناں کا میسج آیا۔۔

کدھر ہو؟

کیوں یاد آرہی ہے؟ 😜
جوابی میسج پڑھ کر نیناں گڑبڑائی۔۔۔

اونہہہ مجنون کی اولاد۔۔ پھر جواب دیا۔۔

ویر ہنسا،، جواب دیا،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

رائٹ میرے ڈیڈ ایک بہت بڑے مجنوں ہی ہیں،، پر سوچ رہا ہوں میرے بچے کیا ہوں گے مجنوں یا رانجھے،،،

ویر نے پھر چھیڑا۔۔ نیناں کے ہاتھوں میں واضع لرزش تھی۔۔ مگر اپنا مقصد بھی پورا کرنا ضروری تھا۔۔

میں فری ہوں،، کچھ دیر کے لئے آجائیں پھر ڈنر اکٹھا کرتے ہیں۔۔
نیناں نے میسج کیا،، کچھ دیر بعد ہی ریپلائی آگیا۔۔

اوکے ابھی آیا۔۔

ویر کہتا اٹھا،، اور گاڑی لے کر نکلا۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

رات کی تاریکی میں چند ہیولے بے تحاشا خاموشی سے کاٹیج میں داخل ہوئے تھے۔۔
بلیک ڈریس اور بلیک ماسک۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ان میں سے ایک اطمینان سے چلتا مطی کے روم کی طرف آیا۔۔ کھڑکی پھلانگ کر اندر داخل ہوا تو وہ بے خبر میڈیسنز کے زیر اثر سو رہی تھی۔۔

وہ بیڈ کے قریب آیا۔۔
نیند میں بھی کچھ غیر معمولی لگا تو پٹ سے آنکھیں کھولیں تھیں مطی نے۔۔

ملگجے سے اندھیرے میں کوئی ہیولہ کمرے میں نظر آیا تو اس نے چلانے کو منہ کھولا۔۔

جو کہ سامنے والے نے بجلی کی سی تیزی سے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ اس کی آواز کا گلا گھونٹا۔۔
تب مطی کو اپنی گردن میں سوئی سی چبھتی محسوس ہوئی۔۔

یہ جو بھی تھا بلکل ٹھیک نہیں تھا۔۔ ویر بھی نہیں تھا نہیں تو وہ تو خطرے کو بھانپ لیتا۔۔
مطی جلد ہی بے ہوش ہو کر اس کی بانہوں میں جھول گئی تب اس نے اپنا ماسک اتارا۔۔

اریش نے مسکرا کر اس دشمنِ جان کو دیکھا۔۔ جو نیلی فراک میں اسے نیلی پری لگ رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہیے بیری،،، تمھیں دنیا سے چرانے کا وقت آگیا ہے بے بی گرل،، وہ بے خود سا ہو کر اس کے نرم و گداز لبوں پر جھکا۔۔

دل تھا کہ بھرتا نہیں تھا،، روح تھی جو سیراب نہیں ہو پا رہی تھی۔۔

کافی دیر خود کو سیراب کرنے کے بعد وہ پیچھے ہٹا اور اسے بازوؤں میں بھرا۔۔

ابھی بھی اریش کی نظر اس کے چہرے کے ہر نقش کو چوم رہی تھی۔

پاگل کر دو گی مجھے بیری تم،،،،،،

وہ کہتا اسے باہر لایا۔۔

پھر جتنی خاموشی سے وہ لوگ کاٹیج میں داخل ہوئے تھے۔۔اپنا مقصد پورا کر کے اتنی ہی خاموشی سے وہاں سے چلے بھی گئے۔۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر واپس لوٹا،، تو ایک قیامت آ کر گزر چکی تھی۔۔

اسے بہت جلد کچھ غلط ہونے کا احساس ہو گیا تھا۔۔
وہ مطی کے کمرے کی جانب آیا چیک کرنے۔۔

مطی۔
،،، مطی، کمرہ خالی تھا،،، واش روم کے پاس گیا۔۔
چھٹکی،،، وہ جھنجھلا کر چلایا۔۔
مگر جواب ندارد۔۔ ہلکا سا ڈور کو پش کیا کھلتا چلا گیا۔۔ وہ بھی خالی تھا۔۔
چند لمحوں میں کاٹیج سر پر اٹھا لیا تھا اس نے ازھاد اور نمیرا شرمندہ سے کھڑے تھے۔

اور وہ بے حد پریشانی سے بالوں میں ہاتھ پھیر رہا تھا۔۔

Sssssshhhhhiiiittttttt

گئی کہاں وہ،،،،؟ زمین کھا گئی کہ آسمان نگل گیا،، وہ دھاڑا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ان کیمروں کے علاوہ جو باہر لگے ہیں دوسرے خفیہ کیمرے چیک کرواؤ ابھی۔۔

شہباز نے جلدی سے کیمرے کھولے،،ملگجے اندھیرے میں کچھ ہیولے اندر آتے اور مطی کو اٹھا کر باہر جاتے دکھائی دئے تو ویر کے سر پر آسمان گرا۔
یہ جان کر کہ وہ کڈنیپ ہو چکی ہے۔۔

افففففف

آدھی رات کو شاہزر،،ویر اور میر سٹڈی میں تھے جب جونئیر کا فون آیا۔۔
یا اللہ خیر،،،ویر نے کہتے کال اٹینڈ کی مگر سامنے سے جو سننے کو ملا وہ اس کے سر پر بم پھوڑنے کو کافی تھا۔۔

جونئیر تم کدھر تھے،،،اسے تمھاری زمہ داری پر بھیجا تھا ہم نے،،اتنی بڑی لاپروائی کیوں کی،،ویر دانت پیس کر بولا

شاہ زر تڑپا۔۔۔کیا ہوا بگ بی،،،پلیز بتائیں مجھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مطی کی کڈنیپ کرلیا کسی نے،، شاہ زر کے پاؤں تلے سے زمین کھسکی۔۔
جو نئیر شرمندہ سا چند اور ضروری باتیں بتا کر فون بند کر چکا تھا۔۔
شاہ زر نے سر پکڑا اور کاٹ پر ڈھے گیا۔۔

حوصلہ کرو یار کچھ نہیں ہوگا ہم چلتے ہیں ان کے پیچھے،، ویر نے کہا۔۔

نہیں بگ بی آپ نہیں میں خود جاؤں گا۔۔

میں جلتا ہوں تمہارے ساتھ۔۔ میر بے چین ہوا۔۔

نہیں اگر اکٹھے گئے تو حبہ کو شک ہو جائے گا،، میں نہیں چاہتا اسے بھنک بھی لگے اور ایک نیا طوفان کھڑا ہو جائے،، اسی لئے فی الحال میں جاؤں گا۔۔ لندن بزنس ڈیل کا بہانہ کر کے،،

اوکے جاؤ تیاری کرو۔۔ میں دیکھتا ہوں اگر ابھی کی کوئی فلیٹ ہے چار گھنٹے لگے گے صبح تک تو پہنچ جاؤ گے۔۔

اوکے بگ بی،،،، وہ کہتا اپنے روم کی جانب آیا دل جیسے کسی نے مٹھی میں جکڑ لیا تھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور چھٹی حس کہتی تھی کچھ برا ہونے والا ہے۔۔۔۔

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode 15..

مطی کی آنکھ کھلی۔۔ سر شدید بھاری ہو رہا تھا۔۔
اس نے اٹھنے کی کوشش کی مگر نقاہت سے جسم چور، وہ واپس نڈھال سی بیڈ پر ڈھے گئی۔۔

کنپٹیاں سہلائیں اور یاد کرنے کی کوشش کی کہ ہوا کیا تھا۔۔
سب یاد آنے پر اس کے رونگٹے کھڑے ہوئے تھے تڑپ کر اٹھی۔۔ اور سب سے پہلے اپنے وجود کو دیکھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جو بالکل محفوظ تھا پھر ارد گرد کا جائزہ لیا،، بہت خوبصورت کمرہ جس میں سامان کے نام پر بس ایک بیڈ اور منی فریزر رکھا ہوا تھا۔۔

وہ بوکھلا کر اٹھی۔۔اور دروازے کی جانب لپکی۔ دروازہ ہر طرح سے کھولنے کی کوشش کی،، سیکھے گئے طریقے بھی ٹرائی کیے مگر ناکام۔۔

کوئی ہے کھولو اسے،، وہ انگلش میں چلائی۔۔۔

یہ میرسن کی ایک بڑی سی کمرشل بلڈنگ کے بیسمنٹ کا ساؤنڈ پروف روم تھا۔۔۔۔جس بلڈنگ کو یوز کرنے کا اختیار صرف لینا اور ڈائمن کے پاس تھا۔۔۔۔
اریش اسے یہاں بائی ہیلی لے کر آیا تھا۔۔

اسی بلڈنگ کے ایک اور روم میں اریش اپنے موبائل میں اپنی ڈمپل گرل کی ایک ایک حرکت اس کا جھٹپٹانا گہری مسکان سے دیکھ رہا تھا۔۔

ٹھنڈی آہ بھری۔۔۔میری بیری اگر تم شاہ زر سلطان کی بیٹی نہیں ہوتیں تو اس وقت میری بانہوں میں ہوتیں،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر فون اٹھایا۔۔

ڈائل کیا،،، جو کہ دوسری بیل پر رسیو کر لیا گیا۔۔

یس سر،،

صبح کو کسی پبلک بوتھ سے فون کر دینا جیسے میں نے سمجھایا ہے۔۔

یس سر ہو جائے گا،، اور کوئی حکم۔۔ اور سر آپ کے لئے ایک اور نیوز ہے۔۔

کیا،؟ اریش چونکا۔۔

سر شاہ زر سلطان ترکی آیا ہے اپنی بیٹی کو ڈھونڈنے۔۔

اوہہہہ،، بریلینٹ،،، زبردست،، اچھی بات ہے اب وہ ہی آئے گا میرے روبرو،،، دیکھتے ہیں،، ہے کیا چیز،، جس نے میری ما کو برباد کیا،، میں اسے برباد کر کے خون کے آنسو رلاؤں گا،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش کی آنکھوں میں سے درندگی ٹپکی۔۔
سنو پلین چینج اب جیسے بولوں فون کر کے بلکل ویسے بولنا،،اوکے،،،

کہہ کر فون رکھا اور پھر اپنی بیری کی جانب متوجہ ہو گیا۔۔

مطی نے ہر طور کوشش کی مگر وہاں تو اس دروازے کے علاوہ کوئی آنے جانے کی راستہ تھا ہی نہیں۔۔

وہ تھک ہار کر بیڈ پر بیٹھی،، مگر روئی نہیں، مجھے اپنے آخری سانس تک یہاں سے باہر نکلنے کی کوشش جاری رکھنی ہے۔۔

وہ دل میں عزم لئے خاموشی سے بیڈ پر بیٹھ گئی اور کسی نقل و حرکت کے ہونے کا انتظار کرنے لگی۔۔

اس ایک رات میں ویر نے پورا انطالیہ چھان مارا تھا۔۔
مگر مطی کا کوئی سراغ نہیں مل پایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Search on Google (Urdu Novels Ghar)

For Read More Novels Famous Category Base Like

Rude Hero Based Urdu Novels List PDF

Feudal System Based | Wadera based | Jagirdar based

Kidnapping Based Urdu Novels List Download PDF

Hero Politician Based Urdu Novels List Download PDF

Super star based urdu novels List Download PDF

https://urdunovelsghar.pk/

https://urdunovelsghar.com/

صبح تک شاہ زر بھی ترکی ویر کے پاس پہنچ چکا تھا جنھیں دیکھ کر ویر پریشان ہوا اور شرمندہ بھی۔۔

سوری چھوٹے پاپا،،، میں مطی کا خیال نہیں رکھ سکا،، پتہ نہیں کیسے مجھ سے بھول ہو گئی،، اس کا چہرہ لہو ٹپکا رہا تھا،، بچپن کا ساتھ تھا اور اب اس کی فکر تھی جو چین نہیں لینے دے رہی تھی۔۔۔

نو اٹس اوکے جونئیر،، ڈونٹ وری،، بس اب یہ دیکھو کہ تمھاری چھوٹی ممی کو یہ بات پتا چلنے سے پہلے ہمیں مطی کو ڈھونڈنا کیسے ہے نہیں تو گنجا کر دے گی تمھیں وقت سے پہلے۔۔

شاہ زر نے جونئیر کی لٹکی شکل دیکھ کر اسے چِل کرنا چاہا مگر کلیجہ تو خود کا بھی منہ کو آ رہا تھا اپنی پرنسز کا سوچ کر،،،

کوشش کر رہا ہوں،، آپ بیٹھیں۔۔ میں ابھی آتا ہوں،،، ویر شہباز کے پاس گیا تاکہ کیمروں میں ہر باریک سے باریک چیز دیکھ کر کوئی کلو ڈھونڈ سکے۔۔

مگر کچھ ہاتھ نہیں لگا۔۔

وہ پھر شاہ زر کے پاس چلا آیا،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ابھی کچھ بولتا کہ فون کی بیل بجی،، ان ناؤں نمبر تھا،، کڈنیپر کا بھی ہو سکتا تھا۔۔ وہ شاہزر کو اشارہ کرتا فوراً شہباز کے پاس آیا اور نمبر دکھا کر ٹریس کرنے کو کہا۔۔

کسی پبلک فون بوتھ کا نمبر تھا۔۔

شاہ زر بھی موجود تھا جب اس نے کال رسیو کر کے کان کو لگائی۔۔

ہیلو۔۔ ویر سلطان سپیکنگ،،،،

نو یو ناٹ،،،، یو آر شاہ زل سلطان سیکرٹ ایجنٹ،،،، اب غور سے سنو کیونکہ وقت نہیں میرے پاس، مجھے وہ مائیکرو چپ چاہیے جو تمھارے پاس ہے،،،، اپنی کزن زندہ سلامت چاہیئے تو وہ مائیکرو چپ مجھے دے دو،، نہیں تو اس کے ٹکڑے شام تک بھیج دوں گا تمھارے پاس،،،،

وہ اردو میں غرا کر بات کر رہا تھا،،

یو باسٹرڈ،، ویر کو آگ لگی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شٹ اپ شاہ زل سلطان،،، تم اس کنڈیشن میں نہیں ہو کہ مجھے کوئی گالی دو یا بات بھی کرو،، اب سنو مائیکرو چپ اپنے چچا شاہ زر سلطان کو دے کر میرسن بھیج دو،،، میرے بندوں کی تمہارے قدم قدم پر نظر ہے،،،، تم انطالیہ سے باہر نکلے تو اسی وقت مطربہ شاہ زر سلطان کا سر دھڑ سے الگ کر دوں گا سمجھے،،،،

اب اسے چپ دے کر باہر کھڑی بلو گاڑی میں روانہ کر دو ابھی اور اسی وقت،، کیونکہ نا تمہارے پاس سوچنے کا وقت ہے نا مطربہ کے پاس زندہ رہنے کے لئے،،

ویر نے ماتھا سہلایا۔۔۔اب اس کے پاس ان کی بات ماننے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا۔۔ مطی کی زندگی کا سوال تھا۔۔اور سپیکر وہ ازھاد اور نمیرا کو سنانے کے لئے کب سے آن کر چکا تھا تو شاہ زر بھی اس کی تمام گفتگو سن چکا تھا۔۔شاہ زر نے ویر کو تسلی دی،،

ٹھیک ہے میں بھیج رہا ہوں مگر اسے کچھ ہوا تو پورا ترکی جلے گا یاد رکھنا باسٹرڈ بزدل،،، کہہ کر ویر نے جان بوجھ کر فون رکھ دیا۔۔

چھوٹے پاپا غور سے میری بات سنیں وقت نہیں،، میں آپ کو باکس دوں گا مگر وہ خالی ہے کیونکہ چپ مطی کے پاس ہی ہے اور اسے پتہ ہے کہ وقت پڑنے پر اسے سپوئل کر دینا ہے،، آپ جائیں،،، میں یہاں سے نہیں نکل سکتا،، مطی کی زندگی کا سوال ہے،،، میں میرسن کی پولیس اور ہیڈ

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کوارٹرز سے رابطہ کرتا ہوں وہ وقت پر وہاں پہنچ جائیں گے،، آپ کے جوتے میں ٹریکنگ ڈیوائس چھپا رہا ہوں لوکیشن کے لئے،،، وہ کپڑے چیک کریں گے جوتے نہیں،،، آپ سمجھ گئے ناں۔۔

ہاں ویر میں سمجھ گیا ہوں،،،
ویر جلدی سے مطی کے روم میں گیا اور وہ باکس لے آیا،،،،

باکس پاکٹ میں رکھے شاہ زر باہر نکلا،، کچھ دوری کے فاصلے پر ایک بلو کلر گاڑی نظر آئی وہ اس میں بیٹھا تو دو آدمی اس کے دائیں بائیں دیکھے اور چیکنگ مشین سے اس کے کپڑے چیک کیے۔۔

انھوں نے شاہزر کے ہاتھ پیچھے باندھے اور آنکھوں پر پٹی باندھ دی۔۔
اب گاڑی تیزی سے چل رہی تھی۔

تقریباً آدھا گھنٹہ گاڑی چلنے کے بعد انھوں نے شاہ زر کو گاڑی سے نیچے اتارا اور ہیلی میں بٹھایا۔۔

اب ہیلی اپنی منزل کی جانب رواں دواں تھا۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سہانا بیڈ پر لیٹی پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی جب حرم روم میں داخل ہوئی۔۔

حرم کو سہانا کے لباس نے خائف کیا،، عجیب بے ہودہ لباس گھٹنوں تک ٹی شرٹ،، سلیولیس بازو اور بلکل چست سی ٹائٹس۔۔
گلے میں چھوٹا سا دوپٹہ۔۔۔

سہانا سیدھی ہو کر بیٹھ گئی مگر ہنوز روتی رہی۔۔ حرم آ کر اس کے پاس بیٹھی اور نرمی سے اسے سینے میں بھینچا۔۔

تو وہ اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔ حرم نے اسے گود میں لٹا کر اس کے سلکی براؤن بالوں میں ہاتھ پھیرا۔۔

جب وہ جی بھر کر سارا غبار نکال چکی تو حرم نے پوچھا۔۔

کیوں رو رہی ہو بیٹا،، فکر مت کرو وہ ٹھیک ہو جائے گا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آ،،،،، آنٹی،، مم،،،، میں،، نے،سسب،، جج،، جھوٹ بولا،، وہ پھر سے سسکی،،

جانتی ہوں۔۔۔ حرم اطمینان سے بولی،، سہانا کی آنکھیں صدمے سے ہھٹی رہ گئیں۔۔

ا،، آپ نے پھر بھی ان پر ہاتھ اٹھایا،،

وہ اسے نہیں تمھاری محبت کو لگا یا تھا،، یہ چیک کرنے کے لئے کہ یہ پیاری مگر گندی سی بچی میرے بیٹے سے کتنی محبت کرتی ہے۔۔ حرم نے اس کا گداز گال کھینچا تو وہ سوں سوں کرتی بلش کر گئی۔۔

ائم سوری آنٹی،،، اس کے چہرے سے لگ رہا تھا وہ اپنے کئے پر دل پر شرمندہ ہے۔۔

کوئی بات نہیں،،، نادانی میں ہو جاتی ہیں غلطیاں،، سہانا نے سر اٹھا کر اس عظیم اور نفیس عورت کے بلند ظرف کو دیکھا۔۔
خوبصورت ہاف وائٹ سے دوپٹے کو حجاب سٹائل لئے وہ بلکل فرشتہ سی لگ رہی تھیں۔۔

کیا دیکھ رہی ہو،،، حرم مسکرائی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یہی کہ شاہ زین بلکل آپ پر گئے ہیں،،،اس نے نظریں جھکا کر کہا۔۔

مگر تم اپنی مما پر بلکل نہیں،،،حرم نے اس کی ناک کھینچی۔۔

وہ تو جب میں بہت چھوٹی تھی تو گزر گئیں اس لئے میں ان جیسی نہیں بن پائی مگر اب میں آپ جیسی بننا چاہتی ہوں آنٹی۔۔۔
اس نے حسرت بھری آنکھوں سے ایک امید سے حرم کی طرف دیکھا۔۔

میرے بیٹے کا دل جیتنے کے لئے،،،حرم نے دانت تلے لب دبا کر چھیڑا،،،

نہیں آنٹی اپنے لئے،،،وہ پھر رو دی،،ان سے معافی مانگنے کے لئے،،

تو پھر مجھے آنٹی نہیں مما ہی بولو،،،اس شرط پر،،،حرم مسکرائی،،،

جی،،،مما،،سہانا کو یہ لفظ ادا کرنا سکون دے گیا،،مما وہ مجھے کبھی معاف نہیں کریں گے،،اسے نئی فکر لاحق ہوئی،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہمممم اس مسئلے کا بھی کوئی نا کوئی حل نکال لیں گے،،،

ویرا اپنے کاٹیج میں بے چین سا تھا جب موبائل پر نیناں کا میسج آیا۔۔

کسی نے گھر پر حملہ کیا ہے،، جلدی آئیں۔۔
وہ ازھاد اور نمیرہ کو اطلاع دے کر فوراً گاڑی لے کر نکلا،، جب نیناں کے گھر پہنچا تو باہر سے کچھ لوگ فائرنگ کر رہے تھے۔۔

اس کی جوابی فائرنگ سے وہ بھاگ چکے تھے۔۔
وہ جارحانہ تیور لئے اندر آیا۔۔ اندر بھی کچھ لوگ موجود تھے۔۔

اب وہ اپنی بیلٹ نکال چکا تھا۔۔ بہت جلد وہ اس کیلوں والی بیلٹ کی مار سے گھبرا کر بھاگ چکے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تبھی وہ بیلٹ چھوڑ کر نیناں کی جانب لپکا اور یہی وہ پل تھا جب اس کی بیلٹ ری پلیس کر دی گئی تھی
۔۔نیناں جو زمین پر زخمی حالت میں پڑی تھی۔۔اس کا سر گود میں رکھا۔۔

نیناں،،،نیناں،،،آنکھیں کھولو ڈیم اٹ،،اس نے آنکھیں کھولیں تو اسے خود پر جھکے پایا۔۔

کیا ہوا بتاؤ مجھے مگر وہ نفی میں سر ہلاتی اٹھی اور بڑی صفائی سے اس کی گنز بھی نکال چکی تھی۔۔
آخری داؤ دل پر پہاڑ جتنا پتھر رکھ کر کھیل رہی تھی۔۔کیونکہ دل کمبخت فل بغاوت پر اتر بیٹھا تھا۔۔

اس نے گنز وہیں صوفے کے نیچے سرکا کر فون اٹھایا اور میسج ٹائپ کیا۔۔

کچھ لوگ تھے،،،جینفر کو اٹھا کر لے گئے،،مگر میں نے پہچان لیا،،،وہ وہی تھا جو میرے ساتھ زبردستی
کرنا چاہتا تھا،،،میں نے مزاحمت کی تو جینفر کو لے گئے،،،میں چھپ گئی تھی ابھی نکلی باہر،،،،

اوکے چلو پھر،،وہ لوگ جینفر کو وہیں لے کر گئے ہوں گے جہاں تمھیں رکھا تھا۔۔
اس نے اثبات میں سر ہلایا اور ساتھ چل دی۔۔ویر نے اپنی بیلٹ اٹھائی اور باہر بھاگا،،

ویر نے تیزی سے ڈرائیونگ کی،،کچھ ہی دیر بعد وہ اسی جگہ پر تھے،،جہاں نیناں کو رکھا گیا تھا،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تم گاڑی میں ہی بیٹھی رہنا،، اور باہر نکلنے کی کوشش بھی مت کرنا سمجھیں،،، اس نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

وہ جارحانہ تیور لئے دھاڑ سے اندر داخل ہوا مگر اندر کوئی نہیں تھا۔۔
پھر اچانک،،،،،،، بہت سے لوگ اندر داخل ہوئے تھے۔۔ جن میں ایک آدمی بھی تھا،،

ویر کے سر پر چاروں طرف سے گن تانیں گئیں تھیں،،، اس نے اپنی سیکرٹ پاکٹ ٹٹول کر دیکھی مگر اس کی گنز وہاں موجود نہیں تھیں۔۔۔

اسے حیرت کے ساتھ ساتھ شاک لگا۔۔
مگر اس وقت وہ سب سے زیادہ پریشان ہوا تھا۔۔۔ جب بیلٹ نکالی تو وہ اس کی مخصوص بیلٹ نہیں تھی۔۔
بلکہ عام سی لیدر بیلٹ تھی۔۔

کیا ڈھونڈ رہے ہو شاہ ذل سلطان،،،،، زبیر پھنکارا۔۔ تبھی نیناں وہیل چیئر دھیکلتی وہاں آئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی اور آسمان سر پر گرا۔ جب نیناں نے بھی آ کر تمسخرانہ ہنسی کے ساتھ اس کے اوپر گن تان لی۔۔ اسے سمجھنے میں سیکنڈز نا لگے کہ اس ساری گیم پلان کے پیچھے کون تھا،،، کون اس کی ہار کا سبب بن رہا تھا،، کس نے اس کی گنز اور بیلٹ غائب کیں تھیں،،، اس کا دل جیسے کسی نے مٹھی میں جکڑ کر پاؤں میں مسلا تھا۔۔۔

تب جولی ویر کی جانب گھورتی بولی۔۔۔

اب تمھیں یہ الجھن ہوگی کہ میں کون ہوں۔۔۔ چلو مرنے سے پہلے آخری خواہش کہ طور پر میں بتا ہی دیتی ہوں کہ میں سلطانز کی جانی دشمن ہو پہلے تم مرو گے،،، جو کہ شاہ ویر سلطان کو گفٹ ہو گا میری طرف سے،،، پھر وہ تمھاری کزن مرے گی جو کہ شاہ زر سلطان کو گفٹ جائے گا۔۔۔۔
ہاہاہاہاہا۔۔۔ وہ پاگل عورت پاگلوں کی طرح ہنس دی۔۔۔

مگر ویر لہو ٹپکاتی آنکھوں سے صرف نیناں کو دیکھ رہا تھا۔۔
زندگی میں پہلی مرتبہ ہارا تھا،،، محبت کے ہاتھوں شکست کھائی تھی،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہار گیا تھا اعتماد کرنے سے،،،، اور یہ ہار اس کی زندگی کی سب سے بڑی ہار تھی۔۔جس نے اس کی کمر توڑ دی تھی۔۔جھکا دیا تھا ایک گیمر کو،،، توڑ دیا۔۔۔اس کے وجود کو جیسے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے گئے تھے۔۔۔۔

کوئی آخری خواہش۔۔۔۔۔جولی نے شاہانہ انداز میں پوچھا۔۔

ہاں مجھ پر پہلی گولی یہ چلائے گی،،، ویر نے نیناں کی طرف اشارہ کیا۔۔

نیناں کی روح جھنجھنوڑی تھی شاید کسی نے،،، چہرے سے مسکراہٹ غائب ہوئی۔۔

کم آن لینا،،،، میری جان،،، دشمن کی خواہش پوری کرو،،، جولی نے کہا۔۔
نیناں کے گن تانے ہاتھ لرز رہے تھے۔۔
پانچ سیکنڈز
دس سیکنڈز

وہ نیناں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔ مگر وہ فائر نہیں کر رہی تھی۔۔
تبھی وہ پیچھے ہٹی۔۔جولی کے کان میں کچھ کہا اور وہاں سے چلی گئی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پیچھے جولی کی گن سے فائر ہوا تھا۔۔۔ایک سنسناتی گولی تھی جو ویر کے پہلو کو چیرتی ہوئی نکلی،،،
وہ جھٹکے سے بھیگی پلکوں سمیت زمین بوس ہوا تھا۔۔

آج وہ ویر مر گیا تھا جو کہ اپنی محبت ہارا تھا۔۔۔محبت میں ہارا تھا۔۔

لے جاؤ اسے اور پھینک دو بیسمنٹ میں،،،جب شاہ زر کی بیٹی مرے گی تو اکھٹی ہی لاشیں گفٹ کروں
گی سلطانز کو۔۔۔

شاہ زر کو وہ لوگ اسی کمرشل بلڈنگ میں لائے تھے،،،جہاں اریش موجود تھا،،

بڑے سے حال میں اریش نفرت اور تمسخرانہ سا گھورتا شاہ زر کے روبرو آیا۔۔
مگر سامنے دشمن کی جگہ اریش کو دیکھ کر شاہ زر کی صدمے سے آنکھیں پھٹیں

مجھے جانتے ہو،،اریش کا سرسراتا لہجہ،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہاں تم اریش زبیر ہو۔۔۔زاہ زر نے کہا۔۔

ماں کا نام پوچھو،،،،؟ لہجے میں حکم تھا،۔۔۔۔

تم بتاؤ،،،؟

جولی،،،جولی نام ہے میری ماں کا،،جولی کے نام پر شاہ زر بے تحاشا چونکا،،اور سمجھنے میں ایک سیکنڈ نا لگا کہ اب اس پاگل عورت نے اپنے بچوں کے دماغوں میں کیا کیا گند نہیں بھرا ہوگا جو سامنے کھڑا وہ لڑکا اس سے اس قدر نفرت سے بات کر رہا تھا۔۔

چپ دو،،،اریش پھنکارا،،

میری بیٹی میرے حوالے کرو پہلے۔۔۔شاہ زر نے اطمینان سے کہا،،اسے آگ لگی،،،

وہ تو تمھیں نہیں ملنے والی اب،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تو تمھیں چِپ بھی نہیں ملے گی،، شاہ زر نے بھی چلا کر کہا،،
کیونکہ باہر اب پولیس کی گاڑیوں کے سائرن کی آوازیں آنے لگیں تھیں۔۔

اور انھوں نے حملہ بھی کیا تھا شاید جس سے شارٹ سرکٹ ہونے کے باعث چاروں طرف جیسے آگ پھیل گئی تھی۔۔۔

رئیلی،،، میں چھین لوں گا،،، یہ کہتا وہ تن فن کرتا شاہ زر کے پاس آیا اور اس کی پاکٹ سے چِپ والا باکس نکالا. مگر اسے خالی پا کر وہ غصے سے پاگل ہو گیا اور. کہیں گیا تھا۔۔ نفرت نے اسے اندھا کر دیا تھا۔۔ وہاں موجود ڈیکوریشن پیس کی صورت دیوار پر لگی میان سے اس نے تلوار نکالی تھی۔۔

مطی بیڈ پر بیٹھی تھی جب دروازہ کھلنے کی آواز آئی،، وہ تڑپ کر اٹھی اور کوئی ہتھیار ڈھونڈنے کے لئے نگاہ تیزی سے ادھر ادھر گھمائی۔۔

اتنے میں دروازہ کھول کر اریش اندر داخل ہوا تھا۔۔
وہ اس کی جانب لپکی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اری۔۔۔۔اریش نے اس کی بات مکمل نہیں ہونے دی جب اس کے لبوں کو اپنے لبوں کی دسترس میں لیا۔۔وہ گر پڑتی جب سہارا لینے کے لئے اس نے اریش کی گردن کے گرد ہاتھ لپیٹے۔۔

وہ دور ہوا۔۔۔مگر مطی بری طرح سانس بحال کر رہی تھی۔۔۔

بیری،،،ویر سے کوئی چِپ چھیننے کے لئے تمھیں کڈنیپ کیا گیا تھا۔۔

مگر آپ کو کیسے پتہ چلا،،،وہ چونکی

اس کا ٹائم نہیں ہے چلو میرے ساتھ انھوں نے تمھارے ڈیڈ کو بھی قبضے میں کر لیا ہے۔۔اریش کی آنکھوں میں اس وقت بس بدلے کا جنون اور پاگل پن تھا۔۔

واٹ ڈیڈ یہاں،،،اسے شاک لگا،،اپنے ڈیڈ کا سن کر اس کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی تھی۔۔یقینا اس کی کڈنیپنگ کا سن کر ڈیڈ آئیں ہوں گے،،،افففف ڈیڈ آپ کیوں آئے،،اسے خود سے زیادہ اپنے ڈیڈ کی فکر ہوئی

وہ اسے ساتھ گھسیٹتے باہر لایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سامنے ہی شاہ زر کے سر پر گن تانے ایک آدمی کھڑا تھا۔۔۔

اسے چھوڑو انھیں۔۔۔ وہ دھاڑی۔۔

میرے تین تک گننے تک اس آدمی نے چِپ مجھے نا دی تو اس کا بھیجا اڑا دونگا۔۔۔

شاہ زر نفی میں سر ہلاتا رہا جب مطی پھنکاری۔۔۔
یو بزدل وہ چِپ ان کے نہیں،،،، میرے پاس ہے،،، یہ دیکھو،،، مطی نے اپنی پاکٹ سے چِپ نکالی،،،، چھوڑو میرے ڈیڈ کو،،،،،، نہیں تو آگ میں پھینک کر سپوئل کر دوں گی۔۔

نہیں اتنی جلدی نہیں بے بی گرل،،، پاس کھڑے اریش نے اس کے ہاتھ سے چِپ چھین لی،،،

مطربہ کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی تھی.. آسمان سر پر گرا تھا اور چہرہ صدمے کی انتہا سے لٹھے کی طرح سفید پڑ چکا تھا.
سر ہلکا سا جھکا کر اپنے پیٹ پر رکھی گئی اس تلوار کی نوک کو دیکھا پھر اس تلوار کو رکھنے والے اس شخص کو

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اپنی محبت

اپنے عشق اریش کو۔۔۔۔۔۔جس نے اس سے مائیکروچِپ چھین کر اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑی ہوئی تھی۔۔اور مطربہ آگے بڑھ کر وہ چِپ چھین نا لے۔۔۔۔۔

اسی لئے اسے روکنے کو بائیں ہاتھ سے مطی کے پیٹ پر تیز دھار تلوار کی نوک رکھی ہوئی تھی۔۔۔

میں نے تمھاری بیٹی کے ساتھ وہی کیا شاہ زر سلطان جو تم نے میری ماں کے ساتھ کیا،،،،اس کے پیٹ میں پلنے والا بچہ اس بات کا گواہ ہے کہ اس نے میری کتنی راتیں رنگین کی ہوں گی،،،،،اریش نے خباثت سے کہتے آنکھ ونک کی،،،،

اریش،،،،مطربہ دھاڑی،،،،،باپ کے سامنے یہ سب سن کر اس کی آنکھوں اور کانوں سے جیسے لہو ٹپک رہا تھا۔۔۔

اریش نہیں ڈائمن ڈارلنگ،،،،فکر مت کرو۔ڈائمن اپنی چیزوں کو استعمال کر کے چھوڑتا نہیں،،،،میرے پاس ہی رہو گی ہمیشہ،،،،،اور میرا دل بہلاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شٹ اپ یو باسٹرڈ،،،،، شی از یور لیگلی ویڈڈ وائف،،،،، انتقام میں اتنے اندھے ہو گئے ہو کہ اپنے بچے کو گالی دے رہے ہو،،،،، شاہ زر دھاڑا،،،، اور آگے بڑھنے لگا،،،،

یو شٹ اپ،،،، اینڈ سٹاپ،،،، اریش نے خونخوار نظروں سے مطربہ کو گھورا جس نے نکاح کی بات اپنے باپ کو بتا کر اس کا سارا مزا کرکرا کر دیا تھا،،،،،

یو نو واٹ شاہ زر سلطان تمھیں مجھے روک نہیں پاؤ گے،،،، تمھارے ملک کے بڑے اہم راز ہیں ناں اس مائیکرو چپ میں،،،،، اب یہ چپ Raw (انڈین خفیہ ایجنسی) کے پاس جائے گی،،،، اور تمھاری بیٹی ہمیشہ کے لئے میرے پاس،،،،
دراصل ابھی میرا جی نہیں،،،،

شٹ اپ اریش،،،، مطربہ دھاڑی،،،، اور تمھیں ایسا کیوں لگتا ہے کہ جو تم کہو گے ویسا ہو گا،،،،
آنسوؤں سے تر چہرے سے وہ زخمی سا مسکراتی سرسراتے لہجے میں بولی،،،،

اور پھر اچانک

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بہت اچانک مطربہ تلوار کو پکڑے آگے بڑھی۔۔۔۔تیز دھار تلوار اس کے پیٹ کے آر پار ہوئی تھی۔۔۔۔مطربہ نے اتنی ہی تیزی سے اریش کے ہاتھ سے وہ چپ چھین کر آس پاس بھڑکتی آگ میں پھینک دی۔۔۔

مطی،،،شاہ زر تڑپا،،،،،،اریش پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس چھوٹی سی لڑکی کو دیکھنے لگا جو لڑکھڑا کر زمین بوس ہونے والی تھی،،،
بہت بے اختیار اس کے ہاتھوں نے مطربہ کو تھاما تھا،،،،

ڈونٹ ٹچ می باسٹرڈ،،،،

مطربہ نے زمین پر گرتے ہوئے بڑی زور سے اریش کو دھکا دیا تھا،،،
جس سے وہ تلوار سمیت بڑی دور لڑکھڑا کر گرا،،،،

تلوار مطی کے پیٹ سے نکلی تو ایک دلخراش چیخ تھی جو عمارت میں گونجی تھی،،،،،بھل بھل بہتا خون اس کے چاروں اور پھیلا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زر ماہی بے آب کی طرح تڑپتا اپنی گڑیا تک پہنچا،،،اس کا سر اپنے سینے میں بھینچا،،،میری جان،،،مطی،،،،آنسوؤں سے چہرہ تر ہوا،،،تمھارا بہت خون بہہ رہا ہے میری گڑیا،،،

اریش بے تحاشا تڑپ کر کھڑا ہوا،،،،مطی نے اس کی جانب نفرت اور حقارت سے دیکھا،،،
پھر اپنے ڈیڈ کو دیکھا۔۔۔اچھا ہے ڈیڈ،،مم میرے،،،مرنے سے پہلے ایک غدار اور دھوکے باز کا گندا خون،،،،ممم،،،میرے جسم سے الگ ہو جائے۔۔۔۔

پولیس کے سائرن چاروں اور گونجے تھے،،،اریش کے آدمیوں نے اس باہر گھسیٹنا چاہا۔۔۔
سر نکلیں یہاں سے پولیس آ گئی ہے،،،پلیز،،،
مگر وہ تو پتھر کا بت بنا سامنے زمین پر آخری ہچکیاں لیتی اپنی بیری کو دیکھ رہا تھا،،،

ڈیڈ مم،،،مجھے،،،،پپ پاکستان مت،،،لے جانا،،،،یہیں،،،دفن،،،
میرے،،ملک،،،کی،،،مٹی،،،مجھے،،،کبھی،،،معاف،،،نہیں،،،
مم،،،میں نے،،،دشمن،،،پر،،،بب،،،بھروسہ،،،کک،،،کیا
توڑ توڑ کر لفظ ادا کرتی وہ بے تحاشا رو رہی تھی۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نہیں،،، میری گڑیا،،،، پاکستان کی مٹی کو اپنی اس سپاہی پر ناز ہوگا،،، جس نے اپنی جان کی قربانی دے کر اپنے اہم راز دشمن تک نہیں پہنچنے دیئے،،،،،

ڈیڈ مم،،، میں،،،، شش،،،، شہید،،،، مطربہ کی آنکھوں میں چمک سی تھی،،،، پھر اس کا سر شاہ زر کے بازو پہ لڑھک گیا۔۔

اریش کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی،،،،
پھٹی پھٹی آنکھوں سے اپنی بیری کو مرتے دیکھا۔۔۔۔

شاہ زر بے تحاشا رو دیا۔۔ اریش نے اپنے آدمیوں کو اشارہ کیا۔۔ جنھوں نے لپک کر شاہ زر کو پیچھے کھینچا۔۔

تب وہ تڑپ کر آگے بڑھا اور اس بے جان سے وجود کو بازوؤں میں بھرا۔۔ اس کا چہرہ پاگلوں کی طرح تھپتھپایا۔۔ نبض ٹٹولی جو تھم چکی تھی۔۔۔
ہیے یو،،،، بیری،،، آنکھیں کھولو،،، میری طرف دیکھو،،، ڈمپل دکھاؤ،،، وہ چلایا،،،

یو باسٹرڈ دور رہو میری بیٹی سے،،، ڈونٹ ٹچ ہر،،، شاہ زر دھاڑا مگر وہ تو جیسے سن ہی نہیں رہا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس کے ماتھے سے ماتھا ٹکایا،،، یو نو واٹ تم مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتیں،، ناؤ کم آن،، ٹاک ٹو می ڈیم اٹ،، وہ دھاڑا۔۔

تبھی اس کے آدمی اسے گھسیٹتے وہاں سے بیسمیٹ لے جا چکے تھے۔۔۔ کسی خفیہ راستے سے بھاگنے کے لئے۔۔

پیچھے پولیس چاروں جانب پھیل چکی تھی۔۔ شاہ زر کو اور مطی کی باڈی کو ایمبولینس میں ہوسپیٹل لے جایا گیا۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
By_#Wahiba_Fatima

Episode 16..

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تجھے بن جانے،،،،، بن پہچانے میں نے ردے سے لگایا،،
پر میرے پیار کے بدلے میں تونے مجھ کو یہ دن دکھلایا،،
جیسے برہا کی رت میں نے کاٹی تڑپ کے آہیں بھر بھر کے
جلے من تیرا بھی کسی کے ملن کو،،،انامیکا تو بھی تڑپے

آگ سے ناتا،،،،،،،،نار سے رشتہ،،،کاہے من سمجھ نا پایا
مجھے کیا ہوا تھا،،اک بے وفا پر ہائے مجھے کیوں پیار آیا
تیری بے وفائی پر ہنسے جگ سارا گلی گلی گزریں جدھر سے
جلے من تیرا بھی کسی کے ملن کو،،،،،انامیکا تو بھی تڑپے

ویر نیم غنودگی میں اس بیسمنٹ کے فرش پڑا تھا۔۔آنکھوں سے آنسو تواتر سے بہہ رہے تھے۔۔ہر ممکن کوشش کی تھی اپنے آپ کو ہوش میں رکھنے کی،،جب غنودگی طاری ہونے لگی۔۔

تبھی سیڑھیوں سے قدموں کی چاپ نیچے کی جانب آتی سنائی دی۔۔ویر کی نظر میں ہر منظر دھندلا رہا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ملگجا سا اندھیرا اب تیز روشنی میں بدلا تھا۔۔
تبھی اپنی شرٹ کے بٹن کھلتے محسوس ہوئے،،دو نفوس اس کے اوپر جھکے ہوئے تھے۔۔وہ سن سکتا تھا۔۔مگر ہل نہیں پا رہا تھا۔۔

Parker,,,,dosomethingisflowingfast,,,
،،ایک نسوانی انجان سی آواز سنائی دی۔۔

I'vechecked,noworrieswillbesurgery.,,,,,
Thebulletdidnotcauseinternaldamagethroughtheskin.,,,,,
ایک اور مردانہ آواز آئی،،،،اب اپنا زخم صاف کیا جاتا محسوس ہوا،،،وہ ہاتھ تیزی سے چل رہے تھے۔۔جب غصے کی انتہا سے وہ جھپٹا یا اور وہ ہاتھ جھٹکے کی کوشش کی۔۔

مگر دو نرم ہاتھوں نے اس کی بھاری کلائیاں جکڑی۔۔
اوہہہہ یہ ضدی غصے کے بھرے سلطانز،،،،،مرنے کو ہے پھر بھی چین نہیں،،،ضد دکھانے سے باز نہیں آتے،،

وہ جو کوئی بھی تھی آدھی اردو انگلش لہجے میں افسوس سے بولی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب اسے انجیکشن لگائے جا رہے تھے،،،،اس کے زخم کو سیٹ کیا جا رہا تھا۔۔
پھر وہ مکمل بے ہوشی میں چلا گیا۔۔

نیناں اور پارکر ویر کے پاس سے اٹھے۔۔

Mam,youdisloyaltytoJulie,,,,Whydidit,,,,
پارکر نے پوچھا،،،

Idon't know,,,,,,Doyourjob,,,
وہ سنجیدگی سے کہتی اوپر جانے لگی،،
اسے پتہ تھا انجیکشن بہت پاور فل تھے اب جلد وہ ٹھیک ہو جائے گا۔۔
وہ جیسے چپکے سے نیچے آئے تھے ایسے ہی چپکے سے اوپر چڑھے۔۔جولی اور زبیر کو نہیں معلوم تھا کہ لینا ادھر موجود ہے اور کیا کرتی پھر رہی ہے۔۔

اس نے پارکر کو چپکے سے بھگایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ اس پر گولی نہیں چلا پائی تھی۔۔دل جیسے کسی نے مٹھی میں جکڑا تھا۔۔پھر جولی کو جان بوجھ کر بہانا بنا کر کان میں بول کر گئی تھی کہ آپ ہینڈل کریں میں اس کی شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی۔۔

جب گولی چلنے کی آواز آئی تو اس کی روح کانپ اٹھی تھی۔۔تب پتہ چلا وہ اس کے لئے کیا ہے۔۔شاید اس کی خود کی بھی زندگی سے بڑھ کر کچھ۔۔۔۔۔تبھی جولی سے غداری کرنے کی جرات کر بیٹھی تھی۔۔

مجھے مما کو سمجھانا ہو گا کہ آپ غلط سوچتی ہیں پاکستانیوں کے بارے میں،،ہر کوئی ایک جیسا نہیں ہوتا،، شاہ زل بہت اچھا ہے اب اس کے بڑون نے مما کے ساتھ برا کیا تو اس میں اس کا کیا قصور،،،میں منا سے بات کرتی ہوں،،،وہ دل میں خود سے ہمکلام جولی کے روم کی جانب آئی تھی۔۔
جب اپنی ماں کے شیطانی سے قہقہے پر قدم ٹھٹھک گئے۔۔

چیئرز،،،،،،،جولی اور زبیر نے وائن کے گلاس سے گلاس ٹکرائے،،یہ تمھارا سلطانز سے برسوں پرانا بدلہ پورا ہونے کی خوشی میں،،ہاہاہاہاہا

جولی بھی قہقہے لگا کر ہنس رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویسے سو کمینے مرے ہوں گے تو تم پیدا ہوئیں ہو گی جولی جو اپنا بدلہ پورا کرنے کے لئے اپنے سگے بیٹے کو بھی دھوکہ دے گئی۔۔لینا تو خیر تمھاری بیٹی ہے ہی نہیں اسے بھی ساری زندگی دھوکے میں رکھا۔۔

وہ بیچارے سلطانز جو پہلے بھی تمھاری مکاری کا نشانہ بنے،،شاہ زر پر جھوٹا الزام لگایا پھر اس کی بیوی کا خون کرنا چاہا تو اس کے بھائی نے تمھاری ٹانگ پر گولی مار دی۔۔اور اب اپنی معزوری کا بدلہ لینے کے لئے تم نے اپنے بچوں کو ان کے بچوں کے پیچھے لگا دیا۔۔اور آخر کار انھیں مروا کر ہی سکون لیا،،،اس کے ساتھ ساتھ وومن ٹریفکنگ بھی کرتی رہی اور اپنے بچوں سے اس کے ثبوت تک مٹواتی رہیں،،،،

جے ہو جولی ماتے

جے ہو،،،،

وہ ہندوؤں کے طریقے سے اس کی جے جے کار کرنے لگا۔۔

اور جولی فرضی کالر جھاڑتی مکروہ قہقہے لگا رہی تھی۔۔

اور نیناں کو وجود جیسے ریزہ ریزہ ہو کر ہوا میں تحلیل ہو رہا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ لینا،،،، جولی حقارت سے بولی،،، اس کے ہاتھ کانپ گئے اس ایجنٹ کو مارتے ہوئے،، ضرور اس کے دل میں کچھ چل رہا ہے،، وہ شطرنج کی بساط کی وہ رانی تھی جو راجہ کو قابو کرنے اور شکست دینے کے لیے تھی۔۔

صرف استعمال کرنے لئے ایک مہرہ،،، اس لئے اب اس کو بھی راستے سے ہٹانے کا وقت آگیا،،، بلکہ راستے سے ہٹانے کا نہیں کیش کروانے کا وقت،،، ہاہاہاہاہا

نیناں نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھا اور اپنی چیخیں دبائیں۔۔۔ اور سننے دیکھنے کی سکت نہیں تھی اسی لئے وہاں سے نکلتی چلی گئی۔۔

ہوسپیٹل کے سرد سے کوریڈور میں شاہ زر بینچ پر بیٹھا بے آواز آنسو بہا رہا تھا۔۔
اس کے ساتھ ازھاد بھی تھا جسے جونیئر نے بھیجا تھا۔۔ شاہ زر کے پیچھے۔۔

اچانک کندھے پر جانا پہچانا مہربان سا لمس محسوس ہوا،، سر اٹھا کر دیکھا تو سامنے شاہ ویر سلطان کھڑا تھا۔۔
لہو ٹپکاتی آنکھوں سے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بگ بی،، وہ ویر سے لپٹ کر پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔۔۔۔

ہیے حوصلہ کرو یار،،،، ویر نے اسے زبردستی خود سے الگ کر کے اس کے سرخ چہرے کو دیکھا،،،

وہ بگ بی وہ جولی،، شاہ زر نے بتانا چاہا مگر اسے نمیر اور ازھاد پہلے ہی سب کچھ بتا چکے تھے۔۔ اسی لئے وہ ہیلی فلائٹ پکڑ کر ترکی آیا تھا۔۔

اب کی بار اس کی ٹانگ پہ نہیں گندے دماغ پر گولی ماروں گا۔۔ ٹینشن مت لو،،،،

وہ میری پرنسز بگ بی،،،

شاہ زر ادھر میری طرف دیکھو،،، جو جو کہتا ہوں کرتے جاؤ،،، سمجھے۔۔ میں ابھی آتا ہوں۔۔ ضروری کال کرنی ہے۔۔

کچھ ہی دیر بعد میرسن کے ایک بڑے قبرستان میں مطی کی آخری رسومات ادا کی جا رہیں تھیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یہیں اسی قبرستان میں ایک،،،، محبت کو ہارا ہوا شخص بھی وہیں کھڑا تھا۔۔
اور اپنی محبت اور عشق کو منوں مٹی تلے دبتا دیکھ بے بسی،، صدمے اور خون روتی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔۔

مگر اب صرف پچھتاوں کے ناگوں کے علاوہ کچھ نہیں بچا تھا جو ساری زندگی اسے ڈسنے والے تھے۔۔

تبھی اس کا فون رنگ ہوا۔۔ اس نے اٹھا کر کان کو لگایا تو لینا تھی۔۔
مگر وہ بھیگی آنکھوں سے چونکا کیوں کہ لینا دھاڑیں مار مار کر رو رہی تھی۔۔

ہیے ڈول کیا ہوا،،،، لینا بتاؤ مجھے۔۔۔ وہ تڑپا

برو میں کچھ نہیں بولوں گی،، بس تمھیں کچھ دکھانا ہے،،، جلدی سے چلے آؤ۔۔ ابھی،،، وہ ہچکیوں کے دوران بولی،،،

پر لینا کچھ تو بتاؤ،، تمھیں کچھ ہوا تو نہیں۔۔ وہ جلدی سے قبرستان سے نکلتا بولا
محبت تو کھو ہی چکا تھا اب جو دنیا میں واحد رشتہ تھا،،، بہن کا اسے نہیں کھونا چاہتا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سو فوراً وہاں سے نکلا۔۔

شاہ زین حاتم مینشن سے گاڑی لے کر نکلا تو اپنی مما کو فون کیا۔۔۔ حرم نے کال رسیو کی۔۔

یس میرے شیر،،،

مما مجھے اپنے روم سے کچھ ضروری چیزیں لینی،، ہٹائیں اسے وہاں سے۔۔ شاہ زین کو لگا ابھی بھی وہ اسی کے روم میں ہوگی۔۔

بے فکر ہو کر آجاؤ شاہ زین،،، سہانا تمھارے روم میں نہیں مطی کے روم میں رہ رہی ہے،،، حبہ نے ہی کہا تھا۔۔

اوکے مما،، اس نے فون رکھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کچھ ہی دیر میں وہ مخصوص سٹائل میں الائچی جبا تا پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے سلطان مینشن کے لاؤنج میں داخل ہوا تھا۔۔ پلوشہ پریشان سی لاؤنج میں ہی بیٹھی تھی۔۔

بڑی مما کیا ہوا آپ کو آپ اتنی سیڈ کیوں ہیں۔۔ وہ پلوشہ کے پاس آیا۔۔

پتہ نہیں پہلے شاہ زر بزنس میٹنگ کے سلسلے میں دبئی چلا گیا اب تمہارے بڑے پاپا بھی،،،،،،، اچانک کل رات تمہارے بڑے پاپا بھی بغیر کچھ کہے سنے چلے گئے،،، اور کتنی مرتبہ کہا ہے ایسے کہیں نا جایا کریں،،، اب میرا دل گھبرا رہا ہے۔۔۔ وہ جھنجھلائی

او تو بڑی مما یہ کہیں ناں کہ بڑے پاپا کو مس کر رہی ہیں،،، اس نے گہری مسکان لئے چھیڑا،،، تو اس کا قاتل ڈمپل کا منظر پھر کسی نے اپنے دل میں اتارا۔۔

چل ہٹ بدمعاش،،، پلوشہ نے اسے ایک دھپ رسید کی،، تم پر بھی جونئیر کا سایہ پڑ گیا ہے کیا،،، پلوشہ ہنسی اصلی بات تو یہ تھی کہ پل پل بیٹے کو مس کر رہی تھی،،، اور اب بیٹے کے ابا جی بھی غائب تھے تو مزید موڈ خراب ہوا۔۔۔

شاہ زین پلوشہ کا منہ چوم کر اٹھا تو وہ مسکرا دی،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زین اپنے روم میں آیا،، بیڈ پر نظر پڑی تو خود سے بھی شرمندہ ہو کر نظر چرائی،، واقعی غصے میں انسان اندھا ہو کر کتنا کچھ غلط کر بیٹھتا ہے۔۔
غصہ اپنی جگہ مگر اب وہ اپنی اس قدر بد تمیزی پر پچھتا رہا تھا۔۔

اپنی ضروری چیزیں لیں۔۔ باہر نکلا

مما،،،، اس نے حرم کو آواز دی

کچن میں ہوں شاہ زین،،،،،،، حرم نے کہا مگر وہاں موجود سہانا کے دل نے ایک سو بیس کی رفتار پکڑی۔۔

کچن سے آواز آئی تو وہ کچن کی طرف گیا۔۔
کچن میں داخل ہوا تو ایک سرسری سی نظر نے اچھا خاصا جھٹکا لگایا اسے۔۔

سہانا بے بی،،، حرم کے ساتھ والی ڈائینگ چئیر پر مطی کے سادہ سے ییلو کلر کے شلوار قمیص میں حجاب سٹائل دوپٹہ اوڑھے سر جھکائے بیٹھی سبزی کاٹنے میں مصروف تھی۔۔ بلکہ یوں کہنا بہتر ہو گا کہ سبزی سے جنم جنم کا بدلہ لیتے ہوئے اس کا کچومر نکال رہی تھی،،۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اوہمممم تو یہ بات ہے۔۔۔ شاہ زین کو دل میں ہنسی آئی مگر سنجیدگی کا لبادہ اوڑھے رکھا۔۔

مما میری نیو شرٹس کدھر ہیں،،، اس نے نارمل سا پوچھا۔۔

وہ میں نے بیگ میں ڈال دیں تھیں میرے روم میں ہے بیگ،،،

اوکے مما،،، وہ جانے لگا۔۔
سہانا تو شرمندہ سی سر مزید جھکا گئی تھی۔۔

شاہ زین کھانا کھا کر چلے جانا،،،، حرم نے کہا،،

رہنے دیں مما،،، ابھی مجھے کچھ عرصہ یونہی دربدر رہنے دیں،،، کچھ لوگوں کو سکون مل جائے شاید،،،،
وہ ٹونٹ کرنے سے خود کو باز نہیں رکھ سکا۔۔

اوچ،،،، سہانا کی انگلی کٹی تھی۔۔ کیونکہ وہ بار بار پہلو بدل رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زین،،، حرم نے تنبیہی آواز میں اسے پکارا۔۔

اس نے ایک گہری نظر اس کے سرخ چہرے اور بھیگی پلکوں کو دیکھا اور وہاں سے فوراً ہٹا۔۔

اونہہہ،،، ابھی کہاں سہانا بے بی ابھی تو باری آئی ہے شاہ زین سلطان کی،،، دیکھتی جاؤ،،، آگے آگے ہوتا کیا ہے،،، کیا کرتا ہوں میں تمھارے ساتھ۔۔ وہ گہرا مسکرایا

اور سلطان مینشن سے باہر نکلتا چلا گیا۔۔۔

اریش ہیلی سے انطالیہ پہنچا تھا۔۔
اریش نے نیناں کو کال ملائی جو کہ پہلی بیل پر رسیو کر لی گئی۔ وہ اب بھی زار و قطار رو رہی تھی۔۔

کدھر ہو لینا میں آ گیا،،،، وئیر آر یو ڈیم اٹ،،، وہ چلایا،،

میں بیچ والے کاٹیج میں ہوں جینفر ساتھ ہے میرے،، جلدی پہنچو برو،،، وہ اب بھی سسکی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش آندھی بنا گاڑی بھگا کر بیچ پر بنے کاٹیج میں پہنچا۔۔

لینا،،، لینا،، وہ دھاڑا،، وہ سامنے ہی چھوٹے سے لاؤنج میں بیٹھی رو رہی تھی۔۔
وہ بھاگ کر اس کے قریب گیا،، گھٹنوں کے بل زمیں پر بیٹھ کر اس کا چہرہ ہاتھوں کے پیلے میں بھرا،،

ہیے میری ڈول کیا ہوا،،، کس نے رلایا میری بہن کو،،، بتاؤ مجھے،،، میں زندہ گاڑھ دوں گا اسے،،،
وہ غصے سے بولا

نیناں نے اپنا موبائل اٹھایا اور وہ ویڈیو ریکارڈنگ آن کر کے اریش کی آنکھوں کے سامنے کی جو وہ جولی اور زبیر کی ریکارڈ کر چکی تھی۔۔

ماں کا یہ شیطان صفت روپ دیکھ کر اس کا چہرہ لٹھے کی طرح سفید ہوا تھا۔۔ ابھی ابھی تو بیری کو دفن ہوتے دیکھ کر آ رہا تھا۔۔

کیا ہوتا ہے؟ لینا اور ڈائمن جیسے انسانوں کو جب ان کو پتہ چلے کہ

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ان کا ہونا غلط تھا،،
ان کی زندگی کا مقصد غلط تھا،،
وہ ساری زندگی ایک غلط راستے پر چلتے رہے،، غلط لوگوں میں رہے،،
غلط لوگوں پر بھروسہ کیا۔۔
کسی کی ہاتھ کی کٹھ پتلی تھے،،، اور اریش اسے تو اس کی سگی ماں نے ساری زندگی دھوکے میں رکھا،،،
مہرے،،، جو کہ بری طرح اپنی زندگی اور محبت سے پٹ چکے تھے۔۔

اریش نے اپنے بال مٹھیوں میں جکڑے،،، مگر جلد ہی ہوش آیا۔۔

پھر نیناں کو بازوؤں سے تھام کر جھنجھوڑا۔۔جس کے قطار در قطار آنسو خشک ہونے کا نام نہیں لے رہے تھے۔۔

سنو نیناں،،، میری طرف دیکھو،،، نیناں نے اریش کی آنکھوں میں دیکھا،، کوئی کچھ بھی کہہ لے میری نظر میں تم ہمیشہ میری بہن میری ڈول ہو۔۔اب غور سے سنو،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آج سے تم نیناں درانی ہو،، ویر سلطان کی نیناں،،، سمجھیں،، اپنا نیناں درانی والا آئی ڈی کارڈ یوز کرنا،، اور اب جاؤ نکالو اسے وہاں سے۔۔ میں اپنی محبت کھو چکا ہوں،، تم یہ غلطی مت کرنا نیناں،، بچا لو اسے،، نہیں تو ساری زندگی خود کو معاف نہیں کر پاؤ گی،،،،

نیناں نے اریش کی طرف دیکھا،،، جیسے سمجھنے کی کوشش کر رہی ہو کہ وہ یہ کیا کہہ رہا ہے۔۔ مگر

سنو نیناں میں اور جینفر جولی کو ڈاج دیں گے،،، اس نے مما کہنے کی بجائے نفرت سے جولی کہا جو کہ جولی کی سب سے بڑی ہار تھی۔۔ تم ویر کے بندوں سے رابطہ کر کے اسے لئے وہاں سے نکلو گی،، اس کے ساتھ پاکستان چلی جانا،، جس عورت نے اپنے سگے بیٹے کو نا چھوڑا وہ تمھاری کیا سگی ہو گی،، نہیں چھوڑے گی تمھیں اسی لئے اسی کے ساتھ پاکستان چلی جانا۔۔
ابھی اس کو لے کر اپنے اسی ٹھکانے پر جانا فوریسٹ میں جو تمھیں اور صرف مجھے پتا ہے،، وہاں سے نکلنے میں آسانی ہو گی مجھے پتہ ہے جولی اور زبیر کے کتے پورے ملک میں کتوں کی طرح پھیلے ہوئے ہیں،،،

بر وہ بہت ضدی ہے کبھی میری مدد قبول نہیں کرے گا۔۔ نفرت کرے گا مجھ سے،، شکل تک نہیں دیکھے گا میری،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر اپنے اصلی حلیے میں واپس آ جاؤ،، تمہاری آواز،، آنکھوں کا کلر،، سکن اور بالوں کا کلر،،، وہ نہیں پہچان پائے گا،،، منہ پر نقاب کر لینا۔۔ اب جلدی کرو اس سے پہلے کے وہ دونوں اسے مزید نقصان پہنچائیں،، جینفر تم بلکل لینا والا حلیہ بناؤ،، اور میرے ساتھ آؤ

نیناں تم نکلو،،

نیناں نے سارا میک اپ ریموو کر کے بلیک جیکٹ اور بلیک پینٹ پہنی،،، سکارف سے منہ ڈھانپا اور کاٹیج سے نکلی،،

گاڑی میں بیٹھے بیٹھے نمیرا کو کال ملائی جو اپنے آدمیوں کے ساتھ ویر کو ہر طرف ڈھونڈ رہی تھی۔۔

اس نے کال ریسیو کی،،

سنو اگر ویر سلطان کو بچانا چاہتی ہو تو میسج کیے گئے ایڈریس پر پہنچ کر مجھے کال کرنا۔۔۔

تم کون ہو،،،،

ویل وشر،،، کہتے نیناں نے فون رکھا،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش نے جولی کو کال ملائی،، کال رسیو کی گئی،، جلو چمکی۔۔

ڈائمن مائی سن،،،،

ڈائمن نہیں اریش،،،، مطربہ شاہ زر سلطان کا اریش،،،،، جولی آئی ہیٹ یو،،، ماں کہلانے کے لائق نہیں ہو تم،،، ایک خود غرض عورت ہو،، ماں کے نام پہ دھبہ ہو تم،،، وہ نفرت سے بولا

جولی ہق دق ہوئی مگر سنبھلی،،

یہ کیا کہہ رہا ہو ڈائمن،،، ضرور تمھیں دشمن نے بھٹکایا ہے اپنی ما،،،،،،،

اوکم آن،،،، بھٹکا تو تم رہی تھیں اتنے سالوں سے ہمیں،، مگر اب نہیں،، اب میں حقیقت جان چکا ہوں،،، میں اور لینا ویر سلطان کو لے کر جا رہے ہیں،، یہاں سے،،،، اس کے خاندان کے حوالے کرنے،،، روک سکو تو روک لو۔۔

اچھا اتنی جرات ہے تم میں،،، وہ پھنکاری،، چیلنج قبول کیا،،، اب لے جا کر دکھاؤ اسے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش کا دل کیا اس بے حس عورت کے سو ٹکڑے کر دے جواب بھی زرا بھی شرمندہ نہیں تھی۔۔
اسے تو لگا تھا شاید میں گھبرا جائے،، معافی مانگنے لگے،،، گڑگڑانے لگے،،
پر یہاں تو الٹا چیلنج کیا جا رہا تھا،،

لے جا کر دکھاؤ نہیں،، جولی،،، لے جا چکا،، اب رو کو کر دکھاؤ،،،
وہ کہتا فون رکھ چکا تھا۔۔۔
جینفر کو لئے،،،، ساتھ گاڑی لئے نکلا،،،

کوئی نہیں بول سکتا تھا کہ اس کے ساتھ لینا نہیں،،، اب جینفر کا حلیہ لینا جیسا تھا،،

نیناں اس بلڈنگ میں پہنچی تو حسبِ توقع وہ تقریباً خالی تھی اور اریش کی چال کامیاب ہوئی تھی۔۔

جولی، زبیر اور ان کے کتے بغیر بیسمنٹ چیک کیے وہاں سے اریش کے تعاقب میں نکل چکے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

عمارت میں جو چند آدمی تھے بہت جلد نیناں انھیں موت کی نیند سلا چکی تھی۔۔

ویر کو ہوش آچکا تھا،، شرٹ کے بٹن کھلے تھے اور ڈریسنگ کی گئی تھی۔۔ اٹھ کر دیوار سے ٹیک لگائی اور نیم دراز ہو گیا۔۔

تبھی سیڑھیوں سے آہٹ سنائی دی۔۔
اس نے سر اٹھا کر دیکھا تو ایک لڑکی تھی۔۔ مگر چہرے پر نقاب کلر ڈ آنکھیں،،،
وہ پہچان نہیں پایا تھا۔۔

جلدی اٹھو ویر سلطان،،، ہمیں نکلنا ہے یہاں سے،،، وہ انگلش ملے لہجے میں اردو میں بولی،،

اور میں تم پر بھروسہ کیوں کروں،،، وہ پھنکارا۔۔

کیونکہ یہ سوچنے کے لئے تمھارے پاس وقت نہیں ہے کہ بھروسہ کروں یا نا کروں۔۔۔ وہ بھی تڑخ کر بولی

کون ہو تم،،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویل وشر سمجھ لو،،، وہ اطمینان سے بولی

وہ تلخیہ اور تمسخرانہ سا ہنسا۔۔

میرا اس شہر عداوت سے تعلق ہے جہاں
لوگ سجدوں میں بھی، لوگوں کو برا سوچتے ہیں

اچھا،،، یہاں کب سے دھوکے بازوں میں ویل وشر زپیدا ہونے لگے،، اس کی تلخ لہجے پر نیناں کے دل نے ایک بیٹ مس کی،،

جس دھوکے باز کہ بات کر رہے ہو اس بیچاری کی تو خود کی پوری زندگی ایک دھوکہ تھی،،، خیر مر گئی ہے وہ
نیناں سکون سے بولی
ویر نے جھٹکے سے سر اٹھا کر اسے گھورا تبھی نیناں کا فون بجا
جس کا اسے انتظار تھا۔۔
نمیرا کا۔۔۔ اس نے کال یس کر کے ویر کو فون دیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر نے فون کان کو لگایا۔۔

سر یہ سچ کہہ رہی ہے نکلیں وہاں سے وقت نہیں ہمارے پاس۔۔

یہ کہہ کر نمیرا نے فون رکھا،،

نیناں نے اس کے آگے اس کی بیلٹ اور گنز بڑھائیں جو کہ اس نے چپ چاپ تھام لیں،، وہ بمشکل اٹھا،،

اور وہ دونوں آہستہ آہستہ سیڑھیاں چڑھے۔۔

ویر کے آدمی بھی پہنچ چکے تھے۔۔

باہر آکر ویر کے آدمیوں نے سہارا دے کر اسے گاڑی میں بٹھایا۔۔

اور گاڑیاں فوراً وہاں سے نکالیں۔۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

💣💣#Don't copy paste without my permission

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode17..

گاڑی تیزی سے انطالیہ سے نکلتی آبادی سے دور ہوتی جا رہی تھی۔اس گاڑی میں ڈرائیونگ سیٹ پر نیناں،،،اس کے ساتھ نمیرا۔۔

پیچھے ویر کے ساتھ شہباز اور وقار تھے۔۔
وقار بڑے ماہرانہ طریقے سے اس کی ڈریسنگ چیک کر کے اسے دوبارہ انجیکشن لگا چکا تھا تاکہ زخم جلدی بھر جائے۔۔

اس نے سیٹ سے سر ٹکا کر آنکھیں موند رکھیں تھیں دو کلرڈ آنکھیں بیک ویو مرر سے اسے وقتاً فوقتاً اپنے اوپر پڑتی محسوس ہو رہی تھیں جنھیں وہ بڑی دیر سے آبزرو کر رہا تھا،،
مگر آنکھیں موندے رکھیں،،،

ہم کہاں جا رہے ہیں،،،، نمیرا نے پوچھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بلغراد فوریسٹ،،، وہ سکون سے بولی،،

نمیرا چونکی،،، مگر وہ تو انطالیہ سے بہت دور ہے اور ترکی کے دوسرے کونے پر ہے،،

یس آٹھ گھنٹے لگے گیں،،، بائی ڈرائیو،،،اس کی آواز میں اب بھی سکون تھا۔۔

مگر وہیں کیوں،،،؟ نمیرا الجھی۔۔

کیونکہ وہی سب سے سیو جگہ ہے.جس کا تم لوگوں کے دشمن جولی اور زبیر کو نہیں پتہ اور تم لوگوں کو وہیں لے کر جانے کے آرڈرز ملے ہیں مجھے،،،

کس نے آرڈر دیا،،، نمیرا اب اسے گھور رہی تھی۔۔

نیناں اور اریش نے،،،اس نے حقیقت بتائی۔۔

واٹ،،،،،،اور تم ہمیں ہمارا ویل وشر بتا رہی ہو،،، گاڑی روکو نہیں تو گولی مار کر بھیجا اڑا دوں گی سمجھیں،،، ہمارے دشمنوں کے آرڈرز پر چل کر پھر ہمیں کہاں پھنسانے لے جا رہی ہو،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نمیرا نے چلاتے اس کے سر پر گن تانی۔۔

سکون سے بیٹھو،،، وہ لاپروائی سے بولی،،، میری بات سن لو،، پھر بیشک اڑا دینا بھیجا۔۔

جلدی بولو،،، نمیرا غرائی۔۔

پھر وہ ان کو،،، ان بد نصیب بہن بھائی کی کہانی سناتی چلی گئی۔۔ جنھیں ان کے اپنوں نے ساری زندگی ان کی رگوں میں قطرہ قطرہ میٹھا زہر گھولا تھا۔۔۔ اپنوں نے ہی دھوکے میں رکھا۔۔
کہتے ہیں پیدا کرنے والی سے زیادہ پالنے والی ماں کا درجہ بلند ہوتا ہے۔
مگر جولی وہ عورت تھی جو کہ پیدا کرنے والی کے درجہ کا بھی حق ادا نہیں کر پائی تھی۔۔
وہ سب بات بتا رہی تھی کیونکہ جانتی تھی ایک شخص بند آنکھوں کے پیچھے سے بھی اس کی آواز سن رہا ہے،،،
وہ انھیں ان دونوں کی کہانی سنا چکی تھی۔۔

جولی وہ پاگل عورت اپنے خود کے بیٹے سے چیلنج کر چکی ہے،، اور جولی کو جاننے والے جانتے ہیں کہ وہ اپنا چیلنج پورا کرنے کو کسی بھی حد تک جا سکتی ہے۔۔ اس کے کتے پہلے ہی پورے ترکی میں موجود ہیں اسی لئے وہ جگہ محفوظ ہے اور ایک اور بات

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نیناں اور اریش دونوں کوئی کریمنل نہیں تھے،،،،، بلکہ آپ لوگوں کی طرح سیکرٹ ایجنٹ تھے،،،،،

اونہہہہ وہ گھاس چر کر سیکرٹ ایجنٹ بنے تھے جو اتنے بڑے دھوکے کو نہیں جان پائے،، نمیرا نے اپنا غبار نکالا،،،،

مگر نیناں بول نا سکی کہ بی بی پھر یہ بتاؤ وہ دونوں اگر گھاس چر کر ایجنٹ بنے تھے تو تمھارے سر نے کیوں دھوکا کھایا۔۔ کیونکہ دھوکہ بندہ وہیں کھاتا ہے جہاں بے پناہ محبت اور بے تحاشا اندھا اعتبار ہو۔۔

محبت میں اندھا شخص سامنے پڑے پتھر تک کو نہیں دیکھ پاتا اور اوندھے منہ گر پڑتا ہے،،

مگر اس سے پہلے ہی ویر دھاڑا تھا (شاید دکھتی رگ پر پاؤں آیا تھا)

شٹ اپ نمیرا اینڈ یو،،، جسٹ شٹ اپ،،، مجھے سکون چاہیے،،،

Canyoustopthisnonsense....

ان دونوں کو چپ لگی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نیناں کا دل دہلا تھا اس کا یہ روپ دیکھ کر،، لال انگارہ آنکھیں تنی رگیں۔۔ سرخ چہرہ،،،

ابھی تک تو اس نے اس کا اتنا سوفٹ اور کیئرنگ روپ دیکھا تھا۔۔
مگر اب
اففففففف توبہ یہ غصیلے سلطانز،،،،،،

وہ بڑی مشکل سے کنفیوز سی حرم ماما کے کہنے پر یونی آئی تھی سادہ سے براؤن قمیض ٹراؤزر اور بڑے سے دوپٹہ میں الجھی اپنی کلاس میں گئی تھی۔۔

سب نے اس کی اس تبدیلی کو معنی خیز نگاہوں سے نوٹ کیا تھا۔۔ مگر سہانا شبیر سے الجھنے کا حوصلہ کسی میں نہیں تھا،، سو عافیت اسی میں جانی کہ اپنے کام سے کام رکھا۔۔

وہ اپنی چھوٹی سی جان اتنا بڑا دوپٹہ کیری کرنے میں ہی ہلکان کیے جا رہی تھی۔۔
اور برے برے منہ بنا رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

افففف یہ دوپٹہ ہے کہ ٹینٹ،،،،اس سے تو پورے ایک ہاتھی کی چڈّی بن جائے،،،وہ بڑبڑائی۔۔

یہ جو خود کو میں نے بدلا،
یہی تجھ سے میرا بدلہ ہے،

سارا دن وہ اس دوپٹے سے الجھتی رہی مگر گھبرائی نہیں،،
اب عادت تو ڈالنی تھی ناں۔۔

اپنی کلاس سے بھی نہیں نکلی تھی کہ شاہ زین سلطان سے سامنا نا ہو،، مگر کب تک،، پیٹ میں چوہے دوڑے تو کینٹین گئی۔۔
مگر اس یقین کے ساتھ کے وہ وقت شاہ زین کے کینٹین میں موجودگی کا نہیں تھا۔۔

مگر اس کی یہ غلط فہمی بھی جلدی دور ہو گئی۔۔جب اس کے جانے کے کچھ دیر بعد ہی شاہ زین فارس کے ساتھ کینٹین میں انٹر ہوا۔۔

فارس کی سامنے نظر پڑی تو سہانا کی کایا پلٹ دیکھ کر حیرت کا جھٹکا لگا مگر نیچے منہ جھکا گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تبھی پتا چلا کہ شاہ زین کیوں ،،،،،،،

وہ کینٹین میں آ کر بیٹھے ۔۔

سہانا آرڈر دے چکی تھی ،،، مگر اب بھوک مر چکی تھی ،، سو چپکے سے وہاں سے چلی آئی ۔۔
شاہ زین نے بغور اسے جاتے دیکھا ،،

اب وہ لائبریری آئی تھی ،،، اور ایک کونے میں بیٹھ گئی ،، مگر یہ تو شاہ زین کے لائبریری آنے کا وقت تھا ۔۔
مگر است تسلی تھی ۔۔ کہ وہ اسی کونے میں بیٹھی تھی جہاں سے اسے دیکھتی تھی ۔۔

مگر وہ نہیں دیکھ پاتا تھا ۔۔ وہ مسلسل اسی دشمن جاں کے بارے میں بیٹھی سوچ رہی تھی تبھی وہ سامنے سے جلوہ گر ہوا ۔۔

سادہ سے گرے شلوار قمیص میں وہ ظالم نظر لگ جانے کی حد تک ہینڈسم لگ رہا تھا ۔۔
وہ مبہوت سی بار بار نظر بھر کر دیکھے گئی ۔۔
وہ بڑی دیر سے الائچی چباتا آبزرور کر رہا تھا خود پر وہ جانی پہچانی نظروں کی تپش ،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر سپاٹ چہرہ کیے رکھا،،

وہ مگن سا نوٹس بنانے میں مصروف تھا،، جب سہانا کے موبائل پر میسج رنگ ہوا۔۔
اس نے اوپن کر کے دیکھا تو۔۔

دل کی یہ آرزو تھی کوئی دلربا ملے
لو کھل گئے نصیب کے تم ہم سے آملے
اب زندگی سے جانے،،،،،،کیا نیا ملے
اب تک تو جو بھی دوست ملے بے وفا ملے

وہ اچھلی،، ان ناوَن نمبر تھا،،، اب یہ کون تھا۔۔ کانپتے ہاتھوں سے میسج ڈلیٹ کر دیا۔۔۔ ماتھے پر پسینے کے قطرے نمودار ہو گئے،،،

اس کی پتلی ہوئی حالت دیکھ کر کسی کو وہاں بیٹھے اپنا ڈمپل چھپانا مشکل ترین امر ہو گیا تو جان بوجھ کر پین نیچے گرا کر جھک کر گہرا مسکرایا پھر سنجیدہ سا ہو کر سیدھا ہو گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سیدھا ہوا تو سہانا بے بی گدھے کے سر سے سینگ کی طرح غائب تھی یقیناً اب گھر جا کر حرم مما کے آنچل میں چھپے گی اب اس نے پیچھے مڑ کر فارس کو دیکھا۔۔جس کے ہاتھ میں اس کا موبائل تھا،اور شاہ زین کے پاس فارس کا۔۔۔

فارس نے وکٹری کا نشان بنایا تو

وہ قہقہہ لگا کر ہنس پڑا۔۔کیونکہ اب انجوائے کرنے پٹانے اور شرارتیں کرنے کی باری اس کی تھی۔۔

اریش نے بہت دور تک انھیں اپنے تعاقب میں بھگایا تھا،،

جتنا ہو سکے اتنا۔۔
مگر کب تک،،،انطالیہ سے مخالف سمت میں بھاگتے جولی نے آگے اور پیچھے سے اس کے آدمیوں نے اریش کو جا لیا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش کے آگے پیچھے اب گاڑیوں کا ہجوم تھا،، جولی کے آدمیوں نے اسے گاڑی سے باہر نکلنے کو کہا۔۔

جولی اور زبیر بھی گاڑیوں سے باہر آ گئے۔۔ اور اس کی جانب بڑھے۔
انھیں باہر نکال کر ان ماسک اتارے گئے اور لینا کی جگہ جینیفر کو دیکھ کر جولی کا میٹر شارٹ ہوا۔۔

پوری گاڑی چھانی گئی۔۔ مگر ویر سلطان نے نہیں ملنا تھا نا ملا۔۔
اب جولی پاگل ہو چکی تھی،،

شرافت سے بتا دو ڈائمن کہ کہاں ہے وہ دونوں نہیں تو اچھا نہیں ہو گا۔۔ جولی کی دم پر پاؤں آیا۔۔

وہ زبیر کی جانب گھوما،، اس جیسی گھٹیا عورت کو مخاطب کرنا میں اپنی توہین سمجھتا ہوں،،، نہیں بتاؤں گا اکھاڑ لو جو اکھاڑا جاتا ہے۔۔۔ اریش نے نفرت سے کہا۔۔

جولی نے اپنے آدمی کو اشارہ کیا۔۔
اکھاڑ تو میں بہت کچھ سکتی ہوں ڈائمن،،، مگر ابھی تم درمیان سے ہٹ جاؤ،، وہ پھنکاری

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پیچھے اپنی گردن پر جب سوئی سی چبھتی محسوس ہوئی تو اریش کو بہت کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا۔۔

یو باسٹرڈز،،،،،،وہ دھاڑا مگر جلد ہی بے ہوش ہو کر زمین بوس ہو گیا۔۔
لے جاؤ اسے لندن اور قید کر دو جا کر،،یہاں اب اس کا کوئی کام نہیں۔۔۔۔۔جب تک میں سلطانز کو موت کے گھاٹ نا اتار دوں یہ قید سے نکلنا نہیں چاہیے۔۔

اس کے آدمی اریش کو اٹھا کر لے گئے۔۔تبھی وہ جینفر کی جانب بڑھی۔۔

معاف کر دیں میڈم،،،،مجھے تو سر نے گن پوائنٹ پر جو کرنے کے کہا تھا میں کرتی چلی گئی،،،،میں تو آپ کی وفادار ہوں۔۔۔
اس نے سکھائے گئے جملے بولے۔۔۔

جولی نے سر ہلایا۔۔جس کا مطلب تھا کہ اسکی گلو خلاصی ہو چکی ہے۔۔۔تبھی وہ واپسی کے لئے نکلے۔۔

ٹھکانے پہنچ کر رات تک وہ ناگن بنی پھنکارتی رہی پھر رات کو جو کال آئی اسنے اس کو سکون پہنچایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

میڈم میرے خیال میں وہ بلغراد فوریسٹ کی جانب گئے ہیں دو تین سی سی ٹی وی کیمرے میں دو مشکوک گاڑیاں ہائی وے پر اس طرف جاتی دکھائی گئی ہیں۔۔

فائن ختم کردو ان سب کو،،، مگر لینا مجھے زندہ چاہیئے۔۔ سمجھے،، وہ پھنکاری،،،

جی میم،،، کہہ کر فون رکھا گیا تو وہ مکروہ قہقہہ لگانے لگی۔۔

آٹھ گھنٹوں کی مسافت طے کرنے کے بعد وہ فوریسٹ پہنچے تھے۔
نیناں اس راستے سے وہاں آئی تھی جہاں سے انھیں بہت کم فاصلہ طے کر کے بلغاریہ جانا پڑتا۔۔

اور اب تقریباً رات کے گیارہ بج چکے تھے۔۔
یہاں انھیں رات گزارنی تھی،،

اور اگلی صبح فوریسٹ کراس کر کے بلغاریہ اینٹر ہونا تھا۔۔
اب وہ مزید گاڑیاں لے کر آگے نہیں جا سکتے تھے۔۔ سو نیناں نے وہیں گاڑیاں چھپا دیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور انھیں لئے جنگل کے مخصوص راستے پر چلنے لگی۔۔کچھ ہی دور جا کر ایک بلکل چھوٹا سا کاٹیج تھا۔۔ جو کہ جینفر کی مہربانی تھی۔۔کیونکہ اکثر جب وہ اپنے خاص کاموں کے لئے ترکی آتے تو یہیں آ کر چھپتے تھے۔۔

جینفر نے ہی اسے اس جگہ کا بتایا تھا۔۔جینفر اور پارکر دونوں میاں بیوی تھے جن پر نیناں اور اریش کے بہت احسانات تھے اور اب وہ دونوں نیناں اور اریش کے بہت وفادار تھے۔۔

گاڑی میں سے نیناں نے ایک بڑا سا بیگ بھی نکالا تھا،،جس میں کھانے پینے کا سامان تھا۔۔

وہ گاڑیوں سے نکلے۔۔شہباز نے ویر کو سہارا دینا چاہا جب ازنے منع کر دیا یہ کہہ کر کہ وہ بہتر محسوس کر رہا ہے۔۔

وہ کاٹیج کے اندر آئے اور نیناں نے سب سے پہلے اب کو کھانا کھانے کا کہا۔۔

نمیرا میری بات ازحاد سے کرواؤ سب سے پہلے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جی سر۔۔ نمیر انے فون ملا کر ویر کو تھمایا۔۔ وہ بات کرنے کاٹیج سے باہر آگیا۔۔
سامنے سے اسے جو جو سننے کو ملا وہ اس کے سر پر آسمان گرانے کو کافی تھا۔۔

اپنے ڈیڈ اور شاہزر سے بھی بات کر چکا تھا۔۔ اب انھیں آگے پلین کے مطابق چلنا تھا۔۔
اس کے ڈیڈ نے اسے بار بار باور کروایا تھا کہ وہ جیسے جیسے کہے جو نئیر کرتا جائے،،،

سرخ بھیگی پلکوں سمیت وہ وہیں کھڑا بڑی دیر مطی کے بارے میں سوچتا رہا۔۔

اس کے ساتھ جو ہوا سو ہوا مطی کے ساتھ۔۔ مطی کے کڈنیپ ہونے کے بعد اس نے اس کے
سارے روم کو چھلنی کی طرح کنگھالا تھا تب اس کے ہاتھ وہ گفٹس کے ساتھ نکاح نامے کے پیپر اور
پر یگننسی روپوٹ ہاتھ لگی تھی جو جانے اس نے کب کروائی تھی۔

تبھی وہ پیپر اس نے ازھاد کو دیے تھے،،، شاہزر کو تو دینے کی ہمت بھی نہیں ہوئی،،،

مطی کے ساتھ اتنا کچھ ہو گیا اور وہ بے خبر رہا۔۔۔ دشمن نے بہت کاری وار کیے تھے۔۔ جو جسموں پر
تو اتنے اثر انداز نہیں ہوئے
مگر ان کی روحوں کو ضرور چھلنی کر گئے تھے۔۔ اور شاید ہی یہ زخم کبھی بھر پاتے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کیا تھا وہ،، اور آج اس وحشتِ عشق نے کیا بنا دیا تھا اسے۔۔ عشق نے اس کی کمر توڑ کر ایسا جھکایا تھا اسے کہ اب شاید ہی زندگی میں وہ کبھی اٹھ پاتا،، ایسا بھروسہ ٹوٹا تھا کہ اب زندگی میں شاید خود پر بھی بھروسہ نا کر پاتا،،، محبت نے اس کے سینے میں نفرت،، وحشت،،، اذیت بھر دی تھی۔۔
اذیت کی بھٹی میں سلگتا وہ سب کچھ خاکستر کر دینا چاہتا تھا۔

سر پلیز کھانا کھا لیں آ کر،، شہباز نے پکارا۔۔

چلو،،، وہ سنجیدگی سے کہتا اندر آیا،، اس نے نوٹ کیا سب موجود تھے سوائے اس کے جو انھیں یہاں لائی تھی۔۔

مگر وہ خاموشی سے بیٹھ گیا اور سب کا ساتھ دینے کے لئے کھانا کھانے لگا۔۔
وہ کھانا کھا چکے تو وہ بھی اپنا پیکٹ تھامے اندر داخل ہوئی۔۔ شاید ان سے الگ بیٹھ کر کھانا کھایا تھا۔۔

شہباز نے اپنا لیپ ٹاپ آن کیا،،، کافی دیر وہ اپنے کام کی چیزیں کرتا رہا،، ویر نے اسے ہیڈ کوارٹرز میں ضروری میل بھیجنے کو بولا کہ اور کہا کہ انفارم کر دے کہ چِپ ڈسٹروئے کر دی گئی ہے۔۔ اور وہ جلد لوٹنے والے ہیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر اسے چند ہدایات دیتا پھر باہر چلا گیا۔۔

جب ضروری چیزیں دیکھتے شہباز نے ایک چیز دیکھی۔۔ وہ فوراً باہر آیا۔۔

سر ایک ضروری بات بتانی تھی،،،

شہباز تمھارے پاس سگریٹ ہے تو دو،،، سر نے آگے سے انوکھی فرمائش کی۔۔

شہباز نے جھٹکے سے شاکڈ ہو کر اپنے سر کو دیکھا کیونکہ وہ سموکنگ نہیں کرتا تھا۔۔
مگر جھجھکتے سگریٹ نکال کر اسے تھما دی۔۔ وہ چند پلوں میں سگریٹ سلگا کر اب یوں سموکنگ کر رہا تھا جیسے کہ جانے کتنے سالوں سے چین سموکر ہو۔۔

تھوڑے فاصلے پر دو اور آنکھیں چھپ کر اسے ماہی بے آب کی طرح تڑپتے دیکھ کر شاید اس سے بھی زیادہ تڑپ محسوس کر رہی تھیں۔۔

بولو کیا ضروری بات تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سر وہ،،،،،،وہ،،،شہباز بات کرتا جھجھکا۔۔

کم ٹو دی پوائنٹ،،،ڈیم اٹ،،،ویر نے شاید ہی کبھی اسے ڈانٹا ہو یا اپنے سٹاف میں سے کسی کو کبھی ڈانٹا ہو،،،مگر اب اسے بری طرح جھڑکا تھا۔۔

سر وہ نیناں درانی،،،شہباز منمنایا،،

شٹ اپ شہباز،،،وہ دھاڑا،،گدی میں سے زبان کھینچ لوں گا اگر دوبارہ کسی نے یہ نام لیا میرے سامنے۔۔

اس کی دھاڑ سن کر نمیرا بھی فوراً باہر آئی اور اپنے سر کو پہلی مرتبہ شہباز پر دھاڑتے دیکھا۔

مگر سر،،،سن تو لیں۔۔

شٹ اپ،،،بھاڑ میں جاؤ،،،مجھے سکون چاہیئے،،گیٹ لاسٹ شہباز،،،ویر نے دانت پیس کر کہا تو وہ منہ لٹکا کر اندر چلا گیا۔۔
کانچ آنکھوں سے تواتر سے لہو ٹپکا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ پیچھے ہٹی،،، اتنی نفرت،، اس کے سوچ کر ہی رونگٹے کھڑے ہوئے۔۔۔ مگر آنسو صاف کرتی پیچھے ہٹی اور شہباز کے پاس آئی۔۔

وہ نیناں درانی کے بارے میں کیا نیوز تھی مجھے دکھاؤ۔۔
شہباز نے لیپ ٹاپ اس کے سامنے کیا تو دبئی کی کوئی ڈارک ویب تھی۔۔
وہ یہ دیکھ کر اپنے آپ کو تقریباً گھسیٹتی کاٹیج کی دوسری منزل پر بنے ایک کمرے میں آئی۔۔ وہ سکارف جس سے نقاب کر رکھا تھا اتار کر سختی سے تھوڑا سا منہ میں ٹھونسا اور کچھ اپنے منہ پہ رکھ لیا ۔۔ اپنی چیخوں آہوں اور دھاڑوں کا گلا گھوٹنے کے لئے۔۔

بہت بھاری رات تھی،،، بہت دردناک،، اذیتوں میں ڈوبی،، کوئی بھی نا سو پایا،،،
دو جانوں کو تو کانٹوں پر گھسیٹ لیا گیا تھا۔۔ آگ کی بھٹی میں جھونک دیا گیا۔۔

اگلی صبح وہ تھوڑا بہت ناشتہ کر کے وہاں سے نکلے تھے۔۔
کاٹیج سے باہر نکلے۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آدھا جنگل کراس کیا تھا۔۔اب یہاں آکر ایک ٹوٹی پھوٹی عمارت تھی جہاں انھیں تھوڑی دیر کے لئے آرام کرنا تھا۔۔

ابھی وہ کچھ دور تھے جب ان پر حملہ ہوگیا۔۔

نیناں کو اس کی توقع نہیں تھی مگر جولی جتنی چالاک اور مکار تھی کچھ نا کچھ تو کیا ہوگا جوان پر حملہ ہوگیا۔۔

انھوں نے منہ توڑ جواب دیا۔۔
ایک آدمی ویر کے ہاتھ لگ گیا۔۔

ویر غصے سے پاگل ہوا اب اس شخص کو اپنی بیلٹ سے ادھیڑ رہا تھا۔۔
اور نمیرا حیرت سے پھٹی آنکھوں سے اپنے سر کا یہ وحشی روپ پہلی مرتبہ دیکھ رہی تھی۔۔
کیونکہ اس کا سر چیخ و پکار سن کر سکون حاصل کر رہا تھا۔۔

جب سامنے ایک درخت کے پیچھے سے ایک آدمی نے اس کے دل کا نشانہ لیا تھا،، وہ غصے میں دیکھ ہی نہیں پایا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر وہ دیکھ چکی تھی،، اور بجلی کی سی تیزی سے ویر کے سامنے آئی،، ایک سرسراتی گولی کندھے سے زرا نیچے کمر میں پیوست ہوئی اور ایک دلخراش چیخ مارتی زمین بوس ہو چکی تھی۔۔

ویر اس کی جانب لپکا۔۔ اور اسے اٹھانا چاہا۔۔

جاؤ بھاگ جاؤ،،، چلے جاؤ اپنی جان بچاؤ،،، نقاب کے پیچھے سے غراہٹ سنائی دی۔۔ کلرڈ آنکھوں میں ویر کے لئے فکر تھی۔۔

کبھی نہیں،،، وہ بھی دھاڑا۔۔ خون تیزی سے بہہ رہا تھا۔۔ وہ غنودگی میں جاتی بھی بولتی رہی۔۔

چلے جاؤ،،، چھوڑ دو مجھے،،

وہ منزل پر پہنچ ہی چکے تھے،، بلغراد جنگل کے بیچ و بیچ وہ چھوٹی سی ٹوٹی پھوٹی عمارت تھی۔۔ نمیرا تعاقب کرنے والے تمام بندوں کو موت کے گھاٹ اتار چکی تھی۔۔

ویر اسے اٹھائے اندر آیا۔۔ جو کہ اب بے ہوش ہو چکی تھی اور ایک میلے سے بستر پر لٹایا۔۔ پھر فائرنگ ہوئی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویران کو منہ توڑ جواب دینے شدید غصے سے باہر گیا۔۔

نمیرا تجسس کے مارے اس لڑکی کے پاس آئی جو بلیک جیکٹ،، بلیک پینٹ پر منہ پر سکارف یوں لپیٹے کہ بس آنکھیں نظر آتی تھیں۔۔۔پاس آئی۔۔

دیکھوں تو سہی کون ہے جو ہمارا ساتھ دینے یہاں تک چلی آئی اور سر کے لئے گولی بھی کھالی۔۔
نقاب ہٹایا تو نمیرا کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی تھی یہ دیکھ کر کہ وہ نیناں ہے۔۔

افففففف،،، آہٹ سنائی دی تو جلدی سے سکارف اس کے اوپر گرایا،،،،،

پیچھے مڑ کر دیکھا تو ویر تھا،،
نمیرا نے خاموشی سے نیناں کو کروٹ دلوائی اور اوندھے منہ کر دیا۔۔

اس کی بلٹ میں خود نکالوں گا،،، ویر کی بات پر نمیرا کی سانس اٹکی۔۔

نن،،، نو،،،، سر میں کر لوں گی،، وہ گڑبڑائی،، اگر ویر کو پتہ چل جاتا کہ یہ وجود کس کا ہے تو پتہ نہیں کیا قیامت لاتا۔۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شٹ اپ نمیرا،،، میں نے کہا ناں میں نکالوں گا،، ویر پاکٹ سے اپنی سوئس نائف نکالتا اس کی جانب بڑھا۔۔

نمیرا پیچھے ہٹ گئی

ایک نا ایک دن تو پتہ چل ہی جاتا،،،،۔۔

ویر قریب گیا،، کندھے سے نائف سے جیکٹ چاک کی،،، اور بڑے ماہرانہ انداز میں وہ گولی نکال دی ۔۔ایک دلخراش چیخ پھر سنائی دی۔۔

اٹس اوکے،،،،، سب ٹھیک،،،،،، ویر کے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے تھے جب غنودگی میں تڑپتی اس لڑکی کے چہرے پر نظر پڑی،،

وہ جھٹپٹا کر پیچھے ہٹا،، جیسے کسی اچھوت کو چھو لیا ہو۔۔

نمیرا چلو یہاں سے،،، وہ دھاڑا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اسے چھوڑ کر،،،

بھاڑ میں جائے یہ،،،اس کی آنکھوں اور چہرے سے لہو ٹپکا۔۔۔

سر اس نے اپنے اوپر گولی کھائی ہے آپ کو بچانے کے لئے۔۔ نمیر انے جتایا

مجھے کوئی پرواہ نہیں،، میں نے نہیں کہا تھا۔۔ وہ پھنکارا۔۔

جولی نے دبئی کی ڈارک ویب پر اعلان کیا ہے کہ لینا زبیر کو پکڑ کر لانے والے کو ایک کروڑ انعام دیا جائے گا۔۔اور بعد میں اسے بے لباس کر کے نیلامی کے لیے پیش کیا جانے والا ہے۔۔
شہباز سے پوچھ لیں۔۔ اب بھی فرق نہیں پڑے گا آپ کو،،،، وہ سنجیدگی سے بولی۔۔

یہ سن کر ویر کے کانوں سے دھویں نکلے تھے،، دروازے کو زوردار ٹھوکر رسید کر کے تن فن کرتا کچھ بھی کہے بغیر باہر نکل گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Search on Google (Urdu Novels Ghar)

For Read More Novels Famous Category Base Like

Rude Hero Based Urdu Novels List PDF

Feudal System Based | Wadera based | Jagirdar based

Kidnapping Based Urdu Novels List Download PDF

Hero Politician Based Urdu Novels List Download PDF

Super star based urdu novels List Download PDF

https://urdunovelsghar.pk/

https://urdunovelsghar.com/

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode 18...

پھر سے مقتل کو سجاؤ کہ میں زندہ ہوں ابھی
میرے قاتل کو بلاؤ،،،،،،کہ میں زندہ ہوں ابھی
نفرتیں ساری،،،،،،،،،میرے واسطے خالص کردو
زہر کا جام پلاؤ،،،،،،،،،،،،،کہ میں زندہ ہوں ابھی
اتنے معمولی سے،،،،،،،زخموں سے بنے کیا میرا
زخم کاری سا لگاؤ،،،،،،،کہ میں زندہ ہوں ابھی

ویر باہر درخت کے تنے پہ بیٹھا بالوں کو مٹھیوں میں جکڑے اندر اٹھتے غم و غصے اور اشتعال کے طوفان کو اپنے اندر دبانے کی کوشش میں ہلکان ہو رہا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ جو اپنے اصل کی جانب لوٹ کر یہاں گزرا ایک ایک پل بھول جانا چاہتا تھا۔۔ وہ پھر چلی آئی تھی۔۔ آرا لے کر اس کے دل کو چیرنے۔۔
اس کے دل و روح پہ نئے گھاؤ لگانے۔۔

سوچ سوچ کے پاگل ہو چکا تھا۔۔ کیا کرے۔ ایک طرف فرض تھا دوسری طرف محبت کی بے وفائی۔۔

فرض کہتا تھا کہ ایک ایسی لڑکی جو بے سہارا ہو چکی تھی۔۔ جسے اس کے اپنے بھیڑیوں کے آگے پھینکنے کو کتوں کی طرح ڈھونڈتے پھر رہے تھے،، اسے بچا لیا جائے۔۔

مگر ادھڑی ریزہ ریزہ ہوئی محبت کہتی تھی اسے یہیں پھینک کر چلا جائے اور زندگی بھر اس کی شکل نا دیکھے۔۔

سوچا نہیں تھا ایک مرتبہ پھر وہ اس طرح سامنے آ جائے گی کہ سانس تک سینے میں الجھا دے گی۔۔

وہ رونا نہیں چاہتا تھا مگر بار بار سرخ آنکھیں بھیگ جاتیں تھیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پینٹ کی پاکٹ سے سگریٹ نکالی اور لبوں میں دبا کر سلگائی۔۔اب یہ نیا شغل اپنا لیا تھا اپنی جان کو سگریٹ کے دھویں میں جھونکنے کا۔۔

اندر وہ بھی ہوش میں تھی اور ویر کا ایک ایک لفظ سن چکی تھی۔۔
نمیرا نے اس کی ڈریسنگ کر کے اسے سیدھا کیا۔۔تو آنسوؤں نے گالوں کو بھگو رکھا تھا۔۔
اسے افسوس ہوا۔۔

سنو نمیرا،،، جاؤ تم لوگ،،، دوبارہ حملہ ہو جائے اس سے پہلے نکل جاؤ،،، جاؤ یہاں سے،،،

شٹ اپ نیناں،،، تم نے دیکھا تم نے انھیں کیا سے کیا بنا دیا ہے۔۔سر تو ایسے تھے کہ انھیں اپنے کام میں بس انسانوں کو ٹارچر کرنا ناپسند تھا۔۔چیخوں سے انھیں وحشت ہوتی تھی۔۔مگر رات،،،، رات وہ چیخیں سن کر سکون حاصل کر رہے تھے۔۔درندہ بنا دیا ہے تمھاری چار دن کی سو کالڈ محبت نے انھیں۔۔پریو نو واٹ دیکھ لینا وہ پھر بھی تمھیں اس جہنم میں چھوڑ کر نہیں جائیں گے۔۔
کیونکہ ایک پاکستانی سپاہی ہر بار اپنی ذات سے پہلے اپنے فرض کو آگے رکھتا ہے۔۔

وہ نفرت بھرے لہجے میں بولی۔۔
نیناں پھر سسک پڑی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر ویر کی یہ حالت دیکھ کر وہ رات کو ہی ایک کڑا فیصلہ کر چکی تھی اب اس پر عمل کرنا تھا۔۔

مگر میں خود تم لوگوں کے ساتھ جانے سے انکار کر رہی ہوں۔۔مجھے نہیں جانا،، میں واپس جا رہی ہوں۔۔اپنی حفاظت کر سکتی ہوں۔۔

تبھی ویر روم میں داخل ہوا تھا اور اس کی بات بھی سن چکا تھا اسے سامنے اور اس حالت میں دیکھ کر ایک مرتبہ نیناں کی بیک بون میں سرسراہٹ ہوئی تھی۔۔اور نمیر ادنگ سی ویر کی دگرگوں حالت دیکھ رہی تھی۔۔

چلو یہاں سے نکلنا ہے ہمیں،،، سب باہر کھڑے ویٹ کر رہے ہیں،، شہباز اور وہ سب دور تک دیکھ کر آئے ہیں کوئی نہیں ہے تعاقب میں۔۔۔اب چلو،،
ویر کہہ کر مڑا۔۔

نمیر انے نیناں کی طرف دیکھا۔۔اور نگاہوں نگاہوں میں اسے اٹھنے کو کہا مگر وہ ٹس سے مس نا ہوئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سریہ،،، نمیرا جھجکی۔۔

نمیرا سب چل رہے ہیں اور اگر کسی نے یہاں رہنا ہے تو بولو کس نے۔۔ میں خود اسے شوٹ کر دوں گا۔۔ وہ غرایا اور باہر نکل گیا۔۔
بڑے سیدھے طریقے سے گھما کر دھمکی دی گئی تھی۔۔

چلو،،، نمیرا نے کہا۔۔

مگر،،، نیناں اس سے پہلے کچھ کہتی نمیرا نے اسے بازو سے دبوچ کر کھڑا کیا تھا اور ساتھ لئے باہر نکلی۔۔ وہ بے بسی کے احساس سے لب کاٹ کر رہ گئی۔۔

پھر وہ وہاں سے نکلے تھے۔۔ نیناں کو چلنے میں تکلیف محسوس ہو رہی تھی اور خون بہہ رہا تھا۔۔ مگر نمیرا نے اسے گھسیٹے رکھا۔۔
آخر وہ شام ڈھلے بلغاریہ کے بارڈرز پر تھے۔۔

جہاں پر شاہ زل اپنے ڈیڈ کو دیکھ کر اور خود پر قابو نہیں پا سکا اور گلے سے لپٹ کر بے آواز آنسو بہانے لگا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ ویر سلطان کے ساتھ کچھ سولجرز تھے جو ان کے ساتھ ان لوگوں کو ریسکیو کرنے آئے تھے

ویر نے میرسن میں شاہ زر کو ازھاد کے ساتھ سہی سلامت پاکستان بھیج کر ترکی پولیس اور فوج سے رابطہ کیا تھا۔
جس سے وہ بہت جلد ایکشن میں آئے اور جولی اور زبیر کو دم دبا کر ترکی سے بھاگنا پڑا۔۔۔
ویر کو غصہ آیا مگر اس سے تو بعد میں نمٹنے کی قسم کھائی پہلے اپنے بیٹے کی فکر لاحق ہوئی۔۔

تب ایک انجان لڑکی نے اس سے رابطہ کیا اور تمام صورتحال بتائی۔۔
پھر اسی نے ویر کو بتایا کہ وہ انھیں فوریسٹ سے بلغاریہ لے کر جا رہی ہے تو وہ سامنے سے پہنچ کر انھیں ریسکیو کریں۔۔

اور اب اس کا بیٹا اس کے سامنے تھا ٹوٹی بکھری حالت میں۔۔اس کے آدمیوں میں اور نمیرا کے علاوہ ایک اور لڑکی تھی جو پیلے زرد چہرے سے خود کو کھڑے رکھنے کی تگ ودو میں ہلکان ہو رہی تھی۔۔

ویر کو سمجھنے میں دیر نا لگی کہ یہ وہی لڑکی ہے جس نے ان کی مدد کی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ بلغاریہ آیا تھا۔۔اور اب وہ سب محفوظ تھے۔۔

ویر نے اس کی پیٹھ تھپتھپائیں۔۔ہیے جونئیر حوصلہ رکھو یار۔۔

جب اچانک نیناں زمین بوس ہوئی تھی۔۔جونیئر نے تو پلٹ کر دیکھا بھی نہیں۔۔نمیرا ہی اس کی جانب لپکی۔۔

وہ سب اب گاڑیوں میں ہوسپٹیل کے لئے نکلے تھے۔۔

یادوں میں تیری یاد تھی،،،
کیا یاد تھا؟،،، کچھ یاد نہیں
تیری یاد میں سب کچھ بھول گیا
کیا بھول گیا، کچھ یاد نہیں
بس یاد ہو تم،، صرف یاد ہو تم
کیوں یاد ہو تم، کچھ یاد نہیں

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بیسمنٹ کے ٹھنڈے فرش پہ بیٹھے اریش کی آنکھوں سے آنسو تواتر سے بہہ رہے تھے۔۔
پاؤں میں لوہے کی زنجیر سے اسے باندھا گیا تھا۔۔ کمر کے گرد بھی زنجیر تھی۔۔
سرخ آنکھیں،،، بکھرا حلیہ،،، بڑھی بئیرڈ،،،،،

اور اسے باندھنے والی کوئی اور نہیں اس کی سگی ماں تھی۔۔ کاش وہ پیدا ہوتے ہی مر جاتا تو آج یہ نارسائی کا دکھ،،، پل پل تڑپتے نیم جان ہوتے اپنی کی گئی بے وفائی کا عذاب تو نازل نہیں ہوتا خود پر
۔۔

اگر اس کے بس میں ہوتا تو اپنی بے وفائی پر خون کے آنسو بھی بہا چکا ہوتا۔۔ پچھتاوں کے ناگوں نے ڈس ڈس کر رگوں کو زہریلا اور نیم جان کر دیا تھا۔۔

ہاتھ میں اس وقت وہ بریسلٹ تھی جب اس کی بیری نے اسے غصے سے دھتکارتے خود سے دور پھینکا تھا تب بیری کی کلائی سے نکل کر وہ بریسلٹ اریش کے ہاتھ آ گئی تھی۔۔

اے بے بی گرل،،، تم جانتی ہو تمھارا یہ گناہ گار کس قدر اذیت میں ہے۔۔ اگر جانتی تو مجھے بھی اپنے ساتھ لے جاتی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اے ڈمپل گرل خدا کے لئے میرے سامنے کہیں سے آجاؤ،، میں تمھارے قدموں کی خاک بن جاؤں گا۔۔

میری بیری،،،، مگر،،، تم تو وہاں چلی گئی ناں،،،، جہاں سے میں تمھیں چاہ کر بھی واپس نہیں لا سکتا۔۔

وہ بریسلٹ دل کے مقام پر رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر بچوں کی طرح رویا۔۔

فکر مت کرو بیری،،، تمھارا یہ بد نصیب قاتل بھی روز جیتا ہے روز مرتا ہے۔۔ پل پل ایک نئی اذیت نازل ہوتی ہے اس دل پر کہ میں نے وہ چپ حاصل کرنے کے لئے تم سے دھوکہ کیا۔۔

مگر قسم لے میری محبت کی،، وہ رشتہ جو تم سے قائم کیا وہ دل سے کیا،،، تمھارے قریب آیا تو محبت کی رضامندی سے،، بغیر کسی مقصد کے۔۔ سنو مجھے معاف کر دو گی ناں۔۔ وہ بریسلٹ سے یوں مخاطب تھا جیسے کہ سامنے اس کی بیری ہو۔۔

تبھی سیڑھیوں سے آہٹ محسوس ہوئی۔۔ مگر اسے پرواہ نہیں تھی۔۔

مگر۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سر۔۔اریش سر،، پارکر کی آواز آئی۔۔ایک ضروری خبر ہے آپ کے لئے،، بہت مشکل سے جولی میم کے بندوں کو ڈاج دے کر یہاں پہنچا ہوں صرف آپ کو یہ بتانے،،، وہ قریب آ کر انگلش میں بولا۔۔

مگر وہ جوں کا توں بیٹھا رہا۔۔بھلا اب کیا خبر اس کے لئے اہم ہو سکتی ہے۔۔

سر،،، خبر،،، مطربہ اریش زبیر کے بارے میں ہے،،، اب کی بار پارکر نے اپنی بات پر زور دے کر کہا تو وہ فوراً سیدھا ہوا۔۔پارکر نے مطربہ شاہ زر سلطان کہنے کی بجائے مطربہ اریش زبیر کہا۔۔۔۔اور سرخ سوالیہ روئی ہوئی نگاہیں پارکر کے چہرے پر گاڑھیں۔۔

جلدی بتاؤ۔۔اریش بے چین ہوا۔۔

سر میں نے اپنی ایک وفادار ساتھی کو ہوسپیٹل بھیجا تھا۔۔جب مطربہ کی آخری رسومات چل رہی تھیں تو وہ ایز آ مسلم میت کا آخری دیدار کرنے کو آگے گئی۔۔مگر سلطانز نے کسی کو بھی اس کا چہرہ نہیں دیکھایا۔۔۔حتی کے قبرستان میں کافن میں بھی نہیں،، شیشے کے اوپر پرچم ڈال دیا گیا۔۔اٹس مین کے،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پارکر جان بوجھ کر خاموش ہو گیا۔۔ اریش جو بغور اس کی بات سن رہا تھا بولا۔۔

اٹس مین کے سلطانز کچھ چھپا رہے تھے،،، اٹس مین کے آخری رسومات کا وہ ڈرامہ جھوٹا بھی ہو سکتا ہے،، اٹس مین کے میری بیری زندہ بھی ہو سکتی ہے،، اریش کی آنکھوں میں چمک آئی۔۔

اور سر آپ نے یہ کیوں نہیں سوچا ابھی تک کہ اگر وہ شہید ہوتی تو ان کی باڈی پاکستان لے کر جائی جاتی ۔۔ جہاں پورے اعزاز کے ساتھ انھیں دفنایا جاتا۔۔ یہیں کیوں آخری رسومات ادا کی گئیں۔۔۔
وہ انگلش میں بولتا اس پر سوچوں کے نئے در وا کیئے جا رہا تھا۔۔

جب بے تحاشا جوش سے اس کے ہاتھ تھامے۔۔ تم نہیں جانتے پارکر تم نے مجھے جینے کی نئی وجہ دے دی۔۔ ایک مقصد دے دیا،،
پارکر نکالو مجھے یہاں سے مجھے سچ جاننا ہے،، وہ دھاڑا اور پاؤں کی زنجیر کھینچی۔۔

سر پلیز،،،،، پیشنس رکھیں،،، ہر قدم سوچ سمجھ کر پلین بنا کر اٹھائیں۔۔ اس جولی کا بھروسہ جیتیں کہ آپ کو آپ کی غلطی کا احساس ہو گیا۔۔ پھر باہر نکلیں اور اسے اور اس کے نیٹ ورک کو توڑیں ۔۔ تب ہی آپ کے گناہوں کا ازالہ ہو پائے گا،،، اس بارے میں آپ سوچیں،،، ابھی مجھے نکلنا ہو گا اس سے پہلے کہ کوئی آ جائے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یہ کہہ کر پار کر جس خاموشی سے آیا تھا اسی خاموشی سے واپس چلا گیا مگر پیچھے ایک دیوانے کو جینے کا مقصد دے گیا۔۔۔

سہانا کی جان سولی پر لٹکی تھی۔۔کیونکہ مسلسل اسے میسجز کر کے پریشان کیا جا رہا تھا۔۔

میسجز کرنے والے کو یہ تک پتا ہوتا کہ وہ اس وقت کہاں ہے،،کیا کر رہی ہے،،،کیا پہنا ہے۔۔ اس کے ہاتھ پاؤں پھولے رہتے۔۔

سوچ سوچ کر پاگل ہو گئی کہ یہ کون ہو سکتا ہے۔۔شاہ زین تو بلکل بھی نہیں وہ تو اس قدر ناراض تھا اس سے۔ شکل تک نہیں دیکھتا تھا اس کی۔۔

سلطان مینشن میں سب سے اسے بہت محبت ملی تھی۔۔ان کا ظرف تھا کہ کسی نے بھی اسے اس کی غلطی پر جتایا نہیں تھا۔۔سب ٹھیک تھا۔۔مگر ربیع اس سے کم ہی بات کیا کرتی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

آخر اس کا لاڈلا بھائی جو ہرٹ ہوا تھا اس کی وجہ سے۔۔
اب بھی وہ ڈرتی جھجھکتی یونی آئی تھی۔۔

اور اسے کیا معلوم اس کی چہرے کی اڑی رنگت اور ڈرا سہما چہرہ کسی کو کتنا اچھا لگتا تھا۔۔
اب بھی وہ کینٹین،، لائبریری سے بچ کر آج آڈیٹوریم چلی آئی تھی اور اب قدرے ملگجے سے اندھیرے میں پرسکون سی چئیر پر بیٹھی تھی۔۔

کچھ بھی تھا۔۔ چاہے وہ اکیلی تھی مگر یہاں سکون تو تھا ناں
مگر اسی بات نے کسی کو آگ لگائی تھی۔ کہ وہ وہاں اکیلی کیوں تھی۔۔۔۔ سو وہ چلا آیا اس سے حساب لینے۔۔
فارس کی شرٹ پہن کر منہ پر دوپٹہ باندھے۔۔ تاکہ الائچی کی خوشبو بھانڈا نا پھوڑ دے۔۔

وہ لاپرواہ سی بیٹھی اپنے خیالوں میں کھوئی تھی۔۔ جب پاس والی چئیر سے غراہٹ نما سرگوشی سنائی دی۔۔

کیا کر رہی ہو یہاں اکیلی،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ اچھلی،،،کک، کون،،، اور اٹھ کر بھاگنے والی تھی جب ساتھ بیٹھے شخص نے بازو سے دبوچ کر واپس چئیر پر کھینچا۔ اور اچانک کھڑے ہو کر جھک کر چئیر پر دائیں بائیں بازو رکھ اس کے فرار کا رستہ بند کر دیا۔۔

اس کا چہرہ خوف سے لٹھے کی طرح سفید ہو چکا تھا۔۔ شاہ زین نے دلچسپی سے اسے دیکھا۔ بلیک شلوار قمیض کے اوپر بلیک دوپٹہ لئے وہ چاندی کی طرح دمک رہی تھی۔۔۔ مگر یہ طے تھا کہ شاہ زین کو اس سے سرگوشی میں بات کرنی ہوگی نہیں تو وہ اس کی آواز پہچان لیتی۔۔

پھوپھی کا گھر ہے جہاں مزے سے اکیلی بیٹھی مراقبے میں گئی ہوئی ہو،، اگر ابھی میں تمہارے ساتھ کچھ کر دوں تو کسی کے باپ کو بھی پتہ نہیں چلنے والا،، وہ پھر سرگوشی میں غرایا،،
سہانا کو اس کی سنگین غلطی کا احساس ہو چکا تھا۔۔

مم میں،، ایسی غلطی دوبارہ نہیں کک،،، کروں گی،، جانے دو مجھے،،، سہانا کی پلکیں بھیگ گئی۔۔

ہمم گڈ،،، ایسے ہی میری بات مانتی رہی تو،، ہماری فیوچر لائف بہت مزے کی گزرنے والی ہے،،
سرگوشی نما آواز اس کا دل دہلا رہی تھی،،
سامنے والے کے اس شوشے پر اب واقعی سہانا کے رونگٹے کھڑے ہوئے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کک کیا مطلب،،،کک، کون ہیں آپ،، اندھیرے میں وہ دیکھ نہیں پا رہی تھی۔ مگر سامنے والا مزید اس کے کان پر جھکا۔۔

دل کو یہ آرزو تھی کوئی دلربا ملے،،،،،،

سہانا کی سانس اٹکی۔۔ مگر اب یہ ڈرنے کا وقت تو بلکل بھی نہیں تھا۔۔ اسی لئے اس سے الجھ بیٹھی ۔۔

یو ایڈیٹ،،، جو کوئی بھی ہو،، کان کھول کر سنو،، پہلی اور آخری مرتبہ بول رہی ہوں،، دور رہو مجھ سے،، کسی اور سے محبت کرتی ہوں میں سمجھے،،، زرا دلچسپی نہیں مجھے تم میں،،، ایسا غائب کرواؤں،،،،،،،،

وہ دانت پیس کر بولی۔۔۔ مگر شاہ زین نے اس کی بات مکمل نہیں ہونے دی۔۔

رئیلی،،، زرا اس سپر مین کا نام تو پتہ چلے مجھے بھی،، وہ رومال کے پیچھے گہرا مسکرایا،،، ٹانگیں توڑ دونگا اس کی،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زین سلطان نام ہے،،،اب زرا مرد کے بچے بن کے دکھاؤ اور توڑ کے دکھاؤ ٹانگیں،،،اس سے پہلے میں تمھارا منہ توڑ دوں گی۔۔وہ اس پر جھپٹی۔۔

مگر شاہ زین تیزی سے اس کی کلائیاں تھام چکا تھا۔۔

ارے ارے میری جنگلی بلی،،،مرد کا بچہ تو شادی والے دن بنوں گا،،اور اتنی محبت دوں گا کہ اسے بھول جاؤ گی۔۔شاہ زین نے چھیڑا

مگر سامنے تو تلووں پر لگی اور سر پر بجھی۔۔لال ٹماٹر چہرہ لئے وہ پھنکاری

یو،،،،گدھے،،،الو کے پٹھے،،ہاتھ چھوڑو پھر بتاتی ہوں تمھیں میں،،،،

اس سے پہلے شاہ زین کو اس کی مزید قوالی سننے کو ملتی شرارت سے رومال کے پیچھے سے لب اس کے ماتھے پر رکھ کر رفو چکر ہو گیا۔۔

پیچھے وہ اس اجنبی کی جرات اور جسارت پر دنگ منہ کھلے کا کھلا رہ گیا۔۔

یو،،،،،،االو کا پٹھا۔۔وہ اس کی جرات پر اس کا سر پھاڑنے اس کے پیچھے لپکی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ آڈیٹوریم سے باہر نکلی تھی۔جب بھاگتے کسی کے چوڑے سینے سے ٹکرائی۔۔

Whatthehe'll,,,,,,,

کیا بدتمیزی ہے یہ،،شاہ زین نے بمشکل سنجیدگی طاری کرتے اس سے پوچھا تو،،،فوراً باہر نکل کر شرٹ بدلی تھی اور رومال ہٹائے تھے۔۔

آئم سوری،،مم میں نے جان بوجھ کر نہیں کیا وہ،،،،وہ شاہ زین اندر،،،اندر مجھے کوئی لڑکا پریشان کر رہا تھا۔۔

اور تم اندر کر کیا رہی تھیں،،،زرا وضاحت دو،،وہ دانت پیس کر بولا تو سہانا لاجواب ہو گئی۔۔

آئندہ اس طرف آئیں تو ٹانگیں توڑ دوں تمھاری،،،وہ غراتا وہاں سے جا چکا تھا،،،
دونوں طرف سے اچھی طرح اس کے ذہن میں بٹھا کر کے اب اسے ایسے کہیں اکیلے اور تنہا ،،،،،شتر بے مہار نہیں چل پڑنا ہے منہ اٹھا کر۔۔۔۔وہ جا چکا تھا۔۔۔
افففففف کہاں پھنس گئی۔۔اس نے ماتھا پیٹا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ پاکستان لوٹے تھے۔۔اور اب ائیر پورٹ کے بینچ پر سر جھکائے بیٹھی نیناں بڑی دیر سے کسی غیر مرئی نقطے کو گھور رہی تھی۔۔۔اور سوچ رہی تھی کہ اسے جانا کہاں ہے۔۔

سکارف اچھی طرح اپنے گرد لپیٹا ہوا تھا۔۔

کیونکہ گولی نکالنے کو پیچھے سے جیکٹ چاک کی گئی تھی۔۔

پھر بلغراد میں جب وہ بے ہوش ہوئی تھی اسے ٹریٹمنٹ دی گئی تھی۔۔

جونیئر کے سب آدمی الوداع بول کر جا چکے تھے۔۔جب نمیرا اس کے قریب آئی۔۔۔

چلو۔۔۔نمیرا نے کہا،،،،

کہاں،،،نیناں نے غائب دماغی سے کہا۔۔

مطلب،،،نمیرا کے ماتھے پر بل آئے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کچھ نہیں ایسا کرو تم لوگ جاؤ اور مجھے یہاں کے کسی اور فینچ کا ایڈریس دے دو،،، نیناں کا چہرہ سپاٹ تھا۔۔

نمیرا جاؤ تمھارے فادر آ گئے تمھیں رسیو کرنے۔۔

تبھی شاہ ویر سلطان وہاں اس کے پاس آیا تھا،، نمیرا چلی گئی جو نئیر کو جا کر گاڑی میں بیٹھنے کو بولا۔۔

خود اس کے پاس بیٹھا،،، تم میرے ساتھ چلو گی بیٹا،،، شاہ ویر نے سنجیدگی سے کہا۔۔
نیناں اندر تک ہلی۔۔

آپ کو پتا ہے میں نے آپ کے بیٹے کے ساتھ کیا کیا؟ وہ سرد و سپاٹ لہجے میں بولی تاکہ سلطانزا سے اس کے حال پر چھوڑ کر بس چلیں جائیں۔۔

اب بس ہو چلی تھی اتنے بڑے دھوکے کے بعد اب اور ان کے احسانات کا بوجھ نہیں لادنا چاہتی تھی اپنے کندھوں پر۔۔ کہ اس بوجھ تلے دب کر مر ہی جاتی۔۔

مجھے پتا ہے،،، شاہ ویر اطمینان سے بولا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر بھی آپ مجھے ساتھ چلنے کو بول رہے ہیں۔۔مجھے تو آپ کو شوٹ کر دینا چاہیئے۔۔

شاہ ویر مسکرایا۔۔تو نیناں کو پتہ چلا کے اس دشمنِ جاں نے وہ ڈمپل کہاں سے چرایا ہوگا۔۔

سلطانز اپنا انتقام شوٹ کر کے نہیں لیتے،،،شاہ ویر نے لاپروائی سے کہا۔۔

تو کیسے لیتے ہیں،،وہ بھی پوچھ بیٹھی۔۔

اسے چھوڑو،،،وقت آنے پر پتہ چل جائے گا مگر اب تم اس بات پر ایگری کرتی ہوں کہ سب چیزیں تم نے خراب کیں،،تم اس کی زمہ دار ہو،،،شاہ ویر پوچھ بیٹھا۔۔

یس میں قبول کرتی ہوں۔۔۔وہ بے چین سی بولی۔۔

تو پھر تمھیں ہی اس سب کو ٹھیک کرنا ہے رائٹ،،،؟شاہ ویر نے حسبِ عادت سامنے والے کو باتوں میں الجھایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یس مگر کیسے،،،،؟اس نے شاہ ویر کو دیکھا۔۔

دیکھو بیٹا،،، نا تمھیں معافی لیے بغیر چین آئے گا نا میرے بیٹے کو معاف کیے بغیر،، تو اچھا نہیں ہے تم لوگ جو باتیں بگڑ چکی ہیں ان کو ٹھیک کرو،،، اس سے معافی مانگ کر پھر چاہے جدھر مرضی ہے چلی جانا۔۔شاہ ویر لاپرواہی سے بولا۔۔

پتہ تھا وہ چلی گئی تو اس کے بیٹے کی زندگی چلی جائے گی۔۔ خود کے ساتھ بھی تو بیت چکی تھی۔۔وقتی غصہ تھا،، اس کے بیٹے کا بلکل اسی کی طرح،،، بعد میں پھر مرے گا تڑپے گا۔۔

اب چلو،،،، شاہ ویر کھڑا ہوا

مگر وہ،،، نیناں نے سہم کر کہا،،

کچھ نہیں کہے گا،، ہمارے دو گھر ہے تم دوسرے میں رہنا،، اوکے
اب چلو،،، نیناں کھڑی ہو گئی اور مردہ سے قدموں سے شاہ ویر سلطان کے پیچھے چل دی۔۔

گاڑی تک پہنچے تو وہ فرنٹ پر آنکھیں موندے سیٹ سے سر ٹکائے نیم دراز تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ ویر نے نیناں کے لئے دروازہ کھولا،، بیٹھو بیٹا،، وہ چپ چاپ بیٹھ گئی مگر وہ ٹس سے مس نا ہوا۔۔

سچ تو یہ تھا وہ اسی جن سے ڈر رہی تھی جس کا اتنا غصیلا روپ دیکھ کر پہلی دفعہ اسے زندگی میں کسی چیز سے اتنا ڈر لگا تھا۔

ویسے بھی اتنے اچانک وہ سب ہو جانا،،، بھائی کا ساتھ چھوٹ جانا۔۔ماں باپ کا یہ روپ۔۔تن تنہا دور دیس آ جانا،، اس کا بری طرح کونفیڈینس بریک ہوا تھا۔۔

سلطان مینشن میں بھونچال آیا تھے۔۔۔وہ سب واپس لوٹے تھے۔۔

ایسی حالت میں۔۔

سب سے زیادہ طوفان حبہ لائی تھی۔۔اور شاہ زر کو اس کو سنبھال پانا مشکل ترین امر ہو گیا تھا۔۔

Continue.....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode19....#Shahzain&Suhananikaahspecial

عقاب کو تھی غرض،،،،، فاختہ پکڑنے کی
جو گر گئی تو یونہی نیم جان چھوڑ گیا
عقب میں گہرا سمندر،،،، ہے سامنے جنگل
یہ کس انتہا پہ،،،،، میرا مہربان چھوڑ گیا

حبہ سوپ کا باؤل لئے سلطان مینشن کے کچن سے نکل کر اب بنگلے کے اوپر کے بنے پورشن میں جا رہی تھی۔۔جب ہلکے سے دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی۔۔

سامنے ہی بیڈ پر وہ نیم جان نیم مردہ سا وجود اس کی زندگی سے بھرپور ہنستی کھلکھلاتی بیٹی کا تھا۔۔جو اب پیلے زرد رنگ کے ساتھ برسوں کی مریضہ دکھائی دے رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ بیڈ کے قریب آئی۔۔دل تو کرتا تھا بیٹی کی اس حالت پر دھاڑیں مار مار کر روئے مگر وہ پتھر کی بن چکی تھی۔۔کہا تھا،،، نہیں معاف کرے گی۔۔

کبھی بھی نہیں،،،،،

کسی صورت نہیں،،،،

مطربہ،،،،،اس نے آواز دی۔۔۔مطی نے دھیرے دھیرے آنکھیں کھولیں۔۔

جو پہلا لفظ منہ سے ادا کیا وہ تھا۔۔

ڈیڈ،،،

اتنے میں ہی شاہ زر روم میں داخل ہوا تھا۔۔

یس میری جان،،،مائی لٹل ڈول،،،وہ مسکرایا اور اس کے سرہانے آ کر بیٹھا۔۔کندھوں سے سہارا دے کر اسے تکیوں پر نیم دراز کیا۔۔

بکھرے بال،،،اجڑا حلیہ،،ہلدی کی طرح زرد رنگ،،آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے،،،کون کہہ سکتا تھا وہ مطی تھی،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حبہ نے سوپ کا باؤل شاہ زر کو خاموشی سے تھمایا،،، بول تو وہ شاہ زر سے بھی نہیں رہی تھی۔۔اور یہی بات شاہ زر کو تکلیف دے رہی تھی۔۔

ہیے پرنسز چلو فٹا فٹ منہ کھولو،،، یہ سارا سوپ فنش کرنا ہے بھئی۔۔

وہ چپ چاپ سوپ پینے لگی۔۔نا بحث،، نا ضد،،، نا کوئی شرارت
نہیں تو پہلے تو بیماری میں اسے سوپ پلانا ہی جوئے شیر لانے کے مترادف ہوتا تھا۔۔
تھوڑا سا پی کر،،،

بس ڈیڈ،،، مجھے ریسٹ کرنا ہے۔۔وہ آہستگی سے بولی۔۔

اوکے،،، شاہ زر نے باؤل سائیڈ پر رکھا۔
ادھر آؤ، تکیہ پر سر رکھ کر اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگا،، وہ دوبارہ سر دو سپاٹ آنکھوں سے چھت کو گھورنے لگی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جب سے ہوش میں آئی تھی۔۔یہی تو کر رہی تھی۔۔بس سرد و سپاٹ چہرے سے چھت کو گھورے جاتی۔۔۔شاہ ویر نے ان تینوں کو ہیلی میں پاکستان بھیج دیا تھا۔۔اس کی سرجری ہو چکی تھی۔۔کوکھ اجڑ چکی تھی۔۔۔۔خون کافی بہہ گیا تھا مگر خوش قسمتی وہ بچ گئی تھی۔۔

باقی علاج پاکستان آ کر ہوا۔۔

زخم کافی حد تک مندمل ہو چکے تھے۔۔مگر جو روح پر لگے تھے وہ تو شاید ساری زندگی نا ہو پاتے۔۔

اسے زندہ بچ جانے پر افسوس ہوا تھا۔۔اور اب ماں کی بے رخی اور ناراضگی بھی جھیل رہی تھی۔۔

اب روح پر لگے یہ زخم ساری زندگی ناسور بن کر اسے تکلیف اور اذیت دینے والے تھے۔۔

شاہ ویر،،،جونیئر اور نیناں پہلے سلطان مینشن ہی آئے تھے۔۔شاہ ویر نے نیناں کو روپ کے سپرد کیا تھا۔۔

روپ مما یہ اب ہماری زمہ داری ہے اس کا بہت اچھے سے خیال رکھنا ہے آپ نے۔۔جب حاتم مینشن جائیں گی تو اسے ساتھ لے جانا۔۔

کہہ کر شاہ ویر مطی سے ملنے گیا تھا۔۔جونیئر تو پہلے ہی جا چکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

روپ نیناں کے صدقے واری گئی۔۔کتنی پیاری بچی ہو،،کیا نام ہے بیٹا۔۔

نیناں درانی،،،اس کی پلکیں بھیگیں

آؤ میں تمھیں روم دکھا دوں۔۔فریش ہو جاؤ۔۔اور آرام کرو۔۔پھر کھانا بھی کھانا ہے۔۔
نیناں چپ چاپ ان کے ساتھ ایک روم میں آ گئی۔۔

ارے تم فریش ہو جاتیں،،،مگر تمھارے پاس تو کپڑے ہی نہیں ہیں،،میں ایسا کرتی ہوں ابھی فی الحال مطی یا سہانا کا ڈریس تمھیں دے جاتی ہوں بعد میں ڈھیر ساری شاپنگ کریں گے اوکے۔۔

اس نے آہستہ سے اثبات میں سر ہلایا۔۔روپ کے کچھ دیر بعد ہی ایک میڈ اسے آ کر ایک ڈریس دے گئی۔۔

کافی دیر بعد وہ فریش ہوئی تھی تو کافی سکون ملا تھا۔۔کپڑے کافی ڈھیلے ڈھالے تھے۔۔بھیگے بالوں سمیت وہ باہر آئی۔۔
اور سکون سے بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ادھر شاہ ویر اور جونئیر مطی کے پاس بیٹھے تھے۔۔

تبھی باقی سب بھی روم میں آئے تھے۔۔ پلوشہ اپنے بیٹے کے گلے لگ کر بہت روئی تھی۔۔

سب کی آنکھیں اشکبار تھیں۔۔ سوچا نہیں تھا ایسا ہوگا۔۔

مگر جلد ہی ربیع کی بک بک نے ان کا دھیان بٹایا تھا۔۔۔

شاہ زل نے ویر کو اشارہ کر کے باہر بلایا۔۔

ویر باہر آیا۔۔۔

ڈیڈ مجھے کرنل وسیم سے ملنا ہے۔۔شام تک آتا ہوں۔۔

اوکے،،،،خیال رکھنا اپنا،،ویر نے اس کی سرخ آنکھیں غور سے دیکھیں۔۔

کم آن ڈیڈ بچوں کی طرح تو ٹریٹ نہیں کریں،،،میں رکھ سکتا ہوں اپنا خیال،،وہ جھنجھلایا

وہ جانے لگا جب قدم پھر روکے،،ویر بیٹے کی جانب متوجہ ہوا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ڈیڈ اسے کہنا اگر حاتم مینشن سے قدم باہر نکالا تو ٹانگیں توڑ کر چیل کووں کو کھلا دوں گا۔۔ شاہ زل کا سرسراتا لہجہ

ویر نے بیٹے کی پشت کو دیکھا اور بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ ڈالا۔

پابند کرنا چاہتے ہو اسے،،، کس حق سے ؟

اس نے غصہ ضبط کرنے کو جبڑے بھینچے۔۔۔ کم آن ڈیڈ،، بات دراصل یہ ہے کہ مجھے رتی برابر بھی اس پر بھروسہ نہیں،،، کیا پتہ اب بھی دشمنوں نے بھیجا ہو اسے اور اب بھی کوئی گیم کھیل رہی ہو ہمارے ساتھ،،، ایکٹنگ تو کمال کی کرتی ہے ناں
وہ اس کی ذات کی دھجیاں بکھیرنے میں مصروف تھا جو کہ اس روم میں یہ سب گفتگو سن رہی تھی۔۔

شاہ زل،،، ویر نے تنبیہہ کی،، مگر وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے جا چکا تھا۔۔

تبھی پلوشہ ویر کے پاس آئی تھی۔۔ کیونکہ اپنے بیٹے کی تمام گوہر افشانی سن چکی تھی۔۔

شاہ مجھے بتائیں کیا ہوا اسے،،، پری نے کڑے تیور لئے ویر سے پوچھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پری وہ،،، ویر نے ٹالنا چاہا۔۔

آپ کو پتہ ہے آپ مجھ سے جھوٹ نہیں بول سکتے۔۔ پلیز شاہ مجھے بتائیں۔۔
ویر پلوشہ کو سٹڈی میں لے کر گیا اور ترکی کی ساری کہانی سنا دی۔۔
پلوشہ کے ماتھے پر بل آئے۔۔

شاہ اتنا کچھ ہو گیا،،، آپ مجھے اب بتا رہے ہیں وہ ناراض ہوئی۔۔

مجھ سے ناراض ہونے کی بجائے اپنے بیٹے کو سنبھالو پری،، ٹوٹ گیا ہے وہ۔۔
سنبھل جائے گا انشاءاللہ،، پلوشہ نے پر عظم لہجے میں بولا۔۔

پلوشہ ہلکا سا ناک کر کے نیناں کے روم میں داخل ہوئی اور اس کے پیچھے شاہ ویر سلطان۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس کی لال انگارہ آنکھوں سے صاف پتہ چل رہا تھا کہ وہ کتنی شدت سے روئی ہوگی۔۔اور شاہ زل کی تمام بات سن چکی ہوگی۔۔

وہ بیڈ پر فرش پر ٹانگے لٹکائے سر جھکائے بیٹھی تھی۔۔مگر ان دونوں ہستیوں کو اپنی طرف آتا دیکھ سیدھی ہو گئی۔۔

پری کو جانے کیوں وہ جانی پہچانی اور اپنی اپنی سی لگی۔۔

وہ کھڑی ہو گئی۔۔سامنے یقینا شاہ زل کی ماں تھی۔۔وہ سخت نروس اور شرمندہ ہوئی۔۔

بیٹھو بیٹا،،شاہ ویر نے نرمی سے کہا،،شاہ ویر صوفے پہ بیٹھ گیا جبکہ پلوشہ اس کے قریب بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔

کیسی ہو،،، بھوک تو نہیں لگی،، کچھ چاہیے،، پلوشہ نے نرمی سے پوچھا۔۔نیناں کو ان کی نرمی پر حیرت کا جھٹکا لگا،، تبھی پلوشہ سے بھی وہی سوال پوچھ بیٹھی جو شاہ ویر سے پوچھا تھا،،

آپ کو پتا ہے میں نے آپ کے بیٹے کے ساتھ کیا کیا،،،؟

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پلوشہ خاموش ہو گئی۔۔ مگر
جو بھی ہوا اس میں تمھاری غلطی تھوڑی تھی وہ تو غلط فہمی تھی۔۔ تمھیں بھٹکایا گیا تھا۔۔ غلط بتایا گیا تھا۔۔ مگر اب سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔۔

نیناں نے بے یقینی سے سامنے بیٹھی ہستی کو دیکھا۔۔ پر سسک پڑی،، پری نے مسکرا کر اسے اپنی آغوش میں بھر لیا۔۔ پتا جو تھا اس بے وقوف لڑکی کی سانسیں اس کے پاگل بیٹے کی لائف لائن تھیں۔۔

پری کافی دیر اس کے پاس بیٹھی رہی۔۔ ماں کی آغوش کا سکون کیا ہوتا ہے کیا معنی رکھتا ہے وہ آج جان پائی تھی۔۔

عجیب بے کل سے دن تھے۔۔ پورے بیس دن گزر چکے تھے۔۔
مطی بلکل صحت یاب ہو چکی تھی۔۔ مگر قسم کھانے کو بھی اپنے روم سے نا نکلی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جونیئر ویر نے اپنے آپ کو کیسز میں الجھا لیا تھا، ، اب تو جولی کو جہنم واصل کر کے ہی سکھ کا سانس لینا تھا اس نے۔۔

نیناں روپ کے ساتھ حاتم مینشن چلی گئی تھی۔۔

گھر میں بے تحاشا اداسی اور افسردگی تھی۔ تبھی اس افسردہ سے ماحول میں ایک دن ظہان (پریہا اور جلال کا بیٹا) بلکل اچانک ایک خوشگوار جھونکے کی مانند لندن سے چلا آیا۔۔

یہ ان سب کے لئے بہت بڑا سرپرائز تھا۔۔اس کی عمر شاہ زین جتنی تھی۔۔
بہت ہنس مکھ اور شرارتی تھا۔۔آتے ہی گھر پر چھائی بے رونقی کو رونق میں بدل ڈالا۔۔

۔تبھی اسی اداسی کے اثر کو زائل کرنے کے لئے حرم اور میر نے پلوشہ اور شاہ ویر کی مکمل رضامندی اور شاہ زر اور حبہ سے مشورہ کر کے ایک فیصلہ کیا تھا۔۔

آج سب سبھی سلطان مینشن کے لاؤنج میں اکٹھے ہوئے تھے۔ روپ اور حاتم بھی تھے۔۔۔سب بڑے سب بچے۔۔ مطی اور جونئیر بھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حرم نے شبیر عثمانی کو بھی بلا رکھا تھا۔۔سہانا یونی سے آئی تو اپنے پاپا کو سامنے دیکھ کر خوشگوار حیرت ہوئی۔۔

وہ اپنے پاپا کے پاس بیٹھ گئی۔۔

تبھی شاہ ویر نے شبیر عثمانی کو مخاطب کیا۔۔

بھائی صاحب جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ پہلے جو بھی حالات رہے۔میں دہرا کر ماحول افسردہ نہیں کرنا چاہتا مگر اب ہم باقاعدہ اور سب بڑوں کی دعاؤں میں آج شاہ زین اور سہانا کا نکاح کرنا چاہتے ہیں ۔۔اگر آپ کی اجازت ہو تو،،،،فون پر تو میں بتا ہی چکا تھا۔۔مگر اب آپ اپنی رضا مندی دے دیں۔۔۔

شبیر کے چہرے پر چمک سی تھی۔۔میں بہت خوش ہوں شاہ ویر،،سوچا نہیں تھا بات ایسے سنبھل جائے گی۔۔بہر حال میری مکمل رضامندی ہے۔۔

شاہ زین بظاہر سنجیدہ سا کھڑا تھا۔۔مگر دل میں طوفان سا اٹھا۔

سہانا نے پہلو بدلا۔۔۔حرم نے نوٹ کیا۔۔اسی لئے بہانے سے اسے کچن میں بلایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کیا بات ہے سہانا،،، کوئی پرابلم ہے،، حرم نے نرمی سے پوچھا۔۔

حرم مما ایک مرتبہ ان سے پوچھ،،،،

اگر اسے کوئی اعتراض ہوتا تو اسی وقت بول دیتا ویسے تمھاری تسلی کے لئے ہم پوچھ چکے رات کو،،،
تو اس نے کہا جیسے ہماری مرضی،،،، اب بے فکر ہو جاؤ،، اور زہن بناؤ اس نکاح کے لئے،،،
تیاریاں مکمل ہیں،، بس تمھیں تیار ہونا ہے،، ویسے یہ سرپرائز تھا،، حرم گہری مسکرائی۔۔

وہ بلش کر گئی۔۔۔ مگر پھر پلکیں بھیگ گئیں
ارے اب کیا ہوا بچی،،، حرم نے اس کے آنسو صاف کیے۔۔

حرم مما میں پاپا کو سب بتا دوں گی۔۔ میں اپنی نئی زندگی کی شروعات ایک جھوٹ کا بوجھ اٹھائے نہیں کر سکتی۔۔

خبردار سہانا،،، اگر ایسا کیا تو میں ناراض ہو جاؤں گی۔۔ ابھی تم نہیں جان پاؤ گی اس بات کی گہرائی کو،،
اسی لئے میں ہرگز اجازت نہیں دوں گی تمھیں اس بات کی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سہانا نے بے دردی سے اپنے لب کاٹے۔۔ گلاب کی پنکھڑیوں سے لبوں سے یہ سلوک کھڑکی کے اس پار سے دیکھتے ایک شخص سے برداشت نہیں ہو رہا تھا۔۔

مگر ابھی صبر کر گیا۔۔

اور مطی کے روم میں چلا آیا جہاں جونئیر اور ربیع بھی تھیں۔۔

اتنے دنوں میں جونیئر پہلی مرتبہ دل سے مسکرایا تھا۔ حتیٰ کہ مطی بھی مبہم سا مسکرا رہی تھی۔۔

چھپے رستم،،، کالم بوائے،،، لگتے تو نہیں ایسے،،، شاہ زل نے چھیڑا

شاہ زین مسکرا دیا۔۔

ڈوب مرو دو تین سال چھوٹے ہو اور نمبر لے گئے سب سے پہلے ہاں،، ویر نے پھر شوشا چھوڑا۔۔

ظہان بھی کہاں کم تھا شاہ زین کے ناک میں دم کر رکھا تھا،، اور ربیع اس کا پورا پورا ساتھ دے رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بھائی ، ،مجھے سہانا آپی بلکل بھی پسند نہیں تھی ، ، ربیع شاہ زین کے گلے میں جھول گئی ۔ ۔ اور منہ بنایا ۔ ۔

مگر وہ تو پہلے کی بات ہے نا اب بتاؤ میری گڑیا ۔ ۔ شاہ زین نے لب دانتوں میں دبایا کہیں دل کی چوری ویر ظہان اور مطی نا پکڑ لیتے ۔ ۔

اب اچھی لگنے لگی ہیں کچھ کچھ ، ، ، اس نے فراغ دلی کا مظاہرہ کیا تو وہ ہنس پڑے ۔ ۔
اور پھر آپس میں باتیں کرنے لگے ۔ ۔ ظہان لندن کی باتیں سنانے لگا ۔ ۔
اور بتایا کہ وہ اصرار کر کے پہلے آگیا ، ، بہت جلد پریہا اور جلال بھی آنے والے ہیں پاکستان ۔ ۔ ۔

پری نے نیناں کو فون کیا تھا کہ فنکشن میں وہ بھی چلی آئے نیناں نے ہر ممکن کوشش کی تھی بہانے بنانے کی ۔ ۔ بچ نکلنے کی ۔ ۔ ابھی کچھ دنوں سے تو زندگی پر سکون ہوئی تھی ۔ ۔ سارا دن اپنے کمرے میں یا روپ کے پاس گزار دیتی ۔ ۔ سلطان مینشن سے کوئی آتا تو خود کو کمرے میں بند کر لیتی ۔ ۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

لیکن پلوشہ اور شاہ ویر باقاعدہ اس سے ملنے آتے رہتے تھے اور وہ بھی لھنٹوں ان کے پاس بیٹھتی۔۔ حتی کے حرم بھی اس سے ملنے آئی جانے کیا کشش تھی اس لڑکی میں کہ سلطان مینشن کے ہر فرد کو وہ عزیز ہو گئی تھی۔۔

اپنی جان میں ٹال بھی دیا تھا پری اور روپ کو۔۔ مگر جب روپ خود گاڑی لئے اسے لینے چلی آئی تو ہل کر رہ گئی پھر اسے ناچار تیار ہونا پڑا۔۔

روپ نے اس کے لئے ڈھیر ساری شاپنگ کی تھی۔۔ انھیں میں سے ایک ڈریس خود ہی سلیکٹ کیا۔۔ وہ بے دل سی تھی۔۔ اسی لئے دھیان نہیں دیا۔۔

مگر جب پہن کر باہر آئی تو رونگٹے کھڑے ہو گئے کیونکہ وہ اتفاقاً بلو کلر کا ڈریس تھا۔۔ یوں بھی جسے دن رات پل پل سوچتی تھی مگر اب اس کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں تھی،،، بلکل بھی۔۔ اور اس ڈریس میں،،،
استغفر اللہ،،،،،

بلو اور فیروزی کنٹراسٹ کی فراک کے نیچے پاجامہ اور انھیں دو کلر کا دوپٹہ۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ آج پھر نیلی جل پری لگ رہی تھی۔۔روپ تو مبہوت سی دیکھے گئی۔۔بے تحاشا گوری رنگت،،، کانچ آنکھیں اور براؤن لمبے بال۔۔میک کے نام پہ لبوں پہ پنک گلوز

وہ واپس مڑنے لگی۔۔

ارے کہاں چل دیں۔۔

وہ یہ ڈریس زیادہ ہیوی ہے دادو۔۔مجھ سے کیری نہیں ہو گا۔۔اس نے بہانہ گھڑا۔۔

کہیں نہیں،،،،،بہت اچھا لگ رہا ہے اب چپ چاپ چلو کیونکہ دوبارہ چینج کرنے کا وقت نہیں ہے۔۔پری کا فون آرہا ہے نکاح شروع ہونے والا ہے۔۔۔روپ نے اس کا ہاتھ تھام کر اسے باہر گھسیٹا۔۔

سارے رستے،،،جل تو جلال تو آئی بلا کو ٹال تو،،کا ورد کرتی آئی۔۔کیونکہ وہ بول چکا تھا حاتم مینشن سے نکلی تو،،،،،

گاڑی سلطان مینشن داخل ہوئی تو دل جیسے اچھل کر حلق میں آیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مریل قدموں سے باہر نکلی۔۔اور روپ کے پیچھے آہستگی سے چلتی جیسے چھپ جانا چاہتی ہو۔۔

لاؤنج میں داخل ہوئے تو سکون آیا۔۔نکاح شروع ہونے والا تھا۔۔ویر کوئی ضروری کال سننے اپنے روم میں گیا تھا۔۔
وہ سب سے سلام دعا کر کے پری کے پہلو میں بیٹھی۔۔

وہاں بیٹھے ظہان نے اس نیلی جل پری کو بڑی گہری نظر سے سر تا پا دیکھا۔۔اور پھر ربیع کی طرف متوجہ ہو گیا۔۔

نیناں جلد ہی بہانا بنا کر کچن میں آ گئی۔۔

سہانا تیار ہوئی دلہن کے روپ میں اپنے پاپا کے ساتھ بیٹھی بے تحاشا خوبصورت لگ رہی تھی۔۔
بلڈ ریڈ میکسی کے اوپر ہلکا میک اپ،،،اس نے خود اصرار کر کے حجاب لیا تھا۔۔وہ بے تحاشا حسین لگ رہی تھی۔۔
اور شبیر کو یہ خوشگوار تبدیلی بہت اچھی لگی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کم تو شاہ زین بھی نہیں لگ رہا تھا۔۔۔ بلیک تھری پیس سوٹ میں وہ کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا تھا۔۔

جونئیر نے بھی پری کے اصرار کے بعد ٹو پیس پہن لیا تھا۔۔ جبکہ مطی کا ڈریس حبہ نے نکالا تھا وہ تو پہلے ہی نہیں بول رہی تھی اب ڈریس نا پہن کر اور ناراض نہیں کر سکتی تھی ماں کو اوہلکے کام والی شاکنگ فراک پہن لی۔۔۔ سوگوار سی وہ بے تحاشا حسین لگ رہی تھی۔۔

نکاح خواں نکاح پڑھانا شروع کر چکے تھے۔۔ ویر بھی آ کر بیٹھ گیا۔۔ نیناں نے چپکے سے کھڑکی سے اس ظالم کو دیکھا جس نے اس کی دل کی دنیا ہلا کر رکھ دی تھی۔۔
وہ مبہم سا مسکرا رہا تھا۔۔

مگر سب سے زیادہ حیرت اسے مطی کو دیکھ کر ہوئی تھی جسے اس نے آج دیکھا تھا اور یہ جان کر بے حد بے حد خوش ہوئی کہ وہ زندہ اور سہی سلامت ہے۔۔ اسے دیکھ کر اپنا ٹوٹا بکھرا بھائی یاد آیا۔۔

حجاب و قبول کا مرحلہ طے پا چکا تھا۔۔ لاونج میں مبارک باد کی صدائیں گونج اٹھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب مٹھائی کھائی جا رہی تھی۔۔کتنا پرفیکٹ منظر تھا۔۔ایک ہیپی فیملی کا،،،مگر وہ یہاں کیا کر رہی تھی،، نیناں بری طرح ڈسٹرب ہوئی۔۔۔وہ خود کو یہاں مس فٹ محسوس کر رہی تھی تبھی کچن کے پچھلے دروازے سے پچھلے لان میں چلی آئی۔۔اور آ کر کین کی کرسی پر بیٹھ گئی۔۔رات کے تقریباً آٹھ بج چکے تھے۔۔شدید ٹھنڈ کے سن تھے ہو طرف گھپ اندھیرا تھا۔۔

اندر ایک ہنگامہ برپا تھا۔۔ربیع اور ظہان نے شور مچا رکھا تھا۔۔اور ڈھیر ساری تصویریں اور سیلفیاں بنانے کے بعد بھی پکس بنائے جا رہے تھے۔۔

ربیع نے دلہا دلہن کو ایک ساتھ بیٹھانے کی فرمائش کی۔۔
سہانا شرم سے دوہری ہو رہی تھی۔۔سکون کا سانس آیا۔۔اب اسے کوئی تنگ بھی نہیں کر پائے گا۔۔
ادھر بظاہر سنجیدہ بیٹھے دلہے میاں زہن میں نئی کھچڑی پکا رہے تھے اور سوچ رہے تھے کہ پاس بیٹھی اس خوبصورت بلا کو دوبارہ کیسے پریشان کیا جائے کہ مزا آ جائے۔۔

پھر ایک خرافاتی آئیڈیا دماغ میں آ ہی گیا۔۔آخر۔۔

سرونٹس نے کھانا لگایا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پلوشہ نے ربیع کو آواز دی۔۔۔

ربیع جاؤ دیکھ کر آؤ نیناں آپی کدھر ہے،، کھانے پر بلاؤ اسے،،،

پلوشہ نے کہا تو محفل میں بیٹھا ایک شخص خواہ مخواہ متوجہ ہوا،، نا صرف متوجہ ہوا بلکہ چہرے سے مسکراہٹ بھی غائب ہو گئی۔۔

وہ فوراً اٹھا اور اپنے روم میں چلا آیا۔۔
جانے کیوں مگر دل نے کہا،،،،،
شٹ اپ یو باسٹرڈ،،،،
اس نے دل کو زوردار گالی دی۔۔ جو پھر بے اختیار ہو چلا تھا۔۔
مگر وہ اب کبھی دل کی نہیں سننے والا تھا۔۔۔

پر یہ بھی اس کی خام خیالی ہی تھی۔۔ اب بے اختیار قدم پچھلے لان کی جانب کھلنے والی کھڑکی کی ہی جانب بڑھے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس کا دم گھٹا تو کھڑکی کھول ہی دی۔۔سامنے کے منظر نے پھر دل کا خون کیا۔۔۔رگیں تنیں۔۔اور جبڑے بھینچ گئے۔۔

اب وہ خود کھڑکی تک آیا تھا اس میں سامنے والی کا تو کوئی قصور نہیں تھا ناں

اس نے تو ہر ممکن کوشش کی تھی۔۔

بچ نکلنے کی،،گریز کی،،،اپنا دامن انگاروں سے نہ بھرنے کی۔۔

نیناں پرسکون کرسی پر بیٹھی تھی۔۔مگر اب ٹھنڈ بھی محسوس ہو رہی تھی سو دوپٹہ پھیلا کر اوڑھ لیا۔۔وہ اس بات پر خوش تھی کہ بچ نکلی تھی۔۔۔مگر

تبھی وہاں ایک شخص آتا دیکھائی دیا۔۔ظہان ربیع کو منع کرتا خود اسے دیکھنے چلا آیا تھا۔کچن سے باہر لان میں نظر پڑی تو ادھر چلا آیا۔۔

آپ لگتا ہے پاکستان کی ملتان یا سبی کی پیداوار ہیں،،،ظہان نے آتے ہی شوشا چھوڑا۔۔وہ بے تحاشا چونکی اور اس کی بے تکی بات کا مطلب سمجھنے کی کوشش کرنے لگی۔۔

Meaning,,,,,,,,,

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مطلب آپ گرمی سے بہت زیادہ پریشان ہوں گی تبھی یہاں ٹھنڈ میں بڑے شوق سے اپنی قلفی جما رہی ہیں۔۔رائٹ۔۔

اب سمجھ آنے پر وہ مسکرائی تھی۔۔کہہ بھی کیا سکتی تھی کہ کیوں بیٹھی تھی۔۔یہاں جب کے اس منظر نے ایک دل کو جل بھن کر کباب کیا تھا۔۔

چلیں میں تو گرمی سے پریشان ہوں،،آپ کو کس نے کہا سردی میں باہر آنے کا۔۔

پری خالہ نے بلایا ہے آپ کو کھانے پہ،،اب جلدی چلیں کبھی آپ کے چکر میں میں بھی شہید ہو جاؤں،،وہ ٹھٹھرا

نیناں پھر مسکرائی۔۔

مگر اندر جانے کے نام پہ پھر سانس اٹکی،،

Continue.....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode20.....

"رحمتو!! آؤ کلیجے سے لگا لو مجھ کو
جانے پھر کب کوئی مجھ سا گنہگار ملے"

اللھم صلِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسلّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وبارِک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبیّنا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اریش روم میں قرآن پاک اپنے سینے سے لگائے بیٹھا تھا۔۔۔آنسو تواتر سے گال بھگو رہے تھے۔۔
وہ جانے انجانے کیا کچھ کر چکا تھا اس کا حقیقت کا تدارک روح کو چلھنی کرنے والا تھا۔۔
بے چینی حد سے سوا ہوئی تو قران پاک اٹھایا اور تلاوت کی۔۔انگلش ترجمہ بھی پڑھا پر جب اس آیت پر نظر گزری تو وہ خون کے آنسو رویا تھا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بِس ۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّح ۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

أَفَمَن ۡيَم ۡشِي ۡمُكِبًّا عَلَىٰ وَج ۡهِهِۦٓ أَه ۡدَىٰٓ أَمَّن ۡيَم ۡشِي ۡسَوِيًّا عَلَىٰ صِرَٰطٖ مُّس ۡتَقِيم ۡ ٢٢

بھلا جو شخص چلتا ہوا منہ کے بل گر پڑتا ہے وہ سیدھے رستے پر ہے یا وہ جو سیدھے رستے پر برابر چل رہا ہو؟ ٢٢

Surah Mulk: 22

مگر اب مکافات عمل کا مرحلہ شروع کرنا تھا اسے۔۔اور یہ پاک اور نیک کام اس کے ہاتھوں ہو گا یہ سوچ دل پہ پڑے گناہوں کے بوجھ کو ہلکا کر گیا۔۔

"درد" کو اُلٹا لکھو یا سیدھا "درد"، "درد" ہی رہتا ہے
درد کا پہلا 'د' نکال دیں تو 'رد' بنتا ہے دوسرا 'د' نکال دیں تو 'در' بنتا ہے اور بس جان لیں کسی کے 'در' سے جب انسان 'رد' کر دیا جاتا ہے تو "درد" ملتا ہے اور یہی "درد" انسان کو اس 'در' (اللہ) سے جوڑ دیتا ہے جہاں سے کوئی بھی 'رد' نہیں ہوتا۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بس اسے اب اس در کو تھام کر سیدھے رستے پر چلتے ہوئے اپنی فرعون بنی ماں کو شہ مات دینی تھی ظلم و ستم کے پہاڑ جو اس نے توڑ رکھے تھے اس کے ظلم کا گھڑا بھر چکا تھا اس کی ڈھیلی رسی جو کہ اب دراز ہونے والی تھی۔۔

ایک پلین کے تحت اس نے جولی کو شیشہ میں اتارا تھا۔۔ یہ کہہ کر کہ اسے لینا نے بھٹکا دیا تھا۔۔ اب وہ وہی کرے گا جو جولی کہے گی۔۔ تب وہ اسے بیسمنٹ سے نکال کر اس کے کمرے میں لے آئی۔۔ تب بیس دن جولی نے اس پر پل پل نظر رکھوائی تھی۔۔ اسے لگا اریش کو پتہ نہیں چلا ہو گا،، مگر اسے پتہ تھا۔۔ بہت اچھی طرح

بیس دن اس نے جولی کے کہے کے مطابق ہر کام کیا اور اب جولی اریش کی جانب سے پھر بے فکر ہو چکی تھی۔۔

تبھی وہ جولی سے بہانا کر کے کہ دو دن گھومنے پھرنے باہر جا رہا ہے،،،، ترکی چلا آیا۔۔

اب وہ ہوٹل کے روم میں بیٹھا تھا بس رات ہونے کا انتظار تھا آج ایک بہت اہم کرنا تھا اسے۔۔ اس کا انتظار ختم ہوا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

رات کے دو بجے۔۔۔ طوفانی رات۔۔۔ کڑکتی بجلی. گھپ اندھیرے،،،، میں ایک لمبا چوڑا شخص بلیک رین کوٹ پہنے ترکی کے شہر میرسن کے قبرستان میں بہت خاموشی سے داخل ہوا تھا،،، جس کے کندھے پر پھاوڑا رکھا تھا۔۔

اس نے گیٹ کھولا تو گیٹ کی بھیانک چرچراہٹ فضا میں گونجی،،،
وہ خاموشی سے قبروں کی قطاروں کے درمیان چلتا رہا،،، پانچ منٹ چلنے کے بعد ایک قبر پر آ کر پاؤں منجمد ہو گئے،،،، چہرے پر اس قدر بھیانک تاثرات تھے کہ خدا کی پناہ،،،
قبر کے سنہری کتبے پر بڑے واضح حروف میں،،،

مطربہ شاہ زر سلطان شہید

لکھا ہوا تھا۔۔۔۔

بیری،،،،، اس شخص کے منہ سے آہ کی صورت لفظ ادا ہوا۔۔
بڑے میکانکی انداز میں وہ پھاوڑے سے وہ قبر کھودنے لگا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

رات کے اس پہر اگر کوئی کمزور دل شخص یہ منظر دیکھتا تو یقیناً ہارٹ فیل کروا بیٹھتا۔۔۔ مگر وہ ڈائمن ڈیول تھا۔۔۔

آدھے گھنٹے کی مشقت کے بعد وہ قبر کھود چکا تھا۔۔۔ اور اب وہ براؤن کافن سامنے تھا جس کے شیشے کے پار اگر اس شخص کی بیری کا سکیلٹن ہوتا تو یقیناً وہ اس ارادے سے آیا تھا کہ وہی پھاوڑا اپنے سر میں مار کر خود بھی اسی کافن میں بیری کے ساتھ دفن ہو جائے گا۔۔۔

مگر وہ گھٹنوں کے بل جھکا۔۔۔ اور غور سے کافن میں دیکھا۔۔
جو کے خالی تھا۔۔۔

.اب اس شخص کے چہرے پر بیک وقت گہری پراسرار مسکراہٹ اور آنکھیں بھیگی ہوئیں تھیں۔۔۔

اووووہہہہ۔۔ نوٹ بیڈ۔۔۔ تو میری بیری۔۔۔ تمھارے باپ شاہ زر سلطان نے تمھیں مجھ سے چھپانے کے لئے تمھاری موت کا ڈرامہ رچایا۔۔۔
ویسے تو میرے پاس تمھارے بال بھی تھے اگر اس میں کوئی سکیلٹن ہوتا تو میں ڈی این اے کراس چیک کروانے والا تھا پر۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس نے کافن کھولا۔۔۔پلاسٹک کا وہ پیکٹ باہر نکالا۔۔۔جس میں کچھ پیپر اور کچھ چیزیں تھیں۔۔۔وہ پھر پراسرار سا مسکرایا۔۔

میری بیری،،،،دنیا کے کسی کونے میں چھپ جاؤ یہ تمھارا اریش تمھیں ڈھونڈ نکالے گا،،،،،اب اس کی آنکھوں سے آنسو تواتر سے بہہ رہے تھے۔۔
مگر لبوں پر وہی پراسرار مسکراہٹ تھی۔۔
کیونکہ ہاتھ میں جو روپوٹ پیپر تھا وہ آنسوؤں کا سبب تھا۔۔

بیری،،،تمھیں میرے بچے کو بیچ میں نہیں لانا چاہیے تھا،،،اور سب سے بڑا گناہ تو تم نے یہ کیا کہ اسے میرے ہاتھوں،اس کے باپ کے ہاتھوں مروا دیا،،،،،مگر پھر بھی یہ ڈائمن ڈیول تمھیں اس کی سزا نہیں دے گا،،،،بلکہ اس بار اریش آ رہا ہے،،،

اریش کا عشق
اریش کی محبت،،،
مگر
ڈائمن کا پاگل پن اور جنون ہو تم،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تمھارے بغیر یہ دن یہ وقت جانتی ہو میں نے کیسے پل پل مرتے تڑپتے گزارے،،اس خیال سے کہ تم نہیں رہیں،،،

مگر اب

بہت جلد

تمھیں دنیا سے،،،،،تمھارے باپ سے چرانے،،،،ہمیشہ ہمیشہ کیلیئے،،،،اپنے پاس رکھنے کے لیے،،،سب سے چھپا کر،،،،ہر نظر سے بچا کر،،،

آرہا ہے یہ پاگل جنونی دیوانہ،،،،

Justwaitandwatch.....

اس کی آنکھوں اور لہجہ میں اس وقت جنون دیوانگی اور وحشت کی انتہا تھی۔۔۔

یوں جیسے وہ اس کے سامنے نا آئی تو وہ مر جائے گا یا پاگل ہو جائے گا۔۔

وہ اب پر سکون ہوٹل کے لئے نکلا تھا،،،اسی وقت وہاں سے نکل کر ائیر پورٹ پہنچا اور اگلی فلائٹ سے لندن

کچھ اہم کام نمٹا کر اسے اپنی زندگی کے پاس جانا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر کھڑکی میں کھڑا اس وقت اپنی وحشتیں شمار کر رہا تھا۔۔جو اسے سامنے کا منظر دیکھ کر ہو رہی تھی۔۔

سگریٹ نکال کر لبوں میں دبائی اور دھواں اڑاتا پھر باہر دیکھنے لگا۔۔
نیچے نیناں کو عجیب سا محسوس ہوا تبھی چئیر سے کھڑے ہوتے ہوئے اس کی نظر اوپر اٹھی تھی۔۔
ویر کے دیکھنے کے انداز نے اس کا چہرہ خوف سے لٹھے کی طرح سفید کیا تھا۔۔
وہ تیز قدموں سے اندر کی جانب بڑھی۔۔۔ظہان ہکا بکا رہ گیا کہ جو بلانے آیا تھا اس کا بھی ویٹ نہیں کیا اور بھاگ گئی محترمہ،،
ظہان بھی اندر گیا۔۔

ویر بھسم کرنے والے انداز میں وہاں سے ہٹا اور نیچے آیا۔۔
سب کھانے کی ٹیبل پر موجود تھے۔۔
نیناں آکر پلوشہ کے پہلو میں دبکی بیٹھی تھی۔۔ہلکی پھلکی گفتگو کے ساتھ کھانا کھایا جا رہا تھا۔۔

دو نازک جانیں تھیں جن کے نوالے حلق میں اٹک رہے تھے۔۔
ایک سہانا،، کیونکہ مسلسل آتے دھمکی بھرے میسجز اسے خوفزدہ کر رہے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دوسری نیناں جو جلد از جلد شاہ زل سلطان کی بھسم کرتی نظروں سے خائف دور بہت دور بھاگ جانا چاہتی تھی۔۔

مطی بس چپ چاپ کھانا کھا رہی تھی۔۔کھانے کی ٹیبل پر اتنی خاموشی سب کو ہی کھلی تھی۔۔

شاید ڈوریمون اپنے گیجڈ کھو آیا تھا،،،

اور چھٹکی اپنے لڈو،،،

تبھی ربیع کی زبان میں کھجلی ہوئی۔۔

وہ نیناں کے پاس بیٹھی تھی۔۔

نیناں آپی آپ کو پتہ ہے آج سب سے زیادہ کیوٹ آپ لگ رہی ہیں جانتی ہیں مجھے آپ کو دیکھ کر کیا فیل ہو رہا ہے،،، افففف یقین کریں زہن میں آ رہا ہے مگر زبان پر نہیں آ رہا،،، وہ زہن پر زور دیتی روہانسی ہوئی۔۔

Amermaidinbluedress...

ظہان نے اس کی بات مکمل کرتے شوشا چھوڑا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نیناں نے بری طرح پہلو بدلا۔۔شاہ زل کا دل کیا کھانے کا ٹیبل الٹا کر ہر چیز تہس نہس کر دے۔۔
شاہ ویر سلطان اور پلوشہ نے بیٹے کے تنے اعصاب دیکھے۔۔

رائٹ بلکل وہی،،میں بھی یہی،،،،،،

شٹ اپ ربیع،،،چپ چاپ کھانا کھاؤ،،،شاہ زل نے پہلی مرتبہ اسے بری طرح جھڑکا۔۔
اور ٹیبل سے اٹھ کر لمبے ڈگ بھرتا باہر نکل گیا۔۔

نیناں کا سانس اٹک گیا تھا۔۔جب وہ اٹھا تھا۔۔مضبوطی سے پلوشہ کا بازو تھاما تھا۔۔
پلوشہ نے اس کا خوف نوٹ کیا تھا۔۔
پلوشہ نے اس کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر اسے تسلی دی تھی۔۔

گلو خلاصی تو تب ہوئی جب روپ اور حاتم واپسی کا کہتے اسے واپس لئے لوٹے۔۔

مگر اسے کیا معلوم تھا ایک بلا آگے اس کی منتظر ہے اپنی ساری وحشت اور تکلیف کا حساب لینے کے لئے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شبیر عثمانی طمانیت سے بھرپور احساس لیے واپس چلے گئے۔۔

شاہ ویر سلطان نے کچھ وقت مانگا تھا پھر شاہ زل اور شاہ زین کی اکھٹی اور دھوم دھام سے شادی کرنے کا کہا تھا۔۔

سہانا اپنے روم میں داخل ہوئی تھی۔۔

اففففففففف مر گئی تھکن سے چور ہو گئی۔۔اس نے کندھے دبائے۔۔

دوپٹہ سیفٹی پنز سے آزاد کر کے بیڈ پر رکھا۔۔حجاب اتارا۔۔بس جلدی سے اس ہیوی ڈریس سے آزاد ہونا چاہتی تھی۔۔

اب جیولری میں الجھ رہی تھی۔۔جلدی سے جیولری بھی اتار کر ڈریسنگ سے ڈریس لیا اور فریش ہونے واش روم آئی۔۔

ڈریسنگ ہولڈر سے ڈریس لٹکایا۔۔اور لائٹ جلانے کو ہاتھ بڑھایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جب بہت اچانک اس کے بازوؤں کو جکڑ کر اسے دیوار سے لگایا گیا تھا۔۔
پری میں چاہتا ہوں کہ اب جبکہ پریہا اور جلال بھی آ چکے ہیں اور ظہان کی خواہش پر انھوں نے تم سے بات بھی کی ہے تو جلد از جلد بلکہ آج ہی نیناں کا نکاح ظہان سے کروا کر اسے لندن بھیج دیا جائے۔۔ وہ جب تم یہاں رہے گی جونیئر خود کو اور اسے ٹارچر کرتا رہے گا۔۔ وہ چلی جائے تو شاید وہ اس فیز سے باہر آ پائے۔۔ ہمیں اب اپنے بچوں کی خاطر یہ سٹیپ لینا پڑے گا،،، کیا کہتی ہو۔۔

میں آپ کی بات سے بلکل ایگری کرتی ہوں،،، پلوشہ سے نیناں کی یہ حالت برداشت نہیں ہو رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تو جاؤ پھر نیناں سے بات کرو اور اسے ایگری کرو۔۔

جی،،، وہ کہتی نیناں کے روم میں چلی گئی،،

جونیئر تیار رہو آر یا پار کرنے کے لئے،،، اور مجھے پتا ہے تمہاراری ایکشن کیا ہوگا،،، پرانا کھلاڑی ہوں یار،،، پتہ ہے کب کہاں سے کس وقت کون سی نبض دبانی ہے،،،،، تمہارے اندر کا سویا ویر سلطان جگانا ضروری ہوگیا ہے۔۔
شاہ ویر معنی خیز سا مسکرایا۔۔

نیناں پلوشہ کے پاس بیٹھی تھی اور پلوشہ کے سوال پر اب خالی خالی نگاہوں سے پلوشہ کو دیکھ رہی تھی۔۔

میں نے کوئی ایسی پہیلی تو نہیں بجھوائی،، سیدھا سیدھا پوچھا ہے کہ میرے بھانجے ظہان سے نکاح کروں گی،، ان کے ساتھ لندن چلی جاؤ،،، سارے جھنجھٹوں اور تکلیفوں سے دور،،، بہت دور،، مجھ

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سے اب تمھاری اور اپنے بیٹے کی یہ حالت نہیں دیکھی جاتی،،، جانتی ہوں وہ تمھیں اور خود کو مسلسل ٹارچر کر رہا ہے۔۔ اسی لئے مجھے اور اس کے پاپا کو یہی سلیوشن سوجھا،،،،،،
اب تم بتاؤ،،،،؟

جیسا آپ کو بہتر لگے،، وہ پتھر بن گئی۔۔۔ اپنی تو خیر تھی مگر اس شخص کو ان تکلیفوں سے نجات دلانے کے لئے اس کی نگاہوں سے اوجھل ہونا ہی ٹھیک تھا شاید۔۔

مگر ظہان،،، نیناں کی روح کانپ گئی۔۔

پر وقت سب سے بڑا مرحم ہے شاید ادھڑے دل کے بخیے وقت کے ساتھ ساتھ سل جائیں،، شاید اسے بھی دوبارہ جینا آ جائے۔۔
اس نے خود کو آگ کی بھٹی میں جھونکنے کا فیصلہ کیا۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

آج شام کے وقت ویر ایک ضروری کام نمٹا کر سلطان مینشن داخل ہوا تو غیر معمولی سی گہما گہمی اور رونق محسوس ہوئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ابھی دو دن پہلے لندن سے پریہا اور جلال آئے تھے۔۔

مگر آج کچھ خاص ہی ہلچل تھی،، کیونکہ سب تیار ہو رہے تھے۔۔ وہ اپنے ڈیڈ اور مما کے روم میں چلا آیا۔۔

حیرت انگیز، وہ بھی تیار ہو رہے تھے۔۔۔

ڈیڈ کوئی خاص بات سلطان مینشن میں کافی ہلچل سی ہے،، خیرت،،،،؟

ہاں وہ آج ظہان کا نکاح ہے،،، پری نے مصروف سا بتایا۔۔ تم بھی جلدی سے ریڈی ہو جاؤ میں نے کپڑے نکال دیئے تمھارے،،، پری نے کہا۔۔

شاہ زل کے دل نے ایک سو بیس کی رفتار پکڑی،،، کچھ انہونی ہونے کا احساس ہوا۔۔

کس کے ساتھ مما،،،، وہ پوچھ بیٹھا۔۔

نیناں کے ساتھ،، وہ پھر پریہا لوگوں کے ساتھ لندن چلی جائے گی۔۔

پلوشہ نے اس کے سر پر بم پھوڑا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب اس کے تاثرات دیکھ کر پلوشہ بھی گڑبڑا گئی تھی۔۔ مگر نظر انداز کر گئی۔۔
بیٹے کے ماتھے پر ڈھیروں بل اور تنی رگیں دیکھ شاہ ویر نے دوسری جانب رخ موڑا تھا۔۔

ڈیڈ کس سے پوچھ کر یہ سب کر رہے ہیں آپ لوگ،، شاہ زل نے حتی الامکان لہجہ دھیما رکھنے کی کوشش کی۔۔
جبڑے بھینچے وہ مٹھیاں سختی سے بند کیے اب اپنا غصہ کنٹرول کرنے کے چکروں میں ہلکان ہو رہا تھا۔۔
اسے لگا جیسے جیتے جاگتے اس پر کسی نے پٹرول ڈال کر آگ لگائی تھی۔۔

تو تم بتا دو جو نئیر ہمیں کس سے پوچھنا چاہیئے تھا۔۔ کس کا حق ہے اس پر یہاں جس سے اسپیشل سوال کرنے جاتے،، شاہ ویر لاپروائی سے بولا۔۔

مگر وہ اور کوئی سوال جواب کیے بغیر وہاں سے جا چکا تھا۔۔
شاہ ویر نے اس کی پیٹھ کو گھورا۔۔
اور دوبارہ اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ طوفان بنا مطی کے روم میں داخل ہوا تھا جو سکون سے بیڈ پر بیٹھی کوئی کتاب پڑھ رہی تھی مگر اب ویر کو اس حالت میں دیکھ کر اپنی جگہ سے اچھلی تھی۔۔

کیا ہوا ویر،، وہ پریشان سی اس کے پاس آئی اور کندھے پر ہاتھ رکھا۔۔
اس نے لال انگارا آنکھیں اٹھا کر اسے شکایتی نگاہوں سے گھورا۔۔

کیا چاہتے ہو،،،؟ مطی نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔

نہیں جانتا،،، اس نے بے بسی سے اپنے گھنے بال مٹھیوں میں جکڑے۔۔

تو مرو پھر،،، وہ چڑ گئی،، پھر جانتے کیا ہو،،،؟

بس اتنا جانتا ہوں کے اگر اس نے یہ نکاح کرنے کی کوشش بھی کی تو میں اسے گولی مار دوں گا۔۔ وہ ماہی بے آب کی طرح تڑپا۔۔

فارم ہاؤس جاؤ،، وہاں نکاح کا بندوبست کرو جا کر،،، میں اسے لے کر آتی ہوں،،، مطی اطمینان سے بولی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر نے ایک نظر اسے دیکھا۔۔

جاؤ،،،، مطی نے زور دے کر دانت پیس کر کہا۔۔

وہ اٹھا اور یونہی اندھی بنا سلطان مینشن سے نکلا۔۔

مطی باہر آئی۔۔سب تیار تھے۔۔ساری تیاری مکمل تھی۔۔صرف دلہن نے آنا تھا حاتم مینشن سے۔۔

تبھی شاہ ویر نے شاہ زین سے کہا تھا۔۔
جاؤ شاہ زین نیناں کو لے آؤ حاتم مینشن سے،،،فون کیا ہے وہ ریڈی ہے بلکل۔۔

بڑے پاپا میں جاؤں گی اسے لینے۔۔مطی نے کہا۔۔اور ان کے ہاتھ سے گاڑی کی چابی لے کر باہر نکلنے لگی۔۔

مگر مطی،،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کم آن مما،،، ٹوکنا مت،،، نیک کام کرنے جا رہی ہوں،،، خود ہی کہا تھا روم سے نکلو،، گھر سے نکلو اب نکلنا چاہتی ہوں تو مت ٹوکیں پلیز،،، وہ نارمل سی بولی اور حبہ کو چپ کروا گئی۔۔

شاہ زر نے جانے کا اشارہ کیا۔۔
وہ گاڑی لے کر نکلی۔۔

کچھ ہی دیر میں حاتم مینشن پہنچی۔۔ گاڑی سے نکل کر اندر گئی۔
اندر اس کے کمرے تک گئی۔۔

سجی سنوری وہ آسمان سے اتری کوئی نازک اندام اپسرا لگ رہی تھی۔۔
مگر مطی نے اسے خونخوار نگاہوں سے گھورا۔۔
کتنا آسان ہے ان لوگوں کے لیے دوسروں کو برباد کر کہ خود کو آباد کرنا۔۔
اس نے نخوت سے سوچا۔۔

نیناں کی آئینے میں سے اپنے پیچھے اسے لینے آنے والی پر نظر پڑی تو اس کی سانس اٹکی۔۔

بے اختیار اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

چلو،، مطی نے ایک حرفی لفظ بولا،، نیناں نے اپنا کلچ اور موبائل اٹھایا اور دھیمے قدموں سے اس کے پیچھے چل دی۔۔

بیوٹیشن تو کب کی جا چکی تھی۔۔

وہ باہر آئی،، نیناں الجھی خود کو اس پیچ لونگ میکسی میں سنبھال نہیں پا رہی تھی،، مطی ایک طرف کھڑی اسے دیکھ رہی تھی۔۔

جب دانت پیس کر آگے بڑھی اور بازو سے پکڑ کر اسے گاڑی میں دھکیلا،، میکسی اور دوپٹہ اٹھا کر اندر کیا اور دروازہ بند کیا۔۔

فرنٹ سیٹ پر بیٹھ کر گاڑی نکالی۔۔اب گاڑی تیزی سے سڑکیں ناپ رہی تھی۔۔

وہ بلکل خاموش تھی۔۔نیناں کا دل کیا کم از کم اسے تو وضاحت دے دے سو۔۔۔۔۔دھیمے لہجے میں بولی۔۔

وہ مجھے بلکل نہیں پتا تھا کہ بھائی نے،،،،،،،،،

شٹ اپ،،،جسٹ شٹ اپ،،، مطی غرائی اور اس کا منہ بند کروا دیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نیناں چونکی تو اس وقت جب سلطان مینشن کی جانب جانے والی سڑک پیچھے چھوٹ گئی۔۔

وہ یہ غلط رستہ ہے،،، سہی،،،،،

شٹ اپ،،، چپ چاپ بیٹھی رہو،، اپنی بات کرو تمھارا ہر رستہ ہر منزل اب اسی راستے کی جانب جاتی ہے۔۔
وہ پراسرار سا بولی۔۔
نیناں نے بری طرح پہلو بدلا۔۔

اب اس کے دماغ میں کیا چل رہا تھا،، نیناں الجھی۔۔ مگر مطی میڈم کے چہرے پر نو لفٹ کا بورڈ دیکھ کر مجبوراً چپ رہی۔۔

ویر نے فارم ہاؤس پہنچ کر ازھاد کو کال ملائی تھی۔۔ اور کچھ ہی دیر میں ازھاد نے نکاح کی ارینجمنٹ کر دی تھی۔۔

گاڑی ایک جھٹکے سے ایک بڑی عمارت کے پورچ میں رکی تھی۔۔
مطی نے فرنٹ سیٹ سے اتر کر اسے بازو سے گھسیٹ کر باہر نکالا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مطربہ یہ کدھر لائی ہیں آپ مجھے ، ، اب اس کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا ۔ ۔ ۔

وہ شاہ زل سلطان کا فارم ہاؤس تھا ۔ ۔

مطی کے ہاتھ کی گرفت اس کے بازو پر جان لیوا تھی ۔ ۔
نیناں اس کے ساتھ گھسٹتی بس چلے جا رہی تھی ۔ دلہن بنی وہ اس پیچ رنگ لونگ میکسی میں کئی مرتبہ لڑکھڑائی تھی ۔ ۔

تبھی ایک روم کا دروازہ کھول کر مطی اسے لیے اندر داخل ہوئی اور سامنے صوفے پر جو شخص بھسم کرنے والے انداز میں بیٹھا اپنی جان سگریٹ کے دھویں میں جھونک رہا تھا ۔ ۔ ۔ اسے دیکھ نیناں کے گلے میں گٹھلی سی ابھر کر معدوم ہوئی ۔ ۔ پیروں کے نیچے سے زمین کھسکی ۔ ۔

مطی نے اسے زمین پر پٹخا تھا ۔ ۔ وہ اوندھے منہ شاہ زل سلطان کے قدموں میں گری تھی ۔ ۔
مطی جا چکی تھی روم لاک کر کے ۔ ۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ تڑپ کر سیدھی ہوئی مگر بولنے کی گستاخی نہیں کی تھی۔۔ لٹھنوں کے گرد بازو فولڈ کر کے لٹھنوں میں منہ دے لیا۔۔

ویر نے اس کا یہ دلہن والا روپ خونخوار نگاہوں سے دیکھا۔

تم تو میری گناہ گار ہو نیناں درانی،، ظہان سے نکاح کر کے لندن جانا چاہتی ہو،، بھاگنا چاہتی ہو سزا سے،، مجھ سے،،،
اس کے لہجے صاف ہتک آمیز تھا۔۔

اس نے سر اٹھایا اور مضبوط بھیگے لہجے میں بولی۔۔
مجھے آپ کہ دی ہوئی ہر سزا قبول ہے،،

چلو پھر باہر،،، مجھ سے ابھی اور اسی وقت نکاح کرو یہی سزا ہے تمھاری،،

نیناں کی روح فنا ہوئی بے یقینی سے پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھا تب وہ جھٹکے سے اٹھا۔ اور نیناں کی کلائی تھامی اسے لئے باہر آیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

باہر مطی،، ازھاد،، نمیرا کچھ اور لوگ اور مولوی صاحب تھے۔۔
اس نے آخری امید کے طور پر مطی کو دیکھا مگر وہ نفرت سے منہ پھیر گئی۔
ویرا اسے لئے صوفے پر بیٹھا۔۔

بہت جلد ایجاب و قبول کا مرحلہ طے پایا تھا۔۔اور وہ نیناں درانی سے نیناں شاہزل سلطان بن گئی۔۔
مگر ساتھ بیٹھا شخص شاید اپنے سلگتے جسم و جاں کی تپش کی لپیٹ میں نیناں کی جان کو بھی لپیٹنا چاہتا تھا
تبھی اس کے دور بھاگنے کا ہر رستہ بند کر چکا تھا۔۔

اس نے اشارے سے سب کو جانے کا بول دیا تھا۔۔اسے کلائی سے جکڑ کر پھر روم میں آ کر ڈور لاک کر چکا تھا۔۔

شاہ زل کی اگلی بات اور سرسراتے لہجے نے اس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ انڈیلا تھا۔۔
Takeoffyourclothes,,,,,,

وہ اطمینان سے کھڑا اپنے حکم کی تعمیل چاہتا تھا۔۔

وہ تڑپ کر قریب آئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شش،،، شاہ زل مم،،، مجھے سزا دینی ہے ناں،، اپنی بیلٹ سے ماریں مجھے،، ادھیڑ دیں،، میں اف بھی نہیں کروں گی۔۔ مم۔ مگر میری روح کو مت روندیں،، میں مر جاؤں گی۔۔ پلیز،،، وہ پھوٹ پھوٹ کر روئی۔۔

شاہ زل نے اسے پکڑ کر بیڈ پر پٹخا تھا۔۔

اور تم جو کرنے جا رہی تھیں میرے ساتھ یا کرتی آ رہی ہو نیناں شاہ زل سلطان وہ کیا تھا،، وہ دانت پیس کر بولا

اب شاہ زل اس کے اوپر جھکا تھا۔۔ نیناں نے دونوں ہاتھ اس کے سینے پر رکھ کر اسے دور کرنا چاہا۔۔

مگر وہ اس کے دونوں ہاتھ بیڈ سے لگا چکا تھا۔۔۔

نو شاہ زل چھوڑیں مجھے،،، وہ بے تحاشا روتی مچلی،، مگر گرفت آہنی تھی۔۔

شاہ زل نے اس کی گردن پر اپنا لمس چھوڑا تھا۔۔ گردن سے وہ شہ رگ پر آیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تبھی شاہ زل بہت بے اختیار ہو کر ان نرم و گداز لبوں پر جھکا تھا۔۔ جنھوں نے صدیوں سے جیسے اس کے حلق میں کانٹے اگا رکھے تھے۔۔

شاہ زل کے عمل میں بہت شدت اور پاگل پن تھا۔۔ نیناں اذیت سے مچلی کیونکہ اس کے لب پر کٹ آیا تھا،،،

سانس اکھڑنے لگی۔۔۔

وہ پیچھے ہٹا،،،

بڑی تکلیف ہو رہی ہے نیناں سلطان اپنی روح کے روندے جانے پر،، تب خیال نہیں آیا جب یہی شغل خود فرما رہی تھی۔۔ وہ بہت قریب غرایا۔۔

کندھے سے شرٹ نیچے کھسا دی۔۔

وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔

تب وہ اس سے دور ہوا تھا۔۔ شیشے کی ٹیبل اس کے پاؤں کی ضرب سے چکنا چور ہوئی تھی۔۔

نیناں بہت بری ڈری۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مرو نیناں سلطان تم،، اور سزا تمھاری یہ ہے کہ ساری زندگی نا میں تمھیں چھوڑوں گا اور نا اپناؤں گا۔۔۔

مجھے یہ بھی سزا قبول ہے،، وہ ہچکیوں کے درمیان چہرے پر ہاتھ رکھے بولی۔۔

تب وہ اس پر ایک نگاہ غلط ڈالتا باہر نکلا۔۔
پیچھے نیناں نے قدرت کی اس ستم ظریفی پر آنسو بہائے تھے کہ اب تو وہ خود سزا کہ طور پر اس سے دور جانا چاہتی تھی
مگر شاہ زل سلطان نے اسے یہ بھی نہیں کرنے دیا تھا۔۔

Continue,,,,,,,,,,,,,

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

کاپی کرنے اور پی ڈی ایف بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ اس ناول کے تمام جملہ حقوق واجبہ عشقم ناولز اور ناول بینک آفیشل ٹیم کے پاس محفوظ ہیں۔۔

نئے آنے والے ریڈرز پیج پر اپنے فرینڈز کو انوائٹ کریں،، 😘😘😘😘😘😘❤️

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode24...

وہ عشق بسایا ہے دل میں
کوئی ریت پہ لکھا نام نہیں
اب موت ہی جدا کر سکتی ہے
انسان کے بس کا کام نہیں

ویر کچھ دیر بعد یونہی پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے باہر بیک یارڈ میں اپنے بھیڑیوں کے پنجرے کے پاس کھڑا تھا۔۔

جو کہ اب خالی تھا۔۔۔وہ انھیں نہیں رکھ پایا تھا
کیوں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کیونکہ بھیڑیے کسی کا،،،،،ان کے آگے پھینکا ہوا کھانا کبھی نہیں کھاتے۔۔وہ اپنا شکار خود کرتے ہیں۔۔اسی لئے ویر کو انھیں وہیں پہنچانا پڑا جہاں سے وہ انھیں لے کر آیا تھا۔۔۔
اب اس پنجرے میں سفید شیروں کی جوڑی تھی۔۔

ویر بہت پر سکون تھا،،،بے حد شانت،، جیسے دودھ میں ابال کے بعد چولہا بند کر دینے پر شانتی چھا جاتی ہے۔۔

نکاح کے دو بول نے جیسے سینے میں جلتے بھانبھڑ پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے پھینکے تھے۔۔اب پتا چلا وہ کیا چاہتا تھا۔۔
رات کے آٹھ بج چکے تھے۔۔وہ کافی دیر سے وہیں تھے۔۔اب دھیمے قدموں سے چلتا پھر رخ اسی کمرے کی جانب تھا۔۔

جس میں اب اس کی ملکیت تھی۔۔
وہ دروازہ کھول کر روم میں آیا تو وہ ہنوز گھٹنوں میں سر دیئے سوں سوں کرنے کا شغل فرما رہی تھا۔۔

ویر نے دانتوں تلے لب دبایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اونہہہ دی گریٹ لینا زبیر،،،،
سیکرٹ ایجنٹ،،
سلطانز کے ہتھے چڑھ کر بینڈ بج گئی بیچاری کی۔۔۔
اسے اپنی سوچ پر ہنسی آئی مگر دبا گیا۔۔

وہ جو اس کی کہے کی حقیقت جاننے کے لئے اس کی تمام ڈیٹیلز کراس چیک کروا چکا تھا۔۔ حیرت زدہ تھا کہ وہ اتنی ٹاپ کی ایجنٹ تھی مگر شاہزل سلطان کی محبت نے اسے دنیا بھلا دی تھی۔۔

مگر ابھی کہاں نیناں شاہ زل سلطان،،،ابھی سزا اور باقی ہے،،،،،، تم چاہے کچھ بھی کرتیں مگر تمھیں اس دل کے ساتھ میرے جزبات کے ساتھ میری محبت کے ساتھ نہیں کھیلنا چاہیے تھا۔۔

رنج ایسا بھی نہیں کے چیخوں اس پر
بات ایسی بھی نہیں کے بھلائی جا سکے

وہ بیڈ کے قریب آیا۔۔ دیکھنے کا انداز بدل چکا تھا۔۔
زاویہ نگاہ کسی اور طرف ہی بھٹکا۔۔ رشتہ بدل چکا تھا۔۔ تو سب کچھ ہی جیسے بدل گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

رات کا وقت،، تنہائی،، محبت سراپا قیامت بنی سامنے اتنے قریب،، دسترس کے اندر۔۔
اس سے پہلے کے جزبات کے طوفان کے ریلے پر بندھ باندھنا ناممکن ہوجاتا اسے یہاں سے نکلنا تھا۔۔

بھاری بوجھل آواز میں پکارا۔۔
اٹھو واپس جانا ہے،،،

گھڑی میں حرکت ہوئی۔۔اس نے سر اوپر اٹھایا،، ویر کے دل کی دھڑکن بے ترتیب ہوئی،،، بھیگا چہرہ چھوٹی سی ناک

اب اٹھوگی،،، یا چاہتی ہو گود میں اٹھا کر لے کر جاؤں،،، وہ سنجیدگی سے کہتا چھیڑنے سے باز نہیں آیا۔۔

وہ بوکھلا کر اٹھی۔۔ مگر میکسی میں الجھ رہی تھی۔۔ ریشمی دوپٹہ بھی پنز سے آزاد ہو کر اب کبھی گود میں جھول رہا تھا۔۔ کبھی گستاخیاں کرتے ہوئے اس کے وجود سے سرک رہا تھا۔۔

کچھ سامنے والے کی نگاہوں کی تپش نے گڑبڑانے پر مجبور کر رکھا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جو پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے اطمینان سے کھڑا اسے اپنی میکسی اور دوپٹے میں الجھتا دیکھ ایسے جیسے حظ اٹھا رہا تھا اور جیسے زندگی میں اس سے اہم کام تو کوئی ہو ہی نہیں سکتا تھا۔۔

اب وہ دوپٹہ جیسے تیسے اپنے گرد لپیٹے مضبوطی سے اسے ایک ہاتھ سے جکڑے دوسرے ہاتھ سے میکسی اٹھائے بیڈ سے اتری تھی۔۔ مگر اب ہائی ہیل نے دغا دی تھی۔۔
وہ لڑکھڑا کر زمین بوس ہوتی جب ایک آہنی ہاتھ پیٹ کے گرد لپٹتا محسوس ہوا۔۔
ویر کا دل اتھل پتھل ہوا۔۔ مگر ضبط کر گیا۔۔ نیناں بھی اس جان لیوا لمس کی حدت سے پگھلی۔۔

ویر نے ایک جھٹکے سے اسے سیدھا کیا تھا۔۔
واٹس پرابلم ودیو،، یہیں میرے ساتھ رات گزارنی ہے تو سیدھی طرح بتاؤ،، مجھے کوئی او بجیکشن نہیں ہوگا،، وہ اطمینان سے کہتا اس کے اوسان خطا کر گیا۔۔

نن،، نہیں وہ یہ،،، مم میں کیری نہیں کر پا رہی،، وہ پھر رونی شکل بنا کر بولی۔۔ اس سے پہلے پھر شروع ہوتی وہ بھنا کر زرا سا جھکا۔۔ اور اسے بازوؤں میں اٹھا لیا۔۔

یہ،،،، یہ،، کک،،، کیا،، کر رہے،، ہیں،، آپ،،، چچ، چھوڑیں مجھے،، وہ مچلی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شٹ اپ،،، اب ہلی بھی تو یہیں سے لے جا کر ٹائیگرز کے پنجرے میں پھینک دوں گا۔۔ وہ اسے اٹھائے باہر لایا۔۔

باہر گارڈز نے ٹائیگرز کو پنجرے سے نکال رکھا تھا،، ویر باہر آیا تو ٹائیگرز اپنے مالک کے قریب تر آئے۔۔

نیناں نے ڈھیلے سے ہاتھوں سے اس کی شرٹ تھام رکھی تھی۔۔ اب اتنے بڑے بڑے ٹائیگرز کو اتنے قریب دیکھ کر اچانک اپنے بازو مضبوطی سے ویر کی گردن کے گرد لپیٹے۔۔

اور چہرہ اس کے سینے میں چھپایا،،،، ایک قاتل ڈمپل کے اتنے دنوں کے بعد درشن ہوئے۔۔

ٹائیگرز نے نیناں کا دوپٹہ دانتوں میں دبا کر کھینچا،،،
تب نیناں کی گرفت اور مظبوط ہوئی تھی،،، شش شاہ پیچھے ہٹائیں انھیں،،، وہ گھٹی گھٹی آواز میں اتنا ہی کہہ پائی۔۔۔

ایک نرم و گداز وجود کی خوشبو رگوں میں سمائی تو مسکان بھی گہری ہو گئی۔۔۔

ہاں یاد ہے کسی کی وہ پہلی نگاہِ لطف

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر خوں کو یوں رگوں میں ناں دیکھا رواں کبھی

ویر کا دل تو نہیں چاہ رہا تھا مگر گارڈز کی طرف اشارہ کیا وہ انھیں بیک یارڈ میں لے گئے۔ ویر اسے لئے گاڑی تک آیا۔۔
گاڑی کا دروازہ کھول کر اسے فرنٹ سیٹ پر بٹھایا۔۔

اور خود آ کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا۔۔۔
پھر راستے بھر خاموشی چھائی رہی۔۔

شاہ ویر جانتا تھا ایسا ہی کچھ ہونے والا ہے۔۔۔اسی لئے وہ تو اطمینان سے بیٹھا رہا۔۔
جب مطی ایسے جلد بازی میں گاڑی لے کر نکلی تھی تو اسے اندازہ ہو چکا تھا کہ ضرور ان کا شہزادہ کچھ کارنامہ کرنے والا ہے۔۔

اور اب جبکہ کافی دیر ہو چکی تھی نیناں مطی کو کوئی اتا پتا نہیں تھا
تو اس نے آہستگی سے سب کو سب کچھ اور اپنا اندازہ بتا دیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ظہان کو تو وہ پہلے ہی بتا چکا تھا بلکہ وہ شرمندہ ہوا اور شاہ ویر کو بول دیا تھا کہ اگر پتا ہوتا کہ وہ اس کے بڑے بھائی کی پسند ہے تو وہ ایسی گستاخی کرتا ہی نہیں۔۔

تب شاہ ویر کو اس پر فخر محسوس ہوا۔۔
اب سب کو سانپ سونگھ گیا تھا۔۔

حبہ تو کاٹو تو بدن میں لہو نہیں کی مثال نہیں سمجھ نہیں پا رہی تھی کہ یہ ہو کیا رہا ہے۔۔۔
جبکہ ظہان اطمینان سے بیٹھا رہا کیونکہ پہلے سے ہی جانتا تھا۔۔

میں چاہتا ہوں کہ چونکہ اتنا مبارک وقت ہے اور مجھے ظہان پر فخر ہے کہ یہ میرے خاندان کا حصہ ہے تو میں نے یہ فیصلہ لیا ہے کہ حرم کی ربیع کا نکاح ظہان سے کر دیا جائے۔۔

ربیع بوکھلائی،، شاہ زین نے حیرت سے بڑے پاپا کو دیکھا،،، مگر ظہان
بہت ہی اچھا اور سلجھا ہوا لڑکا تھا سو بڑے پاپا کے فیصلے پر مطمئن تھا۔۔
سب کی رضامندی سے ربیع کا نکاح ظہان سے کر دیا گیا تھا۔۔
کچھ دیر بعد ہی مطی میڈم خراماں خراماں داخل ہوئی تھی سلطان مینشن

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور ماں سے نظریں چراتے اپنے روم میں بند ہو چکی تھی۔۔۔

شاہ زر نے حبہ کا ہاتھ دبایا کہ سکون کرو ابھی کیونکہ پریہا اور جلال بہت کوش تھے۔۔

ظہان نے آس پاس دیکھا ربیع میڈم بھی گدھے کے سر سے سینگ کی طرح غائب تھی۔۔

شاہ زین نے ٹھنڈی سانس بھری کیونکہ سہانا بے بی بھی وہاں سے کھسک چکی تھی۔۔۔

رات ڈنر کا وقت تھا۔۔ سب لاؤنج میں بیٹھے تھے جب نو بجے ویر کی گاڑی کی آواز سنائی دی۔۔
کچھ دیر بعد ہی وہ بڑے حق سے نیناں کا ہاتھ تھامے لاؤنج میں داخل ہوا تھا۔۔

سب اٹھ کر کھڑے ہوئے وہ اب سے پہلے اسے لئے پلوشہ کے قریب آیا تھا۔۔۔ نیناں پلوشہ سے لپٹ کر رونے لگی۔۔

چٹاخ،،،،،،زناٹے دار تھپڑ پڑا تھا جو نتیر کو جو پورے لاؤنج میں گونجا۔۔ مگر وہ اطمینان سے کھڑا رہا۔۔

پری،،،،،،،،،،،،شاہ ویر آگے بڑھا۔۔ مگر پری نے ہاتھ اٹھا کر انھیں روک دیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس بدسلوکی کی وجہ بتاؤ ایک مرتبہ مجھے شاہ زل جو تم نے اس لڑکی کے ساتھ کر رکھی ہے،،، میں نے ایسی تربیت تو نہیں کی تمھاری،،،،، پلوشہ بھیگی پلکوں سے اس سے سوال کر رہی تھی جواب اطمینان سے کھڑا زمین پہ جانے کیا تلاش کر رکھا تھا۔۔

تبھی اس کے فون کی بیل بجی۔۔ ضروری کال تھی۔۔ اس کی گلو خلاصی خدا کی طرف سے ہی ہو گئی جب وہ کال سنتا سلطان مینشن سے نکلتا چلا گیا۔۔

پیچھے پری اسے لئے اپنے روم میں چلی گئی تھی۔۔۔

بڑی باریک بینی سے اریش نے جولی اور زبیر کے خلاف ان کی ایک ایک کالے دھندے کے خلاف ثبوت اکٹھے کیے تھے۔۔

اور بڑی چپکے سے اس نے وہ تمام ثبوت لندن ہیڈ کوارٹرز تک پہنچا دیئے تھے نا صرف لندن بلکہ ایک ایک کاپی ترکی،،، دبئی انڈیا اور پاکستان بھی پہنچ چکی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش نے اپنی ماں کے کالے کاروبار کا سارا کٹھا چٹھہ کھول کر رکھ دیا تھا جو اگر وہ سمجھتی تو اس کی سب سے بڑی ہار تھی۔۔

اب دونوں جیل کی ہوا کھانے جیل یاترا پر پہنچ چکے تھے۔۔قانون کا شکنجہ بہت سخت تھا ان پر۔۔

اریش نے مگر بظاہر ہاتھ پاؤں مارے تھے مگر ان کو یہ پتہ ہی نہیں چلنے دیا کہ وہ سب اس نے کیا۔۔۔

ان سب جھنجھٹوں سے جان چھڑا کر اب وہ آزاد تھا،،،خوش تھا۔۔
پھر پہلی فرصت وہ لندن سے نکلا تھا

پاکستان کی پاک سرزمین پر پہلی مرتبہ پاؤں رکھ کر کافی اچھا لگ رہا تھا یا بیری کے پاس جانے کی خوشی تھی یا کچھ بھی۔۔
مگر وہ بے حد خوش تھا۔۔

بیری میں آگیا۔۔۔دھیمے سے دل میں اس دشمنِ جاں کو پکارا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہاتھوں میں چند ضروری پیپرز کی فائل تھی۔۔
سب سے پہلے پاکستان ہیڈکوارٹرز گیا تھا کچھ ضروری کام کرنے۔۔

آخر اپنی بیری کو حاصل کرنے کے لئے سلطانز سے ٹکر لینی تھی کوئی معمولی بات تو نہیں تھی۔۔ نا وہ اسے معمولی سمجھ رہا تھا۔

سب سے پہلے تو اسے شاہ ویر سلطان اور اس کے بیٹے کا سامنا کرنا تھا۔۔

مطربہ اپنے روم میں تھی۔۔
عجیب سی بے چینی ہو رہی تھی۔۔

حبہ نے اس سے بہت سوال پوچھے تھے۔۔ اس پر بہت چلائی تھی کہ اس نے اپنے منگیتر کا نکاح کسی اور سے کروادیا،،،، کیا اس سے بھی زیادہ پاگل تھا کوئی اس دنیا پہ۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر وہ چپ چاپ سنے گئی۔۔بس کہا تو اتنا کہ ویر مجھ سے نہیں نیناں سے محبت کرتا ہے۔۔تو میں اس سے شادی کیسے کر سکتی تھی۔۔
حبہ تو جانے مطمئن ہوئی نہیں ہوئی۔۔۔

مگر آج خود اس کی کیفیت عجیب سی تھی ایک انجانا سا خوف تھا دل میں،،،،
جس سے بچنے کے لئے سامنے کچھ بکس پھیلا رکھی تھیں۔۔۔

تبھی موبائل رنگ ہوا۔۔۔
اسلام آباد کا کوئی لوکل نمبر تھا۔۔

پہلے اس نے توجہ نہیں دی۔۔مگر مسلسل چنگھاڑتے فون سے عاجز آ کر اس نے فون رسیو کر کے کان کو لگایا۔۔

ہیلو،،،،یس،،،وہ کتاب ہاتھ میں لئے مصروف سی بولی۔۔

مگر سامنے والے نے شاید گونگے کا گڑ کھا کر فون کیا تھا جو خاموشی سے جانے کیا سننا چاہتا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ادھر سے صرف بھاری سانسوں کی آواز سنائی دی تو،،،،
مطی نے کان سے ہٹا کر فون کو گھورا۔ پھر اکتا کر فون کان سے لگایا۔۔۔

یس،،،،،،،اس نے دانت پیس کر کہا۔۔۔

میری بیری،،،،،،،،،،،،،،،سر سراتے دھیمے لہجے میں کہا گیا۔۔۔

الفاظ تھا کہ بم پھوٹا تھا مطی کے سر پر،،، خوف سے لٹھے کی طرح سفید پڑتے اس نے فون ایسے خود سے دور پھینکا جیسے کہ وہ کوئی موذی چیز ہو۔۔

ڈیڈ،،،،وہ حلق کے بل چلائی۔۔ مما،،،وہ چلاتی کمرے سے بھاگ چکی تھی۔۔

دوسری جانب اریش نے مسکراتے فون رکھا،،،اور ایک ٹھنڈی آہ بھری۔۔
کچھ نہیں ہو سکتا اریش بیٹا تمھارا۔۔ وہ ڈیڈ کی پرنسز ڈیڈ کی فنگر چھوڑے کی تو تمھاری باری آئے گی۔۔
اس نے سر پکڑا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جبکہ ادھر مطی نے رو رو کر سلطان مینشن سر پر اٹھا لیا تھا۔۔ شاہ زر کو ہچکیوں کے درمیان بتایا تھا کہ فون پہ اس نے کیا سنا۔۔

شاہ زل کو پتہ چلا تو کچھ دیر میں ہی اس فون بوتھ کی اس وقت کی فوٹیج اس کے ہاتھ میں تھی۔۔
جو کہ مطی کو دکھائی گئی

وہاں کوئی بھی ایسا غیر مطلقہ شخص نظر ہی نہیں آیا۔۔
تو مطی نے سکون کا سانس لیا کہ اس کا وہم ہوگا۔۔

ادھر اریش نے فوٹیج بدلوا دی تھی۔۔ کیونکہ پتا تھا شاہ زل سلطان بڑی جلدی اس فوٹیج تک پہنچنے والا ہے۔۔

وہ جانتا تھا بہت ہی بڑے صدمے سے گزری ہے اس کی بیری۔۔ بہت اچانک اور یکدم اس کے سامنے جانا اس کے لئے بلکل ٹھیک نہیں ہوگا۔۔
وہ دیوانہ تو اس کی میڈیکل رپورٹس تک جا پہنچا تھا۔۔
جس میں صاف لکھا تھا وہ مینٹلی ڈسٹرب ہے اور اس ٹروما میں بہت بری طرح الجھی ہے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سو آہستگی سے اس کے قریب جانا تھا۔۔

اور بھی احترام ہے اس کا،،
اس سے اب میری دوستی نہیں ہے
اس کے غصے سے لگ رہا ہے وصی
وہ جدا ہونا چاہتی نہیں ہے۔۔

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

Raatt10bjysy11bjytksurpriseepipakki😘

کاپی کرنے اور پی ڈی ایف بنانے کی اجازت نہیں ہے۔اس ناول کے تمام جملہ حقوق واجبہ عشقم
ناولز اور ناول بینک آفیشل ٹیم کے پاس محفوظ ہیں...

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Episode25.....

تم اپنے آپ کو میرا سکون رہنے دے،،
دکھوں کے واسطے سارا جہان باقی ہے،،

پورے دس دن ہو چلے تھے نکاح کو۔۔ مگر جس وجود نے اسے سکون پہنچانا تھا۔۔۔ پتہ نہیں کہاں جا چھپی تھی۔۔

سلطان مینشن کے کس کونے کھدرے میں،،، کس پردے کے پیچھے۔
کہ ویر سلطان کی آنکھیں تشنہ ہی رہیں ایک من پسند منظر دیکھنے کے لئے،،،

اس دن کے بعد تین دن تک تو وہ اپنے کسی کیس میں ایسا الجھا کہ سلطان مینشن آیا ہی نہیں۔۔ پھر جب چوتھے دن وہ تھکا ہارا واپس آیا تو کسی کو دیکھنے کی طلب نے اس قدر بے چین کیا کہ بے قراری حد سے سوا ہو گئی مگر اس نے سامنے نہیں آنا تھا نا آئی۔۔

بہانے سے پورا سلطان مینشن بھی گھوم پھر کر دیکھا تھا۔۔ ربیع سے پوچھا تو وہ بولی کہ بھابھی تو روپ دادو کے ساتھ گئیں ہیں،،،،، بڑی ماں نے بھیجا ہے وہاں،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر اگلے دن وہ بہانے سے حاتم مینشن گیا۔۔ مگر میڈم وہاں سے سلطان مینشن پہنچ چکی تھی۔۔۔ وہ بھنایا۔۔۔

مگر سلطان مینشن آ کر بھی پتہ چلا کہ اپنے روم میں ہے۔۔۔

مزید دن گزر گئے۔۔
اور آج بس ہو چکی تھی برداشت کی،،،

شام کے وقت وہ تنے اعصاب لیے سلطان مینشن داخل ہوا تھا۔۔
لاؤنج میں صوفے پر بیٹھا۔۔ پلوشہ کچن میں کام میں مصروف تھی۔۔
وہ کچن میں آیا۔۔

مانیناں کہاں ہے،،، اب جبکہ وہ اس گھر کی بہو ہے تو آپ ہر وقت کام کرتی رہتی ہیں اور میڈم سارا دن بستر توڑتی ہیں،،، وہ کیوں نہیں کرواتی آپ کے ساتھ کام،،، وہ دانت پیس کر اونچی آواز میں بولا۔۔
اس کی گوہر افشانی کسی نے اپنے روم میں بہت اچھی طرح سنی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زل بی ہیو،،، تمھیں گھر کے معاملات کا کیا پتہ،،، سب کام کرواتی ہے وہ اور اس وقت اپنے حصے کا ہر کام کر کے فری ہوتی ہے،،، یہ تمھارے سوال کا جواب تھا اور دوسری بات گھر کے معاملے میں جانوں یا میری بہو،،، تم دور رہو ان معاملات سے،،
پری اطمینان سے بولی۔۔

اسے چپ لگی،،،،، مگر آگ بھی لگی،،،

سہی،،،، ٹھیک ہو گیا،،،، اور اس کی زمہ داری بس گھر تک ہی محدود ہے ناں،،، شوہر جائے بھاڑ میں،،،

تم چاہتے کیا ہو شاہ زل،،، پلوشہ نے سنجیدگی سے پوچھا

اپنی چہیتی بہو کو کہیں میرے روم میں آئے اور میری شرٹ آئرن کر کے دے۔۔
اس کے شوشے پر اپنے روم کے دروازے پر کھڑی نیناں کی سانس اٹکی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تمھاری ساری شرٹس آئرن کر کے وارڈروب میں رکھیں ہیں نیناں نے،،، پلوشہ اس کا یہ مسئلہ بھی خاطر میں نا لائی۔۔

مجھے ان میں سے کوئی بھی نہیں چاہیے جو نکالی ہے وہ آئرن کروانی ہے،،، وہ بھی ویر سلطان تھا،،، اپنی ہٹ کا پکا۔۔ کہہ کر اپنے روم میں جا چکا تھا۔۔ اور اپنے بیڈ پر بیٹھ کر بے چینی سے پاؤں جھلاتا اس کا ویٹ کرنے لگا۔۔

وہ جو جان بوجھ کر اپنا ہر کام اس کے آنے سے پہلے مکمل کر کے اپنے روم میں بند ہو جاتی تھی آج اپنا ہر حربہ ناکام ہوتا دکھائی دیا تو دل اچھل کر حلق میں آ گیا۔۔
پری نے تو اس پر کوئی زمہ داری ڈالی ہی نہیں تھا۔۔ وہ خود ہی ہر کام میں ہاتھ بٹا دیا کرتا تھا۔۔

پلوشہ نے آواز دی تو اس کا دل کیا کہیں چھپ جائے۔۔ مگر ناچار باہر آئی

جی مما،،،؟

جاؤ بیٹا دیکھو شاہ زل نے کوئی شرٹ پریس کروانی ہے،،، کر آؤ جا کر میں گئی تو پھر ٹونٹ کرے گا،،، پلوشہ نے نرمی سے کہا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ دھیمے قدموں سے ویر کے روم کی جانب گئی۔۔ایک گہرا سانس بھرا اور چہرے پر سکون سا طاری کرتی اندر داخل ہو گئی۔۔

سامنے وہ بیڈ پر بیٹھا الائچی چباتا موبائل میں مصروف تھا۔۔

نینان بنا کچھ کہے آئرن سٹینڈ تک گئی،،،اور شرٹ آئرن کرنے لگی۔۔
وہ بیڈ پر بیٹھا بظاہر موبائل کی طرف متوجہ تھا۔۔مگر وقتاً فوقتاً اس پر ایک گہری نظر ڈال رہا تھا۔یلو فراک ٹراؤزر میں دوپٹہ کندھوں پر گرائے اس کی کمر ویر کی جانب تھی۔۔
کمر کا گہرا گلا اور گلے پر بندھی ڈوری،،،ویسٹ سے نیچے تک جھولتی بالوں کی ڈھیلی چوٹی۔۔

دل بھی بے ایمان ہوا اور محبت بھی۔۔

کوئی رات میرے ہمنوا مجھے یوں بھی تو اک نصیب ہو،،
ویر کے دل نے صدا دی۔۔

وہ گڑبڑائی۔۔جی آپ نے کچھ کہا،،،؟ نیناں پوچھ بیٹھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نہیں تم نے کچھ سنا،،، ویر لاپرواہ سا بولا۔۔

وہ پھر اپنے کام میں مصروف ہوئی۔۔ مگر
ادھر گہری نگاہوں کی حدت نے نیناں کا ماتھا بار بار پسینے سے بھگویا تھا۔۔ کمر جیسے جل رہی تھی۔۔ وہ
بار بار ماتھے پر آتا پسینہ ہاتھ کی پشت سے صاف کرتی سخت نروس ہو رہی تھی۔۔

اس شرٹ آئرن کر کے سٹینڈ پر رکھی جب ویر فوراً بیڈ سے اتر کر نیچے آیا،،، اپنی شرٹ اتاری اور وہ
شرٹ اٹھا کر پہننے لگا۔۔
نیناں کی روح فنا ہوئی۔۔

فوراً مڑ کر باہر جانے لگی،،، جب اتنی ہی تیزی سے ویر نے بچکانہ سی حرکت کرتے ہوئے اپنی
شرٹ کا بٹن توڑا تھا۔۔

سنو،،، ویر نے پکارا۔۔

جی،، وہ پھر ٹھٹھکی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یہ بٹن ٹوٹ گیا ہے،،، ما کے روم سے سوئی دھاگہ لا کر اسے لگاؤ۔۔

ایک اور آرڈر دیا گیا۔۔

وہ خاموشی سے گئی۔۔اور سوئی دھاگہ لے آئی۔۔اب مصیبت تو یہ تھی کہ اسے کہاں یہ کام آتا تھا۔۔ مگر سامنے والے کی دہکتی نگاہوں سے بچ نکلنے کا یہی طریقہ تھا کہ وہ جلدی سے یہ بھی کر گزرتی اور یہاں سے کھسک جاتی۔۔

شرٹ دیں،، وہ جھجھکی۔۔

ایسے ہی لگا دو،، وہ پھر لاپرواہ بنا،، دشمنِ جاں کا قریب بہت قریب سے دیدار کرنے کی خواہش دل میں انگڑائی لے کر بیدار ہوئی۔۔

وہ جھجھکتی قریب چلی آئی۔۔شرٹ پکڑی۔۔ویر نے وہ ملیحہ چہرہ غور سے دیکھا،، جان بوجھ کر اسے ستانے کو پینٹ کی پاکٹ سے سگریٹ نکال کر سلگائی۔۔جانتا تھا

فلیش بیک میں گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نیناں اس کے قریب کھڑی تھی وہ مسلسل کچن میں اس کا دماغ کھا رہا تھا۔۔
تب شرارت میں کچن میں موجود جینفر کی سگریٹ کی ڈبی میں سے اس نے سگریٹ نکال کر سلگائی۔۔ سیکنڈوں میں نیناں کا چہرہ سرخ ہوا تھا کیونکہ اسے سگریٹ کے دھوئیں سے سخت نفرت اور الرجی تھی۔۔
نیناں نے لپک کر شدید طیش میں ویر کے لبوں سے سگریٹ نکال کر دور اچھالی تھی۔۔ اور اس کے سینے پر مکے برسائے۔۔
وہ قہقہے لگا کر ہنس پڑا تھا۔۔

اب بھی سگریٹ کے دھوئیں نے نیناں کا چہرہ لال ٹماٹر کیا۔۔ مگر وہ ضبط کیے کھڑی رہی،،

ویر کا دل چاہا اب بھی وہ اس کے لبوں سے سگریٹ کھینچ کر دور اچھال دے مگر۔۔۔

وہ آج مجھ سے نظر تک نہیں ملا پایا
بے وفائی نے،،،،،،،،بزدل بنا دیا اس کو

وہ ہلکے سے کھانسنے لگی تو ویر نے خود ہی سگریٹ بجھا دی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب وہ جیسے تیسے بٹن لگا کر پھر سے جانے کو پر تولنے لگی۔۔
اور دروازے کی جانب بڑھی۔۔

ویر کی برداشت نے اپنی آخری حدوں کو چھوا تھا۔۔
چار قدم کا فاصلہ اس نے دو قدم میں طے کر کے وہ اس تک پہنچا تھا جب بازو سے تھام کر اسے اپنی جانب گھما کر اتنی ہی اچانک دیوار سے پن کیا تھا۔۔

اس اچانک افتاد پر وہ بوکھلائی۔۔
شاہ،،،،،،،،،،،،
ویر کے ہونٹوں نے اس کی بات پوری نہیں ہونے دی تھی۔۔اس کے نرم گداز، ہونٹوں کو شدت سے اپنی دسترس میں لیا تھا۔۔ایک ہاتھ اس کی کمر کے گرد حائل کیے ایک گردن پر لپٹائے وہ اپنی اتنے دنوں کی وحشتیں اور بے قراریاں شمار کر رہا تھا۔۔

نیناں نے کندھوں سے اس کی شرٹ مٹھیوں میں دبوچی تھی۔۔
ویر کے شدت بھرے لمس نے اس کی جان نکالی تھی۔۔
وہ مکمل مدہوش اور بے خود سا اس پر جھکا ہوا تھا۔۔کندھے پر ایک جھٹکا سا محسوس ہونے پر ویر نے اسے آزادی بخشی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ ویر کی گرفت سے نکل کر اپنے کمرے میں بھاگ گئی تھی۔۔
ویر ساکن سا وہیں کھڑا تھا جیسے وہ اسے چھو کر پتھر کا بنا گئی تھی۔۔
ہاتھ کے انگوٹھے سے اپنے لبوں کو چھوا جیسے ابھی بھی وہ لمس اس کے ہونٹوں پر موجود تھا۔۔
نیچے قدموں میں اس کا دوپٹہ پڑا تھا جھک کر اٹھایا۔۔۔
فولڈ کر کے اپنی الماری میں رکھ لیا۔۔

نیناں نے اپنے روم میں آ کر ہی دوسرا سانس لیا تھا۔۔ پورا جسم پسینے میں نہایا تھا۔۔ بیڈ پر بیٹھ کر اپنی اکھڑتی سانس بحال کی۔۔
اور تو اور دوپٹہ بھی وہیں گر گیا تھا۔۔۔
وہ نڈھال سی بیڈ پر گری اور کمفرٹر میں دبک گئی۔۔

کافی دن سے سہانا یونی نہیں جا رہی تھی۔۔ سمسٹر کے بعد یونی سے فری تھی۔۔
مگر آج کافی دن کے بعد یونی جانا تھا۔۔
تبھی تیار ہو کر باہر نکلی تو ربیع نے پیچھے سے آواز دی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سہانا بے بی،،، اس نے شرارت سے پکارا۔۔

سہانا نے پلٹ کر اسے گھورا،،، ربیع بری بات،،،
ربیع قہقہہ لگا کر ہنس پڑی۔۔

کیا بات ہے ربیع،،،

وہ حرم مما نے کہا ہے آج کے بعد آپ یونی زین بھائی کے ساتھ جایا کریں گی۔۔

تبھی شاہ زین اندر سے نکل کر باہر آیا تھا۔۔ جینز کی پینٹ کے اوپر لائٹ گرے شرٹ میں حسبِ معمول والا ئچی چبا تا وہ بے حد ہینڈسم اور ڈیشنگ لگ رہا تھا۔۔ جب ربیع کی اگلی بات نے ہنسی دبانے کے چکر میں اس کا چہرہ سرخ کیا تھا۔

وہ دراصل مما ڈرتی ہیں کہ کہیں سہانا بے بی گھر کا رستہ نا بھول جائے،، یا گم نا ہو جائے،، ہاہاہاہاہاہا وہ قہقہہ لگا کر ہنسی

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ربیع،،، پتہ نہیں پاپا نے مجھے کیوں تم لوگوں کے سامنے بے بی بول دیا،،، سہانا نے دانت پیسے اور اس وقت کو کوسا۔۔

ارے ناں کریں بھابھی،،،، میں نے تو بھابھی بولا آپ کو بے بی سنائی دیا۔۔ ربیع نے معصومیت کا ریکارڈ توڑا

سہانا دانت پیستی گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔

وہ بڑی مشکل سے سنجیدگی طاری کرتا گاڑی میں بیٹھا۔۔

اس کا تپا تپا سا پھولا منہ اسے مزا دے گیا ابھی تو یونی جا کر اس کی درگت بنانی تھی اور اتنے دنوں کا حساب لینا تھا۔۔

ربیع سہانا کو چھیڑ کر اب لان میں آ کر جھولے پر بیٹھ کر جھولا جھولنے لگی تھی۔۔
کالج سے پیپر دے کر فری تھی سو مزے ہی مزے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جب پیچھے کسی کی آہٹ سنائی دی۔۔

مڑ کر دیکھا تو ظہان تھا۔۔

وہ پھر سیدھی ہو گئی

وہ گھوم کر آ کر جھولے پر اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔۔

آپ کب آئے ظہان بھا،،،،،

اے بھائی مت کہنا،،،، ظہان تڑپ ہی تو گیا تھا۔۔

کیوں،،،؟ وہ آنکھیں پٹپٹا کر بولی۔۔

نکاح مکروہ کرو گی کیا،،، وہ دانت پیس کر بولا۔۔

تو پھر کیا کہوں،،، معصومیت سوا نیزے پر تھی۔۔

کچھ بھی نا کہو چپ ہی رہو،،، ظہان نے عافیت اسی میں جانی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر وہ شرافت سے واقعی خاموش ہو گئی۔۔

اچھا تمھاری فرینڈز تمھیں پیار سے رانی کہتی ہیں ناں،،،
ظہان نے ایک اور کوشش کی

ہاں تو،،، وہ بچوں کی طرح پاؤں جھلاتی بولی،،،

تو میں راجہ تم رانی،،،،

ہاں ایک تھا راجہ،،،، ایک تھی رانی،،، دونوں مر گئے ختم کہانی،،، ہاہاہاہاہا،،، ربیع نے اس کی بات بیچ میں ہی اچکی اور قہقہہ لگا کر ہنس پڑی۔۔۔

ظہان نے رونی سی شکل بنا کر اس چھوٹی سی آفت کو دیکھا،،، اور اپنا سر پکڑا۔۔

ظہان کچھ نہیں ہو سکتا تمھارا ابھی لمبا انتظار کرو،،،،،
وہ اسے بچوں جیسی حرکتیں کرتا دیکھ ماتھا پیٹ کر رہ گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دس دنوں سے مطی کی جان سولی پر لٹکی تھی۔۔۔۔

انجانے نمبرز سے،، اسلام آباد کے مختلف فون بوتھ سے کال آتی۔۔
نا اٹھاتی تو کال کرنے والا جان جو آجاتا۔۔

اٹھاتی تو وہی بھیانک لفظ سننے کو ملتا۔۔ بڑی محبت سے پکارا جاتا۔۔

میری بیری،،،،
ایک دو دفعہ وہ وہمی ثابت ہو چکی تھی۔۔ اب تو اس نے شور مچانا اور بتانا چھوڑ دیا تھا۔۔

مگر اندر ہی اندر گھٹ رہی تھی۔۔
وہ جانتی تھی کوئی تو تھا جو لوٹ کر آیا تھا۔۔ اور جو اس نام سے اسے پکارتا تھا اسے سوچ کر ہی نفرت رگ رگ میں دوڑتی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر آج
آج مطی کو پتا نہیں تھا کہ اس کا ڈر سراپا وجود بن کر اس کے سامنے آجائے گا۔۔

وہ شاور لے کر واش روم سے باہر آئی تھی۔۔
دوپٹہ بیڈ پر رکھا تھا۔۔ بلیک فراک پاجامے میں گیلے بال کمر پر بکھرے تھے۔۔ وہ ڈریسنگ کے سامنے کھڑی تھی۔۔

جب کھڑکی سے کوئی آہٹ سنائی دی۔۔
پیچھے مڑ کر دیکھا تو چہرہ لٹھے کی طرح سفید پڑا۔۔ بے یقینی سی بے یقینی تھی۔۔
مگر اریش کے اپنی جانب بڑھتے قدموں نے اسے بے جان کیا تھا۔۔

تجھے نہیں ہے میری شدتوں کا اندازہ
کسی بھی سمت سے مجھ کو کبھی پکار کے دیکھ

میری بیری، لب وا ہوئے،،، صدیوں کی تڑپ تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ڈیڈ،،، وہ حلق کے بل چلائی اور دروازے کی جانب بھاگنے لگی۔۔جب اریش نے بڑی شدت سے بھاگ کر اس کے گرد بازو لپیٹے کر اسے خود میں بھینچنے کی کوشش کی۔۔

وہ بری طرح تڑپی۔۔مما،،،،، ڈیڈ،، بچائیں۔مجھے،،،، وہ چلا رہی تھی۔۔
اریش کو اندازہ نہیں تھا کہ اس کی بیری کا ردِ عمل اس قدر شدید ہو گا۔۔

باہر مطی کے روم سے چلانے کی آوازیں آ رہی تھیں اور آج اتفاقا سب ہی اس وقت گھر پر تھے۔۔
سب مطی کے روم کی جانب لپکے۔۔

بیری کالم ڈاؤن جان،،، وہ اسے قابو کرنے کی کوشش میں تھا۔۔مگر وہ مسلسل ہتھے سے اکھڑ رہی تھی۔۔بے تحاشا رو رہی تھی۔۔

تم مجھے موقع تو دو،،، اعتبار بنانے کا عدم
تھک جاؤ گے میری وفا کے ساتھ چلتے چلتے

ہیپے بے بی گرل بات تو سنو یار۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

چھوڑو مجھے،،، دور ہٹو،،، وہ نفرت سے چلائی۔۔ تبھی دھاڑ سے دروازہ کھول کر سب سے پہلے شاہ زر اور جونئیر روم میں داخل ہوئے تھے۔۔

شاکڈ تو وہ بھی تھے۔۔ اس زلیل شخص کو مطی کے روم میں اس کے بازو جکڑے دیکھ۔۔

مطی کی حالت چیخنا چلانا دیکھ شاہ زل کے غصے نے اپنی آخری حدوں کو چھوا تھا۔۔
پینٹ سے اپنی بیلٹ نکال کر بٹن پش کیا۔۔

مطی بھاگ کر شاہ زر کے سینے میں چھپی تھی،، ڈیڈ یہ میں نے کہا تھا ناں،، یہ،،، یہ،،، ڈیڈ، بچائیں مجھے،،، وہ اب بھی بری طرح چلا کر پینک ہو رہی تھی۔۔
شاہ ویر بھی سکتے میں تھا سوچا نہیں تھا وہ یہاں تک پہنچ جائے گا۔۔

حبہ حرم اور پری دم بخود سی یہ تماشا دیکھ رہیں تھیں،،،
نیناں روپ کے بلانے پر حاتم مینشن میں تھی۔۔

تبھی شاہ زل دانت پیستا اس کی جانب لپکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر سلطان میری بات سن لو،،،

مگر شاہ زل نے اس کی نہیں سننی تھی۔۔اب شاہ زل نے اسے بیلٹ سے دھنکا تھا۔۔
اسے مارتے پیٹتے وہ لاؤنج میں آئے تھے۔۔

اریش نے نا شاہ زل کو مارنے کی زرا سی بھی کوشش نہیں کی تھی۔۔نا اپنا دفاع کرنے کی کوشش کی بس چپ چاہ مار کھا رہا تھا۔۔

اس کا سارا جسم ادھڑ چکا تھا اور کپڑے خون سے رنگے تھے۔۔۔
شاہ زل کے مگر ہاتھ نہیں رک رہے تھے۔۔

مطی پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے مار کھاتا دیکھ رہی تھی۔۔
جب شاہ زل نے اپنی گن نکالی اور اریش کے دل کا نشانہ لیا تھا۔۔

Continue,,,,,,,,,,,,,,,,,,,,,

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode26,,,,,

اک یہی آس ہی کافی ہے میرے جینے میں
دل نہیں آپ دھڑکتے ہیں میرے سینے میں
تجھ سے جو گھاؤ ملے دل سے لگا لیتے ہیں
کتنی لذت ہے تیری ذات کے غم پینے میں

اریش زخموں سے چور، ، مگر اب بھی تڑپتی بے قرار نگاہیں اس دشمنِ جاں کے معصوم چہرے کا طواف کر رہیں تھیں
وہ بمشکل اب لاونج کے پلر سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔۔

ویر نے اپنی گن نکال کر اریش پر تانی تھی۔۔
وہ غصہ میں پاگل ہو چکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بیری میری بات سنو،، آئی لو یو،،، تم صرف میری ہو،، بس ایک مرتبہ مجھے معاف کر دو،،،
میں تمھارے ہر دکھ کا مداوا کروں گا۔۔
ہر غم کو خوشی میں بدل دوں گا۔۔

وہ ایک ایک بیلٹ کھانے کے بعد بس اپنی بیری سے مخاطب تھا اور مطی کی یہ خون خرابہ دیکھ جان ہر بن آئی تھی۔۔

تبھی وہ مطی کے قریب چلا آیا تھا۔۔
مطربی پیچھے بھاگی اور پیچھے پڑی ٹیبل سے فروٹ باسکٹ سے چاقو اٹھا لیا۔۔

خبردار میرے قریب آئے میں جان لے لوں گی اپنی،،، وہ جنونی سی چلا کر بولی۔۔

نو بیری کوشش بھی مت کرنا پھر سے خود کو ہارم پہنچانے کی،،، وہ اس دوران پہلی مرتبہ غصے سے دھاڑا۔۔
مطی اوتھی۔۔
زدہ ہو گئی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زر نے لپک کر مطی کو پکڑ کر اسے اپنے پیچھے چھپایا۔۔

شاہ زل پھر دانت پیس کر اس کی جانب لپکا۔۔

ہاؤ ڈئیر یو باسٹرڈ،،،،

وہ اب بھی ڈھیٹ بنا ادھڑے جسم کے ساتھ مطی کے پاس جانے کی اسے مخاطب کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

اس سے پہلے ویر اس پر گولی چلاتا مطی کے منہ سے ایک دلخراش چیخ سنائی دی تھی۔۔ پھر شاہ ویر نے جونئیر کا ہاتھ روکا تھا۔۔

ڈیڈ مت روکیں مجھے،،، شوٹ کرنے دیں اسے،،،، وہ بپھرا

جونیئر پاگل ہو گئے ہو چھوڑو اسے،، مجھے سننا ہے وہ جو کچھ کہنا چاہتا ہے۔۔ اتنی مار کھا رہا ہے کس لئے،، سٹاپ دس،،، شاہ ویر نے جونئیر کو روکا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ڈیڈ پر،،، شاہ زل نے دانت پیسے،، باقی سب بھی دبخود سے کھڑے شاہ زل کا یہ جنونی روپ دیکھ رہے تھے۔۔

تبھی سلطان مینشن میں گاڑیوں کی آوازیں آئیں تھیں۔۔

کچھ دیر بعد ہی کرنل وسیم اور فورس کے کچھ جوان اندر آتے دکھائی دیئے۔۔

شاہ زل کو حیرت ہوئی۔۔ مگر وہ سیدھا ہو کر الرٹ ہو گیا۔۔

شاہ ویر نے آگے بڑھ کر کرنل وسیم کا استقبال کیا اور ان سے ہاتھ ملایا۔۔

نوجوان اریش کی جانب لپکے۔۔ اور سہارا دے کر اسے کھڑا کیا۔۔

یہ آپ کیا کر رہے ہیں مسٹر شاہ زل سلطان،،، کرنل وسیم نے سنجیدگی سے پوچھا۔۔

سر،،،، وہ الجھا،،، مگر بولا کچھ نہیں۔۔

مجھے نہیں پتہ کہ آپ لوگوں کو کیا پرسنل پرابلمز ہیں مگر اتنا پتہ کہ مسٹر اریش زبیر ایک بہت ہی قابل آفیسر ہیں،،، جس نے اپنے سگے ماں باپ کو جرم کرنے کی پاداش میں جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دیا۔۔ اور پاکستان کا بھی بہت ساتھ دیا اس چل رہے وومن ٹریفکنگ کے بڑے نیٹ ورک کو توڑنے میں،،

جی سر،، شاہ زل نے ایک نگاہ اریش زبیر کو دیکھا جو ابھی بھی صرف مطی کی جانب ہی دیکھے جا رہا تھا،،، مگر وہ شاہ زر کے پیچھے تقریباً چھپی کھڑی تھی۔۔

مسٹر اریش مجھے تمام سچائی پتا چکے ہیں کہ اس مائیکرو چپ کو لے کر اور بہت سی چیزوں کو لے کر انھیں بھٹکایا گیا تھا۔۔ مگر یہ اب اپنی غلطی سدھارتے ہوئے سب کچھ ٹھیک کر چکے ہیں،، یہاں اپنی بیوی کے لئے آئے ہیں،، اب آپ لوگ بھی اپنی پرسنل پرابلمز سلجھا کر ایسے مار پیٹ کی بجائے مل بیٹھ کر اس مسئلے کا حل نکالیں۔۔۔
مجھے یہی کہنا تھا کہ میں ہر طرف سے تسلی کر کے ایک سپاہی کا ساتھ دینے یہاں چلا آیا جس نے پاکستان کی اتنی مدد کی مجھے اس پر بھروسہ ہے امید ہے آپ لوگ بھی کریں گے۔۔
اسے ہوسپٹل لے کر چلیں،،،

کرنل وسیم کہتے اٹھے تھے اور اب بے ہوش ہوئے اریش کو لے کر وہاں سے چلے گئے تھے۔۔

شاہ زل نے بال مٹھیوں میں جکڑے،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اوراس ظالم لڑکی کو دل میں مخاطب کیا جو ہر مرتبہ اس کے اعتبار کو ٹھیس پہنچاتی تھی۔۔
نیناں سلطان اگر اس میں تمہارا زرا سا بھی ہاتھ ہوا تو آئی سوئیر میں اب کی بار تمھیں چھوڑوں گا نہیں۔۔

وہ اپنے روم میں جا چکا تھا۔۔
مگر حبہ نے پورا سلطان مینشن اپنے سر پر اٹھا لیا تھا حقیقت پتا چلنے پر۔۔
اوراب دونوں ماں بیٹی رو رو کر ہلکان ہو رہیں تھیں۔۔

کرنل وسیم کی باتوں نے شاہ ویر،،، میر اور شاہ زر پر بہت گہرا اثر چھوڑا تھا کہ وہ سوچنے پر مجبور ہو گئے تھے کہ آیا اریش کو ایک اور چانس دینا چاہیئے بھی کہ نہیں۔۔

شاہ زر نے یہ بات کرنا چاہی مگر حبہ نے طوفان مچا دیا تھا۔۔

خبردار شاہ زر نام بھی لیا اس شخص کا اس گھر میں کسی نے،،، میں اپنی بیٹی کنوئیں میں پھینک دوں گی اپنے ہاتھوں سے،،،،،، مگر اس درندے کے حوالے کبھی نہیں کروں گی جس نے میری معصوم بچی کے ساتھ وہ سب کیا۔۔ اسے زہنی مریضہ بنا دیا۔۔
اچھا ہوا وہ آ گیا اب جلد از جلد اس سے طلاق دلوائیں مطی کو،،،،،،
حبہ نے اپنا آخری فیصلہ سنایا۔۔ لہجہ اٹل تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ادھر شاہ زین کو پتہ چلا تو اس نے جو سہانا کے لئے پلین کر رکھا تھا وہ دھرے کا دھرا رہ گیا۔۔۔
اس کو کسی اور دن پر ٹال کر وہ جو سہانا کو لئے گھر واپس آ گیا تھا۔۔
اب اتنی ٹینشن والی صورتحال میں وہ خود کے لئے کیسے سوچ سکتا تھا۔۔
گھر پہنچے تو ماحول میں ایک عجیب ہی تناؤ اور کھنچاؤ سا تھا۔

مطی پھر زہنی طور پر بے حد ڈسٹرب ہوئی تھی۔۔ مگر اسے کیا پتہ تھا کہ ابھی اریش زبیر نے واپس آنا ہے
اس کے لئے پھر سے ڈائمن ڈیول بن کر،،،

تین دن گزر چکے تھے،،، گھر میں عجیب سا تناؤ تھا۔۔

شاہ زل نے سلطان مینشن کی سکیورٹی بڑھا دی تھی۔۔۔ اور ایک مرتبہ پھر نیناں پر اعتبار نا کرتے ہوئے اس کی کال ڈیٹیلز اور سلطان اور حاتم مینشن سے آنا جانا چیک کر چکا تھا مگر نیناں کے اس میں انوالو ہونے کا کوئی کلو نہیں ملا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ تو پھر بھی اعتبار نہیں کر رہا تھا اور اسی انتظار میں تھا کہ کوئی کلو ہاتھ آئے تو نیناں سے باز پرس کرے۔۔

آدھی رات کے وقت جبکہ سب اپنے اپنے روم میں تھے۔۔
نیناں روپ کے بیمار ہونے کی وجہ سے حاتم مینشن میں ہی تھی۔۔

سب اپنے اپنے کمروں میں سو رہے تھے اور شاہ زل ڈیوٹی پر تھا،، ایک ہیولہ سلطان مینشن کی دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہوا تھا۔۔

وہ ڈائمن ڈیول تھا جو اپنی بے بی گرل کو لے جانے آیا تھا،،، اسے سب سے پہلے بیری کا پھر سے اعتبار جیتنا تھا باقی کسی کی بھی اس کو کوئی پرواہ نہیں تھی۔۔

کتے بے ہوشی کے بسکٹ کھا کر پہلے ہی ہوش کھو چکے تھے،، پچھلی سائیڈ کے گارڈز کو بھی وہ وقتی طور پر بے ہوش اور سکیورٹی کیمرے ہیک کر چکا تھا۔۔
تاکہ اس کا کام مکمل ہونے تک شاہ زل سلطان تک کوئی اپ ڈیٹ نا پہنچے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ اندر آیا اور اب دعا کر رہا تھا کہ بیری اپنے روم میں ہی ہو بس اپنے ڈیڈ اور مما کے پاس نا دبکی بیٹھی ہو۔۔

بیری کی کھڑکی تک آیا تو وہ مضبوطی سے بند تھی وہ مسکرایا۔۔

اب دنیا کی کوئی ایسی کھڑکی یا دروازہ نہیں تھا جو اسے اس کی بیری تک پہنچنے سے روک دیتا۔۔

اس نے بڑی مہارت سے کھڑکی کھولی تھی۔۔

اندر آ کر گہرے سکون کا سانس لیا کیونکہ اس کی بیری سامنے بستر پر موجود تھی۔۔

وقت نہیں تھا اسے جلد از جلد نکلنا تھا وہ بیری کے قریب آیا۔۔ اور اس پر حاوی ہوا۔۔

وہ اٹھی اور پھٹی پھٹی نگاہوں سے اپنے اتنے قریب منہ پر ہاتھ رکھے اسے دیکھا

وہ مچلی مگر منہ پر رکھے گئے رومال کی وجہ سے جلد بے ہوش ہو چکی تھی۔۔ اریش نے اسے اپنی بانہوں میں بھرا

اور اتنی ہی خاموشی سے وہاں سے نکلا جتنی خاموشی سے وہاں پر آیا تھا۔۔

شاہ زر کے لئے ایک نوٹ ضرور چھوڑ کر گیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جونیئر نے طوفان مچا رکھا تھا پورے سلطان مینشن میں۔۔
گارڈز کی بھی سختی آئی تھی۔۔

اپنے طور ہر ممکن جگہ پر ڈھونڈ چکا تھا مگر مطی کا کہیں کوئی اتا پتا نہیں ملا تھا۔۔

مطی کی کڈنیپنگ کی وجہ سے سارا سلطان مینشن ہل چکا تھا۔۔

حبہ نے رو رو کر اپنی حالت بری کر لی تھی۔۔ شاہ زر مگر حبہ کو تسلیاں دیتا قدرے پر سکون سا تھا۔۔
نوٹ اس کی پاکٹ میں تھا جس میں اریش نے لکھا تھا۔۔

سر،،،،،
ہوپ سو آپ مجھے سمجھیں گے۔۔ میں مطربہ سے اس قدر شدید محبت کرتا ہوں کہ آپ اندازہ نہیں لگا سکتے،، چاہے آپ کو غصہ آئے مگر آپ سے بھی کہیں زیادہ محبت ہے مجھ اس سے،،، اس کے بغیر اب ایک پل بھی نہیں رہ سکتا۔۔ اسی لئے اپنی امانت لیے جا رہا ہوں،۔۔ مجھے پتہ ہے اس کی مینٹلی کنڈیشن بھی،،، سو وعدہ کرتا ہوں اس کا اتنا خیال رکھوں گا جتنا آپ بھی نہیں رکھ پائے ہوں گے،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وعدہ کرتا ہوں کبھی اس سے بدسلوکی نہیں کروں گا،، وعدہ کرتا ہوں آپ کی بیٹی کو کانٹوں سے تو کیا پھولوں تک سے آنچ بھی نہیں آنے دوں گا۔۔۔۔

وعدہ کرتا ہوں بہت جلد وہ اپنی ہر پریشانی میں ڈیڈ کی جگہ اریش اریش پکارے گی،، تب اسے لئے واپس لوٹ آؤں گا۔۔ امید ہیں آپ مجھے معاف کر دیں گے۔۔

آپ کا گناہگار اریش۔۔۔

اسی لیے شاہ زر نے زیادہ ری ایکٹ نہیں کیا تھا۔۔ کہ اسے کچھ تسلی تھی۔۔ اسی لئے اس نوٹ کے بارے میں اس نے جونیئر کو بھی نہیں بتایا تھا۔۔

شاہ زل تن فن کرتا پہلے کرنل وسیم کے پاس گیا تھا اور انھیں ساری صورتحال بتائی۔۔

ناممکن شاہ زل ضرور آپ کو کوئی غلط فہمی ہوئی ہے،، اسے تو میرے جوان کل ہی ائیر پورٹ پر سی آف کر کے آئے۔۔ مگر پھر بھی تم ایک ایجنٹ ہو تسلی کر لو کہ وہ کل فلائیٹ میں گیا بھی ہے کہ نہیں۔۔

کرنل وسیم اطمینان سے بولے

وہ انھیں قدموں وہاں سے نکلا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

پھر ائیر پورٹ پر فلائیٹس کی انکوائری کروائی تو پتہ چلا کہ واقعی وہ کل جا چکا ہے۔۔
مگر اسے پتہ تھا کہ ڈائمن ڈیول بھی منجھا ہوا کھلاڑی ہے ضرور کوئی گیم کھیل رہا تھا۔۔

اسی لئے شاہ زل نے یہ ماننے کی بے وقوفی ہر گز نہیں کی تھی کہ اریش زبیر لندن واپس جا چکا ہے۔۔

مطربہ نے دھیرے دھیرے اپنی آنکھیں کھولیں۔۔
صدمے سے بے حال ہوتے اس نے اٹھنا چاہا تب یہ دیکھ کر اس کے رونگٹے کھڑے ہوئے تھے۔۔

کہ اس کہ دونوں ہاتھ اس انجان بے تحاشا خوبصورت کمرے کے خوبصورت بیڈ کے کراؤن کے ساتھ باندھے گئے تھے۔۔

زرا سا اوپر ہو کر دیکھا تو پاؤں بھی بندھے ہوئے تھے۔۔ خوف سے رونگٹے کھڑے ہوئے تھے جب اپنے بلکل قریب کسی اور وجود کی موجودگی محسوس ہوئی۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اپنے بائیں جانب دیکھا تو بری طرح مچلی کیونکہ بالکل قریب نیم دراز اریش لبوں پر مسکان لیے دائیں گال کے نیچے دونوں ہاتھ رکھے دلچسپی سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔ جیسے سامنے جانے کتنا خوش کن منظر تھا۔۔

یوں جیسے صدیوں کا پیاسا کوئی کنوئیں کو دیکھتا ہے۔۔

وہ بری طرح جھٹپٹائی۔۔

کھولو مجھے،،، چھوڑو،، وہ چلائی اور شدید پینک ہوئی۔۔

ہیے بیری،،، کالم ڈاؤن،،، جان،،، اریش نے اس کو چھونا چاہا۔۔

دور رہو مجھ سے،، وہ چلائی،،، ڈیڈ،،، وئیر آر یو،،،

دور ہی ہوں بیری،،، کب چھوا تمھیں،،، وہ نرمی سے بولا

تو باندھا کیوں ہے مجھے کھولو،،، وہ پھر چلائی۔۔۔ چلا چلا کر اس کا چہرہ سرخ پڑ چکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

صرف اس لئے کہ اس دن کی طرح تم مجھے ہارم پہنچانے کے لئے خود کو نا نقصان پہنچاؤ بے بی گرل،،،
وہ زرا قریب آیا۔۔

کیا چاہتے ہو اب مجھ سے،،،وہ غرائی۔۔

زیادہ کچھ نہیں،،،مائی ڈمپل گرل بس مجھے اپنا بے بی واپس چاہیے تم سے،،،وہ یوں اطمینان سے بولا جیسے چھوٹا بچا ہو اور مطی سے جھنجھنے کی فرمائش کر رہا ہو۔۔

مطی نے پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس پاگل آدمی کو دیکھا،،،جواب اس کے تھوڑا اور قریب کھسک آیا تھا۔۔

یو باسٹرڈ،،،چیپ،،دور رہو مجھ سے،،چھوڑو مجھے،،وہ پھر چلائی،،،اب تو چلا چلا کر اس کا گلا بھی بیٹھ چلا تھا۔۔آواز بھاری ہو گئی۔۔وہ رونے لگی۔۔

اریش اس پر حاوی ہوا،،بہت نرمی سے اس کا چہرہ ہاتھوں کے پیالوں میں بھرا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہیے یو،،، سٹاپ کرائنگ رائٹ ناؤ،، کچھ نہیں کہوں گا،، اب کی بار بلکل تمھاری مرضی سے اور مکمل ہوش میں تمھارے قریب آؤں گا بیری۔۔ کالم ڈاؤن بے بی،، وہ رونا بھول کر اس کی جانب دیکھنے لگی۔۔

جو لمحہ بہ لمحہ اس کے قریب تر آتا جا رہا تھا۔۔
احساس ہونے پر مطی پھر بری طرح مچلی،،، دور رہو مجھ،،،،،

اریش نے اس کے لبوں پر ہاتھ رکھا ہیے سٹاپ اٹ،،، جسٹ سٹاپ،، اب کی بار وہ زرا غصے میں بولا تھا۔۔ کیونکہ وہ اپنا گلا خراب کر رہی تھی۔۔

سٹاپ بیری،،، بہت ہو گیا،، یو نو واٹ بس تمھیں زرا سا چھو کر فیل کرنا چاہتا ہوں کہ تم میرے پاس ہو بہت قریب ہو،،
مزاحمت مت کرنا،،،
ڈائمن بن گیا تو سب کچھ کروں گا،،،
اریش کو بس زرا سا چھونے دو،،،

وہ بکواس کر رہا تھا حالانکہ ایسا کوئی ارادہ نہیں رکھتا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اب وہ بے حد خوفزدہ ہوئی تھی اور سچ مچ مچلنا بند کر دیا۔۔تب اریش نے زرا سا جھک کر عقیدت سے اس کو ہونٹوں کو اپنے لبوں کی دسترس میں لیا۔۔
اور فورا نرمی سے پیچھے ہٹا۔۔

اس نے بہت سختی سے اپنی آنکھیں بند کر لیں تھیں۔۔اریش گہرا مسکرایا پیچھے ہٹا اور جا کر کھڑکی میں کھڑا ہو گیا۔۔

اریش کی اس گستاخی سے وہ اب تک خوف سے آنکھیں بند کیے لیٹی تھر تھر کانپ رہی تھی۔۔

باہر شدید برف باری ہو رہی تھی۔۔
اس نے اپنا ہوم ورک مکمل کیا تھا۔۔جانتا تھا سلطانز چپ نہیں بیٹھے گے اور انھیں ڈھونڈنے کی کوشش کریں گے۔۔

یہ بھی اندازہ تھا کہ وہ یہی سمجھیں گے کہ وہ مطی کو لندن لے کر گیا مگر وہ تو یہیں تھا پاکستان میں سوات سے نوے کلومیٹر دور کالام سے آگے ایک چھوٹے اسے غیر معروف عکاقے کے لڑکی سے بنے کاٹیج میں۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شدید برف ہو رہی تھی۔۔

اس کے گارڈز اور پارکر آس پاس کے کاٹیج میں تھے۔۔اب بس وہ تھا اور اس کی بیری۔۔

وہ پھر اس کے قریب آیا اور نرمی سے اس کے بندھے ہاتھ اور پاؤں کھول دیئے۔۔

وہ تڑپ کر اٹھی اور دروازے کی جانب لپکی۔۔

اب وہ ہر طرح سے وہ دروازہ کھولنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

اور آج وہ اس دروازے کو کھولتے ہوئے بے تحاشا رو رہی تھی۔۔

اریش پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے اس کے قریب آیا۔۔

بیری،،، نرمی سے اسے پکارا،،

وہ خوفزدہ سی پیچھے مڑی تھی۔۔

آئی ہیٹ یو،،، وہ پھنکاری۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جانتا ہوں،،، وہ ایک قدم قریب آیا۔۔

مجھے تمھاری شکل سے تمھارے نام سے نفرت ہے،،، مطی نے پھر غصہ نکالا۔۔

جانتا ہوں۔۔۔ وہ پھر اطمینان سے بولا

کھولو یہ ڈور،،، جانے دو مجھے،،، ورنہ ویر اس بار تمھیں نہیں چھوڑے گا،،، وہ دانت کچکچا کر بولی۔۔۔

وہ قریب آیا۔۔۔ مطی دروازے سے لگی۔۔ اس نے ہاتھ دائیں بائیں رکھے۔۔

تمھارے لئے میں مرنے کو بھی تیار ہوں بے بی گرل،،،، وہ سھمیے سے اس کے کان میں بولا۔۔

مجھ پر اب ان جھوٹی اور فریبی باتوں کا زرا برابر بھی اثر نہیں ہونے والا۔۔۔ وہ اس کی آنکھوں میں دیکھنے سے گریز کر رہی تھی۔۔

میری آنکھوں میں دیکھ کر بولو ڈمپل گرل،،،، محبت سے چور لہجہ تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مطی نے اس کی آنکھوں میں دیکھا۔۔

آئی ہیٹ یو،،، وہ اپنے مجرم کی آنکھوں میں دیکھ کر ایک مرتبہ پھر غرائی۔۔۔ آنسوؤں نے گال بھگوئے

تمھیں معلوم ہے جاناں،،
کہ تم تو ایک قاتل ہو،،
میرے اندر کا ہنسا ہوا انسان،،
تم نے مار ڈالا ہے،،،

مگر اریش اس کے مزید قریب ہوا،، اب ان کے درمیان فاصلہ نا ہونے کے برابر تھا۔۔
اریش کی سانسوں کی مہک اسے اپنے ماتھے پر محسوس ہوئی۔۔

ہیے بے بی گرل مانتا ہوں تمھارا مجرم ہوں،،، جو چاہے سزا دو،،، اپنے ہاتھوں سے جان لے لو،،،
میں اپنے ہر جرم ہر گناہ کا مداوا کرنا چاہتا۔۔ مگر ایک کام کرنا۔۔۔ مجھے خود سے دور مت کرنا،،، بہت تڑپا تھا،،، بہت رویا تھا تمھاری موت کے ڈرامے کو دیکھ کر،،، مگر اب ایک پل بھی اپنی نگاہوں سے اوجھل نہیں ہونے دے سکتا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نو،،،، نیور

ایورر،،،،

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔۔

مطی نے منہ پھیر لیا تھا اس سے۔۔۔اس کی محبت سے۔۔اس کی باتوں سے،،،،

قسم جو کھائی تھی اب کبھی کسی پر اعتبار نا کرنے کی۔۔

Continue,,,,,,,,,

#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_#Wahiba_Fatima
Episode27.....

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر نے ہر ممکن کوشش کی تھی مطی کو ڈھونڈنے کی مگر ناکام ہوا تھا۔۔
سب کیمرے چیک کیے۔۔
پورے شہر میں ڈھونڈا۔۔۔

فلائیٹس چیک کیں مگر ناکام ہوا۔۔

اب غصے کی انتہا سے آگ کا گولہ بنا سلطان مینشن آیا تھا۔۔ سامنے ہی لاؤنج میں وہ ظالم ابھی ابھی روپ کے ساتھ حاتم مینشن سے آکر بیٹھی تھی۔۔

پلوشہ،، حرم اور حبہ بھی وہیں بیٹھی تھیں۔۔ نیناں کو ابھی پتہ چلا تھا کہ اریش آیا تھا اور مطی کو لے گیا۔۔
وہ بھی پریشان ہوئی۔۔
ویر نے لاؤنج میں داخل ہو کر بہت اچانک اسے بازو سے دبوچا تھا۔۔

پلوشہ ارے ارے کرتی رہ گئی مگر وہ اسے لئے اپنے روم میں آیا تھا۔۔ نیناں حیرت زدہ سی تھی کہ اب اس سے کون سی غلطی ہو گئی تھی۔۔
روم میں آکر اس نے دروازہ لاک کیا تھا۔۔ اور جھٹکے سے اسے دیوار سے پن کیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تم نے اسے بتایا مطی کا،،، وہ سرخ آنکھوں سے نیناں کی جانب دیکھ کر غرایا۔۔

ستم گر کیا ستم سہنے بھی دو گے
ابھی زندہ مجھے رہنے بھی دو گے

الفاظ تھے کے کوڑے جو ایک مرتبہ پھر وہ اس کی روح پر مارنے آیا تھا۔۔

نو،،، نیناں نے بنا ڈرے ویر سلطان کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا تھا۔۔

مطی کہاں ہے نیناں سلطان بتاؤ مجھے،،،؟ وہ دانت پیس کر بولا

آئی ڈونٹ نو،،، نیناں نے ایک مرتبہ پھر اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔۔

تو کسے معلوم ہے نیناں سلطان،،،، مگر وہ چیک کرنے کے باوجود اس کی ذات کی دھجیاں اڑانے میں مصروف تھا۔۔

چھوڑیں مجھے شاہ زل تکلیف ہو رہی ہے،،،، وہ غصے سے مچلی تھی،،، کیونکہ ویر سلطان کی ہاتھوں کی انگلیاں جیسے لوہے کی طرح بازوؤں میں پیوست ہو رہیں تھیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ مچلی مگر ویر نے ہمر ایک جھٹکے سے اسے دیوار سے لگایا۔

نہیں پہلے بتاؤ مجھے نیناں ورنہ،،،،،

نو،، وہ اب غصے کی انتہا سے ویر کی آنکھوں میں دیکھ کر غرائی تھی،، کیونکہ اب بس ہو چکی تھی نیناں سلطان کی بھی،، اندر سے کہیں چپ بیٹھی لینا نے بغاوت کی تھی۔۔

No,,,,,,ifIsaidno,,,,,thenit'smeansno

میں نے کسی کو کچھ نہیں بتایا۔۔ نا میں اس چیز میں انوالو ہوں،،،،،،، بلکہ آپ تو چیک بھی کروا چکے ہوں گے،،، پھر بھی یقین نہیں تو کر اس چیک کر لیں،،، وہ بپھری شیرنی کی طرح غرائی اور بڑی مہارت سے اس کی گرفت سے نکلی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مجھے تو نہیں معلوم بھیا،،، کل جب آپو کی طبیعت خراب ہوئی اور وہ بے ہوش ہو گئی تھیں تو بڑی مما کے روم میں ڈاکٹر آئی تھیں،، تب وہ انھیں کہ روم میں تھیں اس کے بعد بڑی مما انھیں ہو سپٹیل لے کر گئی تھیں،،، پھر مجھے لگا وہ روپ دادو کے پاس چلی گئی ہوں گی،،، کیا ہوا بھیا وہ ادھر نہیں ہیں کیا۔۔

ویر کے دل کو جیسے کسی نے پتھر کے نیچے کچلا،،، اتنا کچھ ہو گیا اور اسے کسی نے بتانا ضروری نہیں سمجھا۔۔

بھیا آپی ٹھیک تو ہیں ناں،، اب ربیع پریشان ہوئی۔۔

ہاں وہ ٹھیک ہے،، اوکے تم اپنا کام کرو، مجھے ضروری کام ہے۔۔ وہ لاؤنج سے گزرتا باہر گیا۔۔

پھر باہر واچ مین کی سختی آئی تھی۔۔۔۔ ویر کے تیور دیکھ کر۔ تب اس نے اگل دیا کہ میم سمیع اور ان کی بیٹی کے ساتھ کہیں گئیں ہیں،، اور شاید بڑی بیگم صاحبہ نے انھیں کہیں بھیجا ہے۔۔

آج ویر سلطان نے اپنی دل کو سورج کی طرح غموں اور پچھتاؤں کی مغرب میں ڈوبتے پایا تھا۔۔

مگر اب بھی ہمیشہ کی طرح غصہ سوا نیزے پر چڑھائے اپنی مما کے روم میں داخل ہوا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سامنے ہی پلوشہ ایک باکس میں نیو بورن بے بی کے کپڑے ترتیب سے رکھنے میں مصروف تھی۔۔
شاہ ویر اس کے پاس بیٹھا تھا۔۔

مما نیناں کہاں ہے،،، ویر کی آواز میں جتنی بے قراری اور وحشت تھی،،، پلوشہ کے انداز میں اتنا ہی سکون۔۔۔

مجھے نہیں معلوم،،،،، پلوشہ لاپروائی سے بولی۔۔

مما میں پورے سلطان مینشن کو آگ لگا دوں گا،،،،، وہ بال مٹھیوں میں جکڑ کر بولا جیسے طیش اور اشتعال کا طوفان اپنے اندر دبانے کی کوشش کر رہا ہو۔۔۔

جاؤ لگا دو،،،،، پلوشہ پر خاطر خواہ اثر نہیں ہوا تھا۔۔

پری پلیز،،،، شاہ ویر کا بیٹے کو دیکھ کر دل جیسے کسی نے مسلا تھا،،، رونا تھا۔۔
ٹوٹی بکھری حالت میں اس میں شاہ ویر کو پچیس سال پہلے کا شاہ ویر نظر آیا۔۔
مگر پلوشہ پھر یونہی پہلے کی طرح پتھر دل بن چکی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ آپ چپ کریں،،، یہ میرا اور اس کا معاملہ ہے،،، آپ بیچ میں مت بولیں۔۔

مما مجھے معلوم ہو چکا ہے یہ سب آپ نے کیا سمیع انکل کو بول کر،، پلیز مما مجھے بتا دیں،،، میں مر جاؤں گا اس کے بغیر،،،
اب اسے نے ڈریسنگ کے شیشے میں واس مار کر اپنا غصہ نکالا تھا۔۔

اچھا،،، یہ تو نیناں سے جانوروں جیسا سلوک کرنے سے پہلے سوچنا چاہیئے تھا،، اب کیا فائدہ۔۔

مما میں اس سے معافی مانگ لوں گا،،، سب غلط فہمیاں دور کر دوں گا،،، میں اب کوئی تکلیف،،،،،

کب تک ویر،،،،، کب تک اس سے وحشیوں سا سلوک کر کے معافی مانگتے رہو گے۔۔

مما میں جانتا ہوں آج سے پچیس سال پہلے آپ نے ڈیڈ کے ساتھ یہی کیا تھا مگر میں شاہ ویر سلطان نہیں ہوں جو اتنا صبر اور پیشنس رکھ سکوں،، مما میں کچھ کر بیٹھوں گا پلیز بتا دیں وہ کہاں ہے۔۔
وہ اب سرخ چہرے کے ساتھ بھیگی آنکھیں لیے التجائیہ بولا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ ویر نے پلوشہ کو دیکھا شاید اسے بیٹے پر رحم آجائے مگر،،

تم سر پھرے سلطانز اس سے کم کے جھٹکے پر مانتے نہیں ناں،،،ویر جاؤ اپنا کام کرو،، پلوشہ بیزاری سے بولی۔۔

مما آپ جانتی ہیں وہ پریگننٹ ہے،،،،،ویر کا سرسراتا لہجہ،،،آپ کیسے اپنے گرینڈ چائلڈ کے ساتھ اتنا بڑا رسک لے سکتی ہیں،،،،اس کا خیال،،،،،،،،،
ویر نے پلوشہ کو اموشنل بلیک میل کرنا چاہا۔۔

تم تو خیال رکھنے کی بات نا ہی کرو ویر سلطان،،،تو بہتر ہے،،،پلوشہ غرائی۔۔۔کیونکہ میرے گرینڈ چائلڈ کو فی الوقت سب سے بڑا خطرہ تو تم سے ہی تھا جتنا تم نے نیناں کو زہنی ٹارچر کیا،،،،،

مما پلیز،،،،،ویر تڑپا،،،،،،

جاؤ ویر اپنا کام کرو،،،خود پتہ لگا لو،،مجھے نہیں معلوم،،،پلوشہ نے بیٹے کی ماہی بے آب کی طرح تڑپتی حالت کو بڑی مشکل سے اگنور کیا۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر اب ویر سے نیناں کے ایک ایک آنسو کا حساب چاہیے تھا پلوشہ کو۔۔

مما میں نے سمیع انکل سے آفیسر بن کر اگلوایا تو آپ لوگوں کو بلکل اچھا نہیں لگے گا،،،
ویر اس دشمن جاں کو ڈھونڈنے کی خاطر ہر حربہ آزمانا چاہتا تھا۔۔

خبردار جو نئیر،،،،،،، کوشش بھی مت کرنا،،،، شاہ ویر نے وارننگ دی۔۔۔

وہ جیتا جاگتا آگ کا طوفان بنا وہاں سے نکلا تھا۔۔ دل بیٹھ رہا تھا اور روح کو جیسے کسی نے اندھیرے پنجرے میں بند کر رکھا تھا،،،،، جو پھڑپھڑا رہی تھی۔۔
ویر سلطان کو اس کے بغیر دم گھٹتا محسوس ہوا۔۔

جدائی پہ جانڑی
جو تینوں کہنڑی سی
گل دل وچ رہ جانڑی

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ راکنگ چئیر پر جھولتا اپنی جان سگریٹ میں جھونک رہا تھا۔۔

تین ماہ۔۔

تین ماہ کافی تھے سلگتے تڑپتے پل پل اذیت میں گزرتے۔۔

وہ اگر آفیسر تھا تو پلوشہ اس کی ماں تھی۔۔

پلوشہ نے اسے ایسی کسی جگہ چھپایا تھا کہ اس نے بتیری ایڑھیاں رگڑی تھیں۔۔

مگر وہ نہیں ملی تھی اسے۔۔

پلوشہ نے نیناں تک پہنچنے کے تمام زریعے مٹا ڈالے تھے،،، ہر رستہ بند کر دیا تھا۔۔

وہ ناں ماں سے اور ناں سمیع انکل سے سختی کر سکتا تھا۔۔ تبھی بے بس تھا۔۔

بکھرا حلیہ،،، بڑھی ہئیر ڈسرخ انگارہ آنکھیں،،، کمرے میں ملگجا سا اندھیرا کیے وہ بیٹھا تھا۔۔

کمرے میں دھوئیں کے مرغولے سے اٹھ رہے تھے جب پلوشہ اسے بلانے روم میں داخل ہوئی۔۔

یہ کیا بے ہودگی ہے ویر سلطان،،،، پلوشہ تلملاتی آگے بڑھی۔۔ اور اس کے سر پر سوار ہوئی۔۔

اس نے دھیمے سے اٹھ کر کمرے کی کھڑکی کھولی۔۔ کہ دھواں باہر نکل جائے،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

میں نے پوچھا یہ کیا بے ہودگی ہے ویر،،، کیا کر رہے تھے تم یہ،،، پری نے جلی سگریٹوں اور راکھ سے منہ تک بھری ایش ٹرے کی جانب اشارہ کیا۔۔

جانے دیں مما،،، پرانی ہو چکی ہے یہ بات،،، اس نے جیسے خود کا مزاق اڑایا۔۔ آپ کو کب سے اپنے بیٹے کی پرواہ ہونے لگی۔۔ ویر کا لہجہ تلخ تھا۔۔

پلوشہ نے اپنے لب کاٹے۔۔
خیر جانے دیں،،، کچھ کام تھا۔۔۔

کھانے کے لئے بلانے آئی تھی۔۔ پلوشہ کی آنکھیں نم ہوئیں۔۔۔

مجھے بھوک نہیں مما،،، ویسے ایک بات بتائیں مردہ دل بھی کھانے کھایا کرتے ہیں۔۔۔۔

ویر،،، پلوشہ چلائی،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اوکے چلیں،، مما مجھے سب سے ضروری بات کرنی ہے،، وہ چپ چاپ چلتا پری کے پیچھے پیچھے ڈائنگ ہال میں آیا۔۔

کھانے کی ٹیبل پر بیٹھ کر اس نے کھانے کی طرف ہاتھ نہیں بڑھایا تھا۔۔
شاہ ویر نے ایک نظر بیٹے کو دیکھا۔۔

ڈیڈ مجھے ضروری بات کرنی ہے،،،

بولو ویر ہم سن رہے ہیں،،، شاہ ویر اس کی جانب متوجہ ہوا۔۔

آپ شاہ زین اور مطی کی جلد از جلد شادی کی ڈیٹ فکس کر دیں۔۔ جو سوچی ہوئی ہے وہی،، ہفتے بعد کی،،، کیونکہ زین اور سہانا بھی فری ہو گئے ہیں اور اریش کی بھی سیٹنگ ہو چکی ہے،،، ویسے تو آپ لوگوں ایک عرصہ ہی ہوا میری سننی بند کر دی ہے۔۔
اس نے ایک درد سے بھرپور نگاہ ماں پر ڈالی۔۔ پری نے پہلو بدلہ
مگر پھر بھی اٹس آر یکوسٹ،،،

وہ کہتا کھانا کھائے بغیر سلطان مینشن سے نکلا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جب سے نیناں گئی تھی،،، وہ یونہی خود کو مسلسل ٹارچر کر رہا تھا۔۔

کہ شاید کسی کو اس کی حالت پر رحم آجائے۔۔
مگر اس کی سزا ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی۔۔

سکون تو ادھر بھی نہیں تھا۔۔

وہ سارا سارا دن پڑی یونہی کسی نقطے کو گھورتی رہتی تھی۔۔
نازیہ (سمیع کی بیٹی) اسے کی دیکھ بھال کرتی رہی۔۔

یہ اماں حاجن کا ہی گھر تھا۔۔جہاں ان کی ایک طالبہ نے اسلامی اور قرآنی تعلیمات کے لئے مدرسہ کھول رکھا تھا۔۔
ہر ماہ پری ایک بھاری رقم مدرسے کی تعمیر و ترقی کے لئے مریم بی بی کو بھیجتی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بہت ہی نیک عورت تھی۔۔اسی لئے پری کو ان پر بھروسہ تھا اور نیناں کو مریم بی بی کے پاس رکھا گیا تھا۔۔

چھوٹا سا گھر تھا۔۔مریم خود بے اولاد تھی اور نیناں سے ایک خاص سی انسیت ہو گئی تھی۔۔
وہ اس کی بہت اچھے سے دیکھ بھال کر رہیں تھیں۔۔

نازیہ کو اس بے حد حسین لڑکی پر بے حد ترس آتا تھا جو سارا دن اداس اور کھوئی کھوئی رہتی۔۔

وہ بھی کیا کرتی۔۔۔
جو گن تھی،،،، عشق کی روگی۔۔کیسے اس ظالم کے بغیر صبر آتا۔۔
جو زخم دیتا تھا تو بعد میں مرحم بھی تو رکھتا تھا۔۔

بخیے ادھیڑتا،،،، تو چارہ گر بھی تو وہی تھا۔۔
مگر،،،،

جب ملا وہ خفا ملا ہم کو،،
بخت کیا چاند سا ملا ہم کو

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

چارہ سازوں کا کوئی جرم نہیں
درد ہی لادوا،،،،،،ملا ہم کو

Continue,,,,,,,,,,

کاپی کرنے اور پی ڈی ایف بنانے کی اجازت نہیں ہے۔ اس ناول کے تمام جملہ حقوق واجبہ عشقم
ناولز اور ناول بینک آفیشل ٹیم کے پاس محفوظ ہیں

تمام ریڈرز اپنے فرینڈز کو پیج پر انوائٹ کریں 😊😊😊

💣💣#Don't copy paste without my permission

#Wehsht_e_IshqSeason2
#By_Wahiba_Fatima
Episode35.....(Secondlastpart2)

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سلطان مینشن میں شادی کے ہنگامے جاگ اٹھے۔۔کافی عرصے بعد جشن کا سا سماں تھا۔۔

لندن سے پریہا جلال اور ظہان بھی آ گئے تھے۔۔
نمرہ کی تو ڈیتھ ہو چکی تھی مگر اپنی ماں کی جگہ تانی ضرور شرکت کرنے آئی تھی۔۔

سہانا شبیر کے پاس جا چکی تھی اور جاتے جاتے شاہ زین کا چین سکون سب ساتھ لے گئی۔۔

یہ چار پانچ دن تو یونہی ہنگاموں کی نظر ہو چکے تھے۔۔اور آج مہندی کا فنکشن تھا۔۔

شاہ ویر کی خواہش پر چاروں کا ایک ہی جگہ سلطان مینشن میں ہونا تھا مہندی کا فنکشن،،،

سہانا مطی اور ربیع پارلر گئیں ہوئیں تھیں،،،ہر کوئی گھن چکر بن چکا تھا۔۔

ویر نے خود کو کسی کی بے رحم یادوں سے دامن بچانے کو بری طرح کاموں میں الجھا رکھا تھا۔۔۔اب بھی شاہ زین کے بلانے پر وہ شاہ زین کے روم میں آیا تھا۔۔
جہاں اریش اور وہ تیار ہو رہے تھے۔۔۔
ظہان بھی ادھر ہی موجود تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش بری طرح الجھا ہوا تھا کیونکہ اس نے کبھی شلوار قمیض نہیں پہنی تھی۔۔۔ مگر آج وائٹ کلف زدہ شلوار قمیض کے اوپر چنری گلے میں ڈالنی تھی۔۔ سب لڑکوں نے یہی پہننا تھا۔۔

ظہان کو اور زین کو اس کی شکل دیکھ کر ہنسی آئی۔۔۔

اریش کارٹون لگ رہیں ہیں قسم سے بلکل،،، ظہان نے مزاق اڑایا۔

تب ویر نے آگے بڑھ کر ظہان کو گھوری سے نوازتے اس کی مدد کی،،، کف کالر درست کیے اور چنری گلے میں ڈالی۔۔
وہ ضرورت سے زیادہ ہی ڈیشنگ اور ہنڈسم لگ رہا تھا۔۔

شاہ زین بھی تیار تھا،،، کم تو وہ بھی نہیں لگ رہا تھا،، بار بار ایک ڈمپل کے درشن ہو رہے تھے۔۔

کوئی ضروت نہیں اس کی بکواس سننے کی اریش بہت اچھے لگ رہے ہو۔۔

برو آپ تو تیار ہو جاؤ یار،،،، شاہ زین کہتا باہر گیا،،، ظہان بھی چلا گیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش اس کے پاس آیا۔۔

اریش نے یہاں آکر ڈیوٹی جوائن کرلی تھی۔۔

پھر اریش اور ویر نے جرم کی دنیا میں تباہی و بربادی مچادی تھی۔۔

یہ وہ دو،،،،، ہزار کے برابر تھے،،، جو کسی کی پکڑ اور قابو میں نہیں آرہے تھے۔۔

دونوں میں گہری دوستی بھی ہو چکی تھی۔۔اب وہ آپس میں ہر بات شئیر کرلیا کرتے تھے۔۔

وہ قریب آیا اور ویر کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔۔

جب اسے تمھارے ساتھ بھیجا تو دل میں ہزار طرح کے وسوسے اور خدشے تھے۔۔ مگر اب میں خود چاہتا ہوں کہ نیناں بہت جلد تمھارے پاس آجائے۔۔

ویر نے کرب سے آنکھیں بند کیں،، اور اپنے ہونٹ کاٹے۔۔

حیرت کی بات ہے اس ڈائمن نے بھی اپنے طریقوں سے نیناں کو ہر طرح سے ڈھونڈنے کی کوشش کی،،، مگر ہم بھول گئے کہ آنٹی ہماری ماں ہیں،،، اریش اداسی سے بولا

کیونکہ ویر کی بکھری ٹوٹی حالت دیکھ کر اسے بہت برا فیل ہو رہا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اس کا دوست دکھی اور غمزدہ تھا تو اس کی خوشی کیسے مکمل ہوتی۔۔

جانے دو یار،،، تم اپنا وقت انجوائے کرو،، میرا دل کہتا ہے وہ جلد میرے پاس میری دسترس میں ہوگی۔۔ انشاءاللہ
ویر زرا سا مسکرایا۔۔

تبھی حبہ انھیں بلانے آ گئی۔۔

وہ باہر آئے،، ویر اس کے ساتھ سٹیج تک آیا۔۔ سب موجود تھے۔،، دلہے سٹیج پر بیٹھ چکے تھے۔۔ بہت پیارے لگ رہے تھے زین اور اریش۔۔۔ اب بس دلہنوں کا انتظار تھا۔۔ جو کم از کم ان کے لئے طویل ہوتا جا رہا تھا۔۔

ویر سٹیج کے پاس کھڑا۔۔۔ ازھاد سے کوئی بات کر رہا تھا جب پلوشہ اس کے قریب آئی کیونکہ سب ہی تقریباً تیار تھے سوائے اس کے۔۔

ویر میں نے کپڑے نکال دیئے تھے تو پہنے کیوں نہیں ابھی تک،،،، پلوشہ پوچھ بیٹھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ زخمی سا ہنس دیا،،، کیونکہ مما تنہائیاں اگر روح کی گہرائیوں میں اتر جائیں تو رونقیں اور کوئی خوشی انسان کو متاثر نہیں کر سکتی۔۔

پری اپنے بیٹے کی جانب دیکھے گئی۔۔۔

میں ایسے ہی ٹھیک ہوں مما،،، ڈونٹ وری،،،، وہ بلوٹی شرٹ اور بلیک ٹراؤزر کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے کھڑا لاپروائی سے بولا۔۔

پھر لان کی ایک سائیڈ جا کر سگریٹ سلگائی۔۔

اب وہ بڑے دھڑلے اور بے باکی سے سب کے سامنے سموکنگ کرنے لگا تھا۔۔

تبھی لان میں ہلچل سی ہوئی تھی۔۔

جب حرم اور حبہ کی ساتھ دھیمے قدموں سے چلتی مطربہ اور سہانا سٹیج کی جانب بڑھ رہیں تھیں۔۔

وہ تو پہلے ہی ان کے حسن کے تیکھے ترکشوں سے گھائل تھے۔۔۔اب بھی دو دلوں پر بجلی سی گری تھی۔۔

سہانا پیلو اور بلو امتزاج کے خوبصورت کامدار لہنگے میں تھی اور مطربہ پیلو اور ریڈ،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دلہن بنی وہ ہلکے میک اپ اور خوبصورت ہیر اسٹائل میں بے حد خوبصورت اور دلکش لگ رہی تھیں۔۔

ربیع نے بھی ہلکے کام والا سبز لہنگا ہی پہنا تھا۔۔ ہلکے میک اپ گھنے سیاہ کرلی لمبے بالوں کی چوٹی آگے گرائے۔۔ کلچ تھامے وہ لہنگے سے الجھتی جب لان میں داخل ہوئی تو محفل میں بیٹھے ایک شخص کا دل اچھل کر حلق میں آیا تھا۔۔

آج وہ اسے بچی بچی نہیں اپنی بیوی اور بڑی بڑی لگی۔۔
دلہنوں کو لاکر سٹیج پر دلہنوں کے ساتھ بٹھایا گیا۔۔
وہ بے حد نروس ہو رہیں تھیں کچھ جسم پگھلوتی نگاہیں تھیں جو بڑی بے باکی سے ان کا احاطہ کرنے میں مصروف تھیں۔۔

شاہ زین تو پھر سب سے نگاہیں چرا کر وقتاً فوقتاً ایک گہری نگاہ اس پر ڈال رہا تھا۔۔
مگر اریش نے شرمانے ورمانے کی زرا بھی ضرورت محسوس نہیں کی تھی

اور بڑی پر شوق نگاہوں سے مطی کو دیکھے جا رہا تھا۔۔ مطی نے اس کی بے شرمی پر دل میں دانت کچکچائے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر افسوس کچھ کر نہیں سکتی تھی۔۔

سب بے حد خوش تھے۔۔
رسم ادا کی جا رہی تھی۔۔ شبیر آ کر بیٹی کے پاس بیٹھے تھے اور شفقت بھری نگاہوں سے اسے شرماتے دیکھ رہے تھے۔۔

شاہ زین کی زبان میں کھجلی ہوئی۔۔ زرا سا جھک کر سرگوشی کی۔۔
اووووو بے بی تو بڑی ہو گئی ہے آج دلہن بن گئی ہے،،، کل بچوں کی فوج پیدا کر کے مما بھی بن جائے گی،،، سو ایکسائیٹڈ۔۔

سہانا سخت تلملائی۔۔ مگر پاس ہی پاپا بیٹھے تھے،،، مگر تبھی دماغ میں جھماکا سا ہوا۔ اور اپنی سینڈل کی ہائی ہیل شاہ زین کے پشاوری چپل پہنے پاؤں پر زور سے رکھ دی۔۔

شاہ زین بلبلا اٹھا۔۔ مگر سکون سے بیٹھا رہا،، جھک کر پھر سرگوشی کی۔۔
سہانا بے بی اگر نہیں چاہتی کہ کل ہماری مسہری میدان جنگ بن جائے تو فورا سے پہلے ہیل ہٹاؤ۔۔

سہانا بوکھلائی،، اور فوراً پاؤں ہٹا لیا۔۔ جس سے پاس بیٹھے شاہ زین کا ڈمپل گہرا ہوا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جوکہ سہانا نے چور نگاہوں سے دیکھا،، مگر بد قسمتی سے کیمرہ مین نے وہ خوبصورت شرارتی پل کیمرے کی آنکھ میں ہمیشہ کے لئے قید کرلیا تھا۔۔

سہانا گڑبڑائی اور سیدھی ہوگئی۔۔شاہ زین خاموش ہوکر بیٹھیں،،، کچھ زیادہ ہی بدتمیز ہو گئے ہیں آپ،،،
شبیر اٹھے تو وہ دھیمے سے مگر غرائی۔۔

شوشوئیٹ،،، بے بی کو غصہ آرہا ہے،،، مگر سوسیڈ کچھ کر نہیں سکتی۔۔۔
شاہ زین نے پھر چھیڑا۔۔
اب کی بار سہانا نے شاہ زین کے بازو پر پورے زور سے چٹکی کاٹی تھی۔۔
وہ اچھلا،،، سہانا کو ہنسی آئی تو سر جھکا لیا۔۔

جو کرنا ہے آج ہی کرلو سہانا بے بی،، کیوں کہ کل کا دن تو میرا ہے،، اس کے بدلے میں،،، میں کیا کیا کرنے والا ہوں سوچ ہے تمھاری۔۔۔
شاہ زین کی بات پر اب واقعی سہانا دوبارہ سر اٹھانے کے قابل نہیں رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ادھر مطی بھی بے نیاز سی بنی بیٹھی تھی اور اریش کو منہ لگانا گوارا نہیں کر رہی تھی۔۔

اریش بھی کہاں زیادہ دیر چپ بیٹھنے والوں میں سے تھا۔۔۔
واؤ تو مینڈکی کو بھی زکام ہو گیا،،،،

مطی نے پہلو بدلا،،،
کچھ بول تو سکتی نہیں تھی کیونکہ پاس ہی اس کی سائیڈ پر اس کے ڈیڈ بیٹھے تھے۔۔ مگر ادھار رکھنے والوں میں سے تو وہ بھی نہیں تھی۔
بڑی خاموشی سے اپنے دوپٹے میں سے کامن پن نکالی تھی۔۔
اور بڑی سرعت سے پن نے اریش کے پہلو کی تواضع کی تھی۔۔

وہ اچھلا۔۔۔ مگر ہار نہیں مانی۔۔
کچھ ہی دیر میں مطی کو اپنی پنڈلی کے اوپر ٹانگ پر کوئی چیز سرسراتی محسوس ہوئی۔۔

وہ سٹپٹائی زرا سا آگے ہو کر دیکھا تو اریش کی پشاوری چپل میں سے پاؤں غائب تھا۔۔
اور مطی کی ٹانگ پر گستاخیاں کرنے میں مصروف تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مطی کو شدید طیش آیا۔۔

شاہ زر کسی فرینڈ کے بلانے پر سٹیج سے اٹھا۔۔

مطی کی پن نے اب اریش کی ٹانگ کی تواضع کی تھی۔۔

یو مینڈک،، بندر،،، سکون سے بیٹھو،،، مطی غرائی۔۔

اریش کو ہنسی آئی۔۔

نا آرام سے بیٹھا تو کیا کرو گی،، اطمینان قابلِ دید تھا۔۔

چھوڑوں گی نہیں میں تمھیں،، وہ دانت پیس کر بولی۔۔

آ،،، ہاں،،، گڈ،،، آج تم مجھے مت چھوڑنا،،، میں کل تمھیں نہیں چھوڑیں گا،،، حساب برابر،،، وہ ذو معنی سا بولا۔۔

مطی کی سانس اٹکی،،

اب اسے اگنور ہی کرتی تو بہتر تھا کیونکہ وہ بڑے اطمینان سے اب اس کا ہاتھ تھام چکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جیسے تیسے رسمیں ادا کی گئیں،،
اب کھانا کھایا جا رہا تھا۔۔۔

ربیع کسی کام سے اندر گئی تھی۔۔ظہان گہری مسکان لیے اس کے پیچھے گیا۔۔
کافی دن سے اس کے دماغ کی دہی کسی نے نا کی تھی۔۔سو اپنے چھوٹے پیکٹ کی جانب بڑھا۔۔

جو ہاتھ میں ایک پیکٹ تھامے اب باہر ہی آنے والی تھی۔۔
لاؤنج میں ہی وہ اس کے سامنے آیا تھا۔۔دل پر بجلی سی گری تھی،،جب وہ اسے دیکھ کر مسکرائی۔۔

ظہان بل چباتا اس کے اور قریب آیا۔۔

ہائے،،،کیا چل رہا ہے،،ظہان پوچھ بیٹھا۔۔

فی الحال تو آپ کا منہ چل رہا ہے،،وہ اطمینان سے بولی تو ظہان گڑبڑایا۔۔

میرا مطلب اور سناؤ،،،؟

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

نہیں نہیں،،، اگر میں نے آپ کو دو چار سنا دی تو آپ کا منہ غبارے کی طرح پھول جائے گا،،
وہ معصومیت سے آنکھیں پٹپٹا کر بولی۔۔

ظہان کا کھلا منہ دیکھ کر زیادہ دیر ضبط نا کر سکی اور کھلکھلا کر ہنس دی۔۔

ظہان نے اسے گھوری سے نوازا۔۔
اب ایسے ندیدوں کی طرح تو ناں دیکھیں جیسے انڈیا والوں نے کشمیر پر نظر رکھی ہوئی ہے۔۔
وہ اترا کر بولی۔۔

اچھا اگر اتنے دنوں بعد آ ہی گئے ہیں تو ایک سوال کا جواب ہی دے دیں۔۔ ربیع نے پھر شوشا چھوڑا۔۔

اچھا پوچھو،،، ظہان نے احسان کیا۔۔

وہ کونسی ایسی سٹی ہے جہاں رکشہ کار،، گاڑی یا کوئی سواری نہیں جاتی۔۔

ظہان نے سرد سی آہ بھری،، نہیں معلوم،، تم بتاؤ۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

الیکٹری،،، سٹی،،،، ہاہاہاہاہا،، وہ ہنسے گئی۔۔۔

تبھی اچانک ظہان نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود میں بھینچا تھا۔۔
وہ بے تحاشا بوکھلائی۔۔

ظ،،،، ظہان،،، وہ،،، وہ گھگھیا گئی۔۔۔

اوکے فائن،، اب ایک سوال کا جواب تم دوگی سوئیٹ ہارٹ،،، وہ اس کے بہت قریب خمار آلود لہجے میں بولا۔۔
ربیع کے ہوش اڑ گئے

کک،،،، کیا،،، پپ،، پوچھیں،؟

وہ پوچھنا یہ تھا کہ،،،، وہ کونسے سوالات ہیں،،،،،
جس کے بارے میں شاعر کہتا ہے کہ اس نے شرما کے میرے سوالات پہ ایسے گردن جھکائی مزا آ گیا،،،؟

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مم،،، مجھے،، نن،، نہیں پتہ،،، وہ اس کی پر تپش قربت میں مچلی۔

اوکے میں پوچھوں وہ سوالات،،، دیکھتے ہیں بھلا تمھیں شرم آتی ہے کہ نہیں،،، ظہان نے اس کی پتلی ہوئی حالت انجوائے کی۔۔

نن،،، نہیں،، بلکل،، نہیں،،، وہ گھبرائی۔۔
تبھی ظہان نے زرا سا جھک کر اس کے ماتھے پر عقیدت سے محبت کی پہلی مہر ثبت کر کے اس کے رہے سہے اوسان خطا کیے۔۔

گرفت نرم کی تو وہ اپنا آپ ظہان سے چھڑا کر وہاں سے فورا رفو چکر ہوئی تھی۔۔
ظہان قہقہ لگا کر ہنس پڑا۔۔

یقینا اس چھوٹے پیکٹ کی سنگت میں زندگی بے حد حسین گزرنے والی تھی۔۔

فنکشن کے ہنگامے سرد پڑ چکے تھے۔۔ تمام مہمان رخصت ہو چکے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

رات کے ایک بج چکے تھے۔۔سب اپنے اپنے رومز میں جا چکے تھے۔
باہر سرونٹس اور ویٹرز لان میں سے چیزیں ہٹا رہے تھے۔۔

ویر وہیں ایک چئیر پر بیٹھا سموکنگ کرتا کسی غیر مرئی نقطے کو گھور رہا تھا۔۔۔
آج اگر وہ دشمنِ جاں اس کے پاس ہوتی تو ان کا بھی فنکشن ہوتا۔۔یا ویر کس قدر خوش ہوتا۔۔

اب تو رگ وجاں اتنی وحشت زدہ تھی کہ دل کرتا ہجر کے غم میں خون کے آنسو روئے۔۔آنسو اپنے اندر اتارتے اتارتے اب تو آنکھیں اور سینا بھی جلنے لگا تھا۔۔
اب برداشت جواب دے چکی تھی۔۔حوصلہ ہارنے لگا تھا۔۔
اب صبر کا پیمانہ چھلکنے کو ہی تھا۔۔

کندھے پر ایک نرم اور مہرباں سا لمس محسوس ہوا تو اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔۔

ڈیڈ،،،،وہ شاہ ویر سے لپٹا تھا،،،اذیت سے تڑپتے اس کے آنسو شاہ ویر کے شرٹ میں جزب ہوئے تھے۔۔
وہ بے آواز رو دیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ ویر کی رگیں تن گئیں۔۔جبڑے بھنچ گئے۔۔۔

شہباز،،، شہباز،، پاس ہی کام کرتے شہباز کو دیکھ کر وہ دھاڑا۔۔

وہ بوکھلا کر قریب آیا۔۔جی سر۔۔

اپنے پاپا کو بلا کر لاؤ ابھی اور اسی وقت۔۔

ججی جی سر۔۔۔

کچھ ہی دیر بعد سمیع ہاتھ باندھے شاہ ویر کے آگے کھڑا تھا۔۔

سمیع دیکھ رہے ہو میرے بیٹے کی حالت،، وہ غرایا،،، آج تک میرے بیٹے کے منہ سے نکلنے سے پہلے میں نے اس کی ہر خواہش پوری کی،، اور آج اسے اس کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش سے دور کر دیا گیا ہے۔۔
اب بتاؤ گے کہ میری بہو کہاں ہے کہ نہیں،،، شاہ ویر کا لہجہ بہت سخت تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر سر،، وہ بیگم،،،،

سمیع،،، ایڈریس دو،، وہ دھاڑا،،،

سر وہ اماں حاجن کے حجرے میں،،، سمیع دھیمے لہجے میں بولا۔۔
شاہ ویر کی تنی رگیں ڈھیلی پڑیں

Sssssshhhhhiiiiiiittttttttt
یہ بات میرے دماغ میں پہلے کیوں نہیں آئی۔۔۔

ہیے شیر اٹھو،، شاہ ویر نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر دباؤ ڈالا، نکلو فوراً میں ایڈریس میسج کر دیتا ہوں،،، لے آؤ اسے،،،، کل کے فنکشن میں ایک اور دلہن کا اضافہ چاہیئے مجھے۔۔

شاہ ویر نے سکون سے کہا۔۔
وہ تیزی سے کھڑا ہوا۔۔ فرطِ جزبات میں اپنے ڈیڈ کے سینے سے لگا۔۔

تھینکس ڈیڈ،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اور تیزی سے سلطان مینشن سے نکلا۔۔

ادھر اندر پلوشہ حرم اور حبہ اندر بیٹھی کل کے فنکشن کی ضروری ڈسکشن کر رہی تھیں۔۔
کہ پلوشہ کا فون رنگ ہوا،،،

یس کر کے کان کو لگایا تو پیروں نیچے سے زمین کھسکی۔۔

مریم بی بی کی گھبرائی آواز فون میں سے گونجی۔۔۔

مجھے پتہ ہے پلوشہ،،، کہ تمھارے نمبر پر فون نہیں کرنا تھا،، مگر صورتحال ہی ایسی ہے کہ،،، پلوشہ نیناں کی بہت طبعیت خراب ہے۔۔۔ پلیز فورا چلی آئیں۔۔۔

مریم بی بی نے کہہ کر فون رکھ دیا۔۔
پلوشہ کو ہاتھ پیر پڑے تھے۔۔

کیا ہوا آپی،،، حرم بے چین ہوئی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حرم تم میرے ساتھ آؤ۔۔ نیناں کی طبیعت ٹھیک نہیں،، اسے ہوسپیٹل لے کر جانا ہے۔۔

میں بھی ساتھ چلوں گی۔۔ حبہ نے کہا۔۔

سہی،،، وہ تینوں فوراً باہر نکلی۔۔ ڈرائیور کو گاڑی نکالنے کو بولا۔۔

رستہ تھا کہ طویل ترین ہوا جا رہا تھا۔۔
سفر تھا کہ کٹے نہیں کٹ رہا تھا۔۔

آخر کار وہ پہنچ ہی گئیں۔۔ افتاں خیزاں اندر داخل ہوئیں۔۔ مگر اندر بے حد خاموشی تھی۔۔

وہ تیز قدموں سے اندر کمرے میں داخل ہوئیں تو حیرت ہوئی۔۔

مریم خاموش سی بیٹھی تھی۔۔ جبکہ نازیہ بے چینی سے ادھر ادھر ٹہل رہی تھی۔۔

نیناں،،،،،،، نیناں،،،،
نیناں کہاں ہے مریم،،،، ان دونوں کے علاوہ روم خالی تھا۔۔ پلوشہ کی سانس اٹکی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ بیگم صاحبہ،،نیناں بی بی کو تو چھوٹے صاحب لے گئے۔۔نازیہ فق چہرہ لئے بولی۔۔

پلوشہ چلائی،،،کون چھوٹے صاحب۔۔۔

شاہ زل بھائی،،،نازیہ نے ان کے سر پر بم پھوڑا۔۔۔

Continue,,,,,,,,

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

کاپی کرنے اور پی ڈی ایف بنانے کی اجازت نہیں ہے۔اس ناول کے تمام جملہ حقوق واجبہ عشقم
ناولز اور ناول بینک آفیشل ٹیم کے پاس محفوظ ہیں

تمام ریڈرز پیج پر اپنے فرینڈز کو انوائٹ کریں..😊😊😊
کل لیٹ نائٹ لاسٹ میگا ایپی pdf اور پکس میں آجائے گی..سب ڈیٹا موڈ پر آجانا..
😁😁😍😘❤️

#Wehsht_e_IshqSeason2

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

#By_Wahiba_Fatima
Episode36lastmega....

تیرا چہرہ دیکھ لو گر ایک بار
شکر کرتے کرتے زندگی دوں گزار

وہ طوفان بنا سلطان مینشن سے نکلا تھا۔۔۔
ساتھ ازھاد اور شہباز بھی تھے۔۔
اتنے دنوں کی بے قراری اور وحشت کے بعد دل کو اس ظالم کے دیدار سے قرار آنے والا تھا۔۔

مطلوبہ پتہ پر پہنچا تو دل کی دھڑکنیں ہی قابو میں نا رہیں،، دھک دھک کی پاگل آواز کانوں تک سنائی دی۔۔

دروازے پر زوردار دستک دی۔۔
اندر نازیہ کو لگا کہ بیگم صاحبہ آ گئیں۔۔ تبھی لپک کر دروازہ کھولا۔۔
وہ تیزی سے اندر داخل ہوا تھا۔۔۔ نازیہ اسے دیکھ بوکھلائی۔۔
اندر سے دبی دبی سسکیاں سنائی دے رہی تھیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ زل بھائی آپ،،،

ہٹو سامنے سے آپی،،،وہ غرایا۔۔نیناں کہاں ہے،،وہ اسے اگنور کیے اندر آیا۔۔
مگر پیروں نیچے سے زمین کھسکی اور چھت جیسے سر پر گری تھی۔۔نیناں نیم بے ہوشی میں سسک رہی تھی۔۔اور مریم بی بی اس کے سرہانے بیٹھی اس کا سر سہلا رہی تھی۔۔

وہ لپک کر اس کے پاس گیا،،اور بے قراری سے اس کے اوپر جھکا ہیے نیناں،،،میری جان،،کیا ہوا اسے،،،
وہ اس کا چہرہ تھپتھپاتے مریم سے بولا۔۔

وہ جو نیم جان سی تھی۔۔کمزور،،پیلا زرد رنگ،،،اپنے مسیحا کو اپنے اوپر جھکے دیکھا۔۔پھر مکمل بے ہوش ہو کر ویر کے ہاتھوں میں جھول گئی۔۔
ویر نے اسے بازوؤں میں اٹھایا۔۔

کون ہو تم کہاں لے جا رہے ہو اسے،،،جانتے نہیں کون ہے یہ،،،چھوڑو اسے۔۔مریم بی بی گھبرائی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بی بی یہ شوہر ہیں ان کے اور پلوشہ بیگم کے بیٹے۔۔نازیہ نے بتایا تو مریم بی بی خاموش ہو گئیں۔۔

ویر اسے اٹھائے باہر لایا۔۔اور لے کر گاڑی کی پچھلی طرف بیٹھ گیا۔۔
ڈرائیونگ سیٹ پر ازھاد تھا اور ساتھ شہباز۔۔
ہاسپٹل چلو۔۔وہ اسے سینے سے لگائے بولا۔۔۔

ہاسپٹل کے پرائیویٹ روم کے باہر ویر بے چینی سے ٹہل رہا تھا۔۔
اندر نیناں کا چیک اپ چل رہا تھا۔۔

تبھی ڈاکٹر باہر آئی تھیں۔۔وہ بے قراری سے ڈاکٹر کی جانب بڑھا۔۔
ڈاکٹر سب ٹھیک ہے ناں،،،میری وائف اور میرا بے بی ٹھیک تو ہیں ناں،،،؟

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

یس مسٹر سلطان،،، وہ دونوں بلکل ٹھیک ہیں،، بس سٹریس اور ویکنس ہے،،، میں نے ٹریٹمنٹ کر دیا ہے،،، وہ ہوش میں ہیں،،، آپ کچھ انھیں لے جا سکتے ہیں۔۔ مگر ان کی میڈیسنز اور آرام کا بے حد خیال رکھنا ہے آپ نے،،،

جی ڈاکٹر،،، وہ بولا
ڈاکٹر جا چکی تھی۔۔

وہ دھیمے قدموں سے چلتا اندر روم میں آیا۔۔ جہاں وہ بیڈ پر نیم دراز آنکھیں موندے لیٹی تھی۔۔
وہ بہت قریب آیا۔۔ اور بیڈ پر ٹک کر بیٹھ گیا۔۔

نیناں نے اتنے قریب اس کی آہٹ پا کر دھیمے سے آنکھیں کھولیں۔۔
نظروں سے نظریں ٹکرائیں،، دلوں میں طوفان برپا ہوئے۔۔

دونوں خاموشی سے ایک دوسرے کے دیکھے جا رہے تھے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

میرے کیے گئے گناہوں اور غلطی کی اتنی دردناک سزا نیناں شاہ زل سلطان،، کہ میری روح تک کو کچوکے لگانے کے لئے تم نے مجھے خود سے ہی دور کر دیا۔۔۔ جانتی تھی ناں کہ کتنا تڑپوں گا تمھارے بغیر۔۔۔

وہ شکوہ کر بیٹھا۔۔ نیناں نے نگاہیں چرائیں۔۔

ویر نے اسی خاموشی سے اسے پھر بانہوں میں بھرا۔۔

شش،، شاہ زل،، مم، میں ٹھیک ہوں،، وہ بوکھلائی۔۔

اشششش،،، خاموش رہو نیناں۔۔ وہ نرمی سے بولا۔۔

ویر اسے لئے باہر آیا،، اور لا کر دوبارہ گاڑی میں بیٹھا۔۔۔ ویر نے اسے کندھے سے تھام کر خود سے لگایا۔۔

اب گاڑی ویر کے فارم ہاؤس کی جانب رواں دواں تھی۔۔

وہ ہلکی پھلکی باتیں کرتی اب سلطان مینشن واپس جا رہی تھیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شہباز نے انھیں فون کر کے بتا دیا تھا کہ نیناں بھابھی بلکل ٹھیک ہیں اور ویر اسے فارم ہاؤس لے کر جا رہا ہے۔۔

ویر کی پتلی ہوئی حالت ان سب نے بہت انجوائے کی تھی۔۔

ویسے ماننا پڑے گا جونئیر کو،،، لے ہی اڑا اپنی بیوی۔۔۔۔ حرم مسکراتی بولی۔۔

ہاں اب تو تیر کی طرح سیدھا ہو چکا تھا پاگل،،،، اسی لئے ہی میں تو کل کے لئے گرینڈ سرپرائز دینے والی تھی اپنے بیٹے کو نیناں کو دلہن بنی واپس لا کر،، مگر وہ شاہ ویر سلطان کا بیٹا ہے ناں، مجھے ہی سرپرائز دے دیا،،، گدھا کہیں کا۔۔
پلوشہ ہنس دی۔۔

ویسے اسے پتہ کیسے چلا ہو گا۔۔۔ حبہ نے ہنستے پوچھا۔۔

شاہ ہیں جو اپنے لاڈلے کو بگاڑنے والے،،، یقینا انھوں نے بتایا ہو گا۔۔ میرے سارے سرپرائز کی بینڈ بجا دی باپ بیٹوں نے۔۔۔
پلوشہ نے منہ بنایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ پھر تینوں قہقہہ لگا کر ہنس پڑیں۔۔

ویر اسے بانہوں میں اٹھائے اپنے فارم ہاؤس کے روم میں داخل ہوا تھا۔۔
لا کر نرمی سے اسے بیڈ پر بٹھایا۔۔

کھانا کھایا تھا،،، ویر نے پوچھا۔۔

جی،، وہ دھیما سا بولی،، کچھ ہی دیر بعد دروازہ ناک ہوا۔۔
وہ باہر آیا تو شہباز دودھ کا نیم گرم گلاس لیے کھڑا تھا۔۔ یہ بھابھی کو میڈیسنز دے دیں،،،

تھینک یو یار،،، شہباز مجھے کوئی ڈسٹرب نا کرے،، کوئی بھی مطلب کوئی بھی نہیں۔۔۔ چاہے کوئی سلطان مینشن سے ہی کیوں نا ہو۔۔۔

یس سر،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ روم لاک کرتا اندر آیا۔۔ نیناں کو میڈیسنز دیں جو اس نے چپ چاپ لے لیں۔۔
گلاس تھام کر سائیڈ پر رکھا اور اس کے بے حد قریب نیم دراز ہو گیا۔۔
نیناں کا بازو نرمی سے تھام کر اپنے سینے پر سر رکھا۔۔ ایک ہاتھ سے کمر اور دوسرے سے ہاتھ سے بال سہلائے۔۔

ناراض ہو،، وہ پوچھ بیٹھا۔۔
مگر جواب نا پا کر پھر گویا ہوا،، جانتی ہو نیناں سلطان کے میں تم سے کتنی محبت کرتا ہوں۔۔

وہ نم آنکھیں لیے اس کی شرٹ کے بٹن سے کھیلتی پوچھنے لگی،، نہیں معلوم شاہ ذل،، آپ بتا دیں۔۔

بہت زیادہ،، اتنی کہ جہاں تمھاری سوچ کی حد ختم ہو وہاں سے ویر سلطان کی تمھارے لئے محبت شروع ہو۔۔ اتنی کہ تمھارے بغیر ایک پل بھی ناں جی سکوں،، مر جاؤں۔۔

نیناں نے اس ظالم کی آخری بات سے گھبرا اس کی شرٹ مٹھی میں دبوچی۔۔
اب حوصلہ رکھو نیناں اور سنو ویر سلطان کے دل کی صدا۔۔ میں نے اپنی ہر آتی جاتی سانس کے ساتھ تم محبت کی ہے،، تمھارا عشق میری رگوں میں خون بن کر دوڑ رہا ہے۔۔ اور تمھاری طلب بھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ویر کے ایک ایک لفظ نے نیناں کو موم کی طرح پگھلایا تھا اس کے آنسو ویر کے سینے میں جزب ہو رہے تھے۔۔

تمھیں کیا لگتا ہے میں تمھارے اتنے قریب کیوں آیا۔۔۔ کیونکہ تمھاری محبت کی طلب نے مجھے پاگل کر دیا تھا۔۔

نیناں کو اس کے ہر لفظ سے روح تک سکون آیا۔۔

وہ کروٹ بدل کر اس پر حاوی ہوا۔۔ بے اعتباری کا موسم گزر گیا نیناں سلطان،،

ویر نے اپنے ہونٹوں سے وہ قیمتی موتی چنے،، وعدہ کرتا ہوں جانِ شاہ کبھی تمھارا مان،، غرور نہیں توڑوں گا۔۔

اس کے دہکتے لبوں نے شاہ رگ سے بیوٹی بون تک کا سفر کیا۔۔

اب ویر کے آنسو نیناں کے گریبان میں گر رہے تھے۔۔

وعدہ کرتا ہوں کبھی ان آنکھوں میں آنسو نہیں آنے دوں گا۔۔

وعدہ کرتا ہوں میری جان کبھی آنچ بھی نہیں آئے گی تم پر،،،

گردن پر پور پور چبھتی بئیرڈ سے نیناں کے روح فنا ہوئی۔۔ مگر اس کے ہر لفظ نے آج اس کے زخم زخم وجود پر مرحم رکھا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شش شاہ زل،،، ویر کی لمحہ بہ لمحہ بڑھتی گستاخیوں اور بے باکیوں سے مچل کر نیناں نے پکارا۔۔

اشششش،،،، نیناں،، خاموش رہو، مجھے اتنے وقت کے ہجر کے بعد وصل کا مزا چھکنے دو،،،، خود کو محسوس کرنے دو۔۔

بھاری گھمبیر اور بوجھل آواز میں وہ اس کے ہوش اڑا گیا تھا۔۔

شاہ،،،،

اس سے پہلے نیناں کچھ اور بولتی ویر نے اس کی بولتی بند کی تھی۔۔

نیناں نے بھی ویر کی گردن کے گرد اپنے بازو حمائل کیے تھے۔۔

یہ خود سپردگی کا عالم تھا،،، ویر کی محبت اس کے عشق پر ایمان لا کر پیش قدمی قبول کرنے کا اشارہ تھا۔۔

وہ تو خود محبت کی ماری تھی،، کب تک اس ظالم جادوگر سے دور رہتی جس نے اپنی محبت اس کی رگ رگ میں شامل کر دی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

حال میں اس وقت ایک ہلچل سی تھی۔۔ کیوں دلہنیں تیار ہو کر برائیڈل روم میں پہنچ چکیں تھیں،، اور باراتیں بھی پہنچ چکی تھیں۔۔۔

شاہ زین اور اریش اکھٹے حاتم مینشن سے بارات لے کر آئے تھے۔۔ دونوں نے بلیک سلور شیروانیاں پہن رکھی تھیں۔۔ اور کسی ریاست کے شہزادے لگ رہے تھے۔۔

پلوشہ،، حرم اور حبہ ساڑھیاں پہنے گریس فل سی لگ رہی تھیں اور گھن چکر بن چکیں تھیں۔۔

شاہ ویر،،، میر اور شاہ زر بھی بلیک پینٹ کوٹ پہنے انتظامات سنبھالتے پھر رہے تھے۔۔
شاہ ویر پلوشہ کو جان نثار کرنے والی نگاہوں سے بار بار دیکھے جا رہا تھا جو کہ بظاہر منہ پھلائے پھر رہی تھی۔۔ کیونکہ شاہ نے اس کا سرپرائز خراب کیا تھا۔۔

میر وقتاً فوقتاً حرم کے کان میں کوئی ذو معنی جملہ بول دیتا تو وہ ہمیشہ کی طرح بلش کرتے ہوئے اچھل پڑتی۔۔
شرم کریں میر دادا بننے کی عمر ہو گئی ہے،، بیٹے کی شادی ہو رہی ہے اور آپ کا اب بھی عشق کا بھوت سر سے نہیں اترا۔۔ وہ دانت پیس کر بولی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

وہ قہقہہ لگا کر ہنس پڑا۔۔ڈمپل گہرا ہوا۔۔۔ تو تم بھی تو دنیا کی خوبصورت ترین دادی ہو جانِ من تو یہ دادا بیچارا کیا کرے۔۔ وہ شرارت سے آنکھ دبا کر بولا۔۔

وہ غصے سے واک آؤٹ کر گئی

کچھ ہی ٹیبل دور شاہ زر کی شیرنی پھر اس پر چلا رہی تھی،،،شاہ زر شرم تو نہیں آتی آپ کو نانا بننے کی عمر میں بھی لڑکیاں تاڑ رہے ہیں آپ۔۔

وہ جو اس کو تنگ کرنے کو جان بوجھ کر ادھر ادھر دیکھ رہا تھا قہقہہ لگا کر ہنس پڑا۔۔۔

اچھا حالانکہ اب بھی ایک لڑکی مجھے ہینڈسم منڈا بول کر گئی اور اس ڈمپل کی،،،،،،

خبردار شاہ زر میں اس ڈمپل کو ہی آگ نا لگا دوں اگر کسی اور نے اس کی تعریف کی۔۔وہ اس عمر میں بھی جیلسی فیل کر گئی تو شاہ زر کو اس کا مزید ہینڈ بجانے کے لئے نیا ریکارڈ مل گیا۔۔۔

دلہے سٹیج پر بیٹھے تھے۔۔بے چین سے۔۔تبھی شاید بڑوں کو ان پر رحم آیا اور دلہنوں کو لایا گیا۔۔

وہ مبہوت ہی تو رہ گئے۔۔

دونوں مہرون ریڈ لہنگوں میں دلہنیں بنی آسمان سے اتری پریاں لگ رہی تھیں۔۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

انھیں لا کر دلھوں کے پہلوؤں میں بٹا دیا گیا۔۔

حشر برپا کرنے کا ارادہ ہے کیا بے بی گرل،،،، یہ نا ہو صبر ہی نا کر پاؤں اور ابھی اٹھا کر لے جاؤں،،،،

اریش کی سرگوشی سے مطی کے ہاتھوں میں پسینے چھوٹے۔۔

ہائے،،، کاش ویر بھائی جتنے گٹس ہوتے مجھ میں بھی تو،، آج سہانا بے بی کا بھی بے بی آنے والا ہوتا،،، پر میں ٹھہرا صدا کا شریف، صابر شاکر بچہ۔۔

شاہ زین نے سہانا کے کان میں شوشا چھوڑا۔ الائچی چبا تا وہ ڈمپل کی نمائش کرتا بے حد شرارت والے موڈ میں تھا۔۔۔ تو وہ کانوں تک سرخ ہوئی۔۔

افففف ہو گئے شروع،،

اونہہہی،،،،، آئے بڑے شریف،، آپ کی شرافت تو اسلام آباد کی سڑکوں پر بہہ رہی ہے شاہ زین سلطان۔۔

سہانا نے حساب برابر کیا۔۔

تو پھر ٹھیک ہے آج میری بدمعاشیاں اپنی چھوٹی سی جان پر جھیلنے کو تیار رہو سہانا بے بی،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سہانا تو کاٹو تو بسن میں لہو والا حساب ہو گیا۔۔ چپ چاپ بیٹھی رہی۔۔

ظہان ربیع کے ساتھ جس نے پنک کلر کی میکسی پہنی ہوئی تھی۔۔ مختلف پوز میں سیلفیز لے رہا تھا۔۔۔

سب موجود تھے،، بس ویر اور نیناں کی کمی کھل رہی تھی سب کو۔۔۔
اب تو شاہ ویر اور پلوشہ بھی پریشان تھے کہ ان کا لاڈلا کہاں رہ گیا۔۔

تبھی حال کی ساری لائٹس آف ہوئیں تھیں۔۔ اور تیز سپوٹ لائٹ ہال کے مین دروازے کی جانب چمکی۔۔

سب بیرونی دروازے کی جانب دیکھنے لگے۔۔ تبھی ایک بے حد ہینڈسم دلہا شہزادہ بلیک تھری پیس سوٹ پہنے خوشی سے دمکتے چہرے کے ساتھ،،، اپنی سرخ لہنگا پہنے دلہن بنی شہزادی کو بانہوں میں اٹھائے سپوٹ لائٹ میں ہال کے اندر دھیمے قدموں سے داخل ہوا۔۔۔

ویر گہرا مسکرا رہا تھا۔۔ نیناں شرمیلی سی مسکان کے ساتھ کانوں تک سرخ تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

بیک گراؤنڈ میں گانا لگا،،،

بن جا تو میری رانی،،، تینوں محل بنا دوں گا۔۔
بن میری محبوبہ تینوں تاج بنا دوں گا۔۔
بن میری رانی،،، رانی،،،،،
شاہ جہاں میں تیرا تینوں،،،، تاج بنا دوں گا۔۔

وہ دھیمے قدموں سے اسے اٹھائے سٹیج کی جانب بڑھا۔۔۔
پورا ہال تالیوں اور ہوٹنگ سے گونج اٹھا تھا،،،
شاہ زین اور اریش نے بہت زور سے سیٹیاں بجائی تھیں۔۔

شاہ ویر،،، میر اور شاہ زر،، پلوشہ،، حرم اور حبہ کے چہرے خوشی سے دمک رہے تھے۔۔
اب منظر مکمل ہوا تھا۔۔ سب بڑے اٹیج کے قریب آ گئے۔۔

وہ سٹیج کے اوپر آیا،،، لائٹس آن ہوئیں،،، ویر نے نرمی سے نیناں کو نیچے اتارا،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے ڈوریمون،،، کہ وہ اتار کر اپنے گیجڈ والی پاکٹ میں رکھ لی۔۔۔ مطی نے چھیڑا۔۔

اس کی بات پر سب ہنسے۔۔

تم اس لئے بھاؤ کھا رہی ہو چھٹکی کہ اب تمھارے لڈو بیچارے اریش کو ہضم کرنے پڑیں گے۔۔ توتیاں واجے لاکر بیچارا ایک مصیبت لے کر جا رہا ہے کیسے جھیلے گا۔۔

ویر نے حساب بے باک کیا۔۔

نہیں ویر مجھے لڈو پسند نہیں،،، ہاں مگر بیریز میری کمزوری ہیں۔۔ اریش کہاں کی بات کہاں لے گیا۔۔۔۔ مطی نے پہلو بدلا۔۔

محفل پھر زعفران زار بنی۔۔ کیونکہ سب کو پتہ طل چکا تھا کہ وہ مطی کو بیری کہتا ہے۔۔

وہ نیناں کا ہاتھ تھامے صوفے پر بیٹھ گیا۔۔

ہنسی مزاق قہقہوں میں وقت گزرنے کا پتہ ہی نا لگا۔۔

کھانا کھایا جا چکا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مہمان جانے لگے۔۔ تبھی کیمرہ مین پاس آیا تھا۔۔
اور پھر ان تمام ڈمپل بوائز کی ایک یادگار ترین تصویر بنائی۔۔جس میں شاہ ویر، میر، شاہ زر،، زین اور جونئیر نے اکھٹے مسکرا کر ڈمپل والے گال آگے کر کے پک بنوائی۔۔ مگر پک میں ظہان اور اریش بھی تھے۔۔
انھیں اپنی گالوں پر انگلی سے دباؤ ڈال کر نقلی ڈمپل بنانے پڑے
تو سب قہقہے لگا کر ہنس دیئے۔۔

پھر پلوشہ، حرم، حبہ، نیناں،، مطی سہانا اور ربیع نے ایک یادگار تصویر بنوائی۔۔

پھر سب کی اپنے اپنے کپل کے ساتھ ایک مکمل فیملی فوٹو بنی۔۔
سلطانز کی خوشیاں سنبھلے نہیں سنبھل رہی تھیں۔۔

آخر یہ وقت بھی گزر گیا،، اور رخصتی کا وقت آن پہنچا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

سلطان مینشن کے لاؤنج میں سب ریلیکس سے بیٹھے تھے۔۔پلوشہ اپنے شاہ کے پہلو میں بیٹھی تھی منہ پھلا کر۔۔

اب جانے بھی دو جان،،مان جاؤ ناں،،نہیں تو جانتی ہو پھر میں اپنے طریقے سے مناؤں گا،،،،شاہ ویر نے سرگوشی میں کہا تو پلوشہ گڑبڑائی۔۔

آپ نے میرا سارا سرپرائز خراب کر دیا،،،وہ شکوہ کرنے لگی۔۔

تو کیا ہوا،،،جو تم نے اپنے بیٹے کو سرپرائز دینا تھا وہ اس نے تمھیں دے دیا،،حساب برابر۔۔

دلہنوں کی تھکاوٹ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انھیں ان کے رومز میں پہنچا دیا گیا تھا۔۔

اریش اور مطربہ اپنے گھر جا چکے تھے۔۔حبہ آج مطی کو بے حد خوش دیکھ کر مطمئن تھی۔۔

حرم بھی نیناں کی جانب سے اب بلکل مطمئن ہو چکی تھی۔۔

نیناں کہیں تھک نا جائے ویر جلد ہی اسے لئے روم میں آیا تھا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شہباز نے تازہ گلابوں کی مسہری سجوادی تھی ویر کے روم میں بھی۔۔
اب ویر نے نرمی سے نیناں کو بیڈ پر بٹھایا تھا۔۔

اور خود باہر گیا۔۔ کچھ ہی دیر میں وہ کھانے کی ٹرے ہاتھ میں لیے ابدر آیا۔۔

ویر نے اسے کھانا کھلایا اور میڈیسنز دیں،،، وہ مبہوت سی اس کا ہر عمل دیکھے جا رہی تھی۔۔

ہمم پتہ ہے کچھ زیادہ ہی ہنڈسم لگ رہا تھا دلہا بن کر،،، ویر نے چھیڑا اور گہرا مسکرایا۔۔

نیناں گڑبڑائی۔۔ اور فوراً اس قاتل ڈمپل سے نظر چرائی۔۔
ویر اٹھ کر برتن باہر رکھ کر آیا۔۔

واپس آ کر ڈور لاک کیا۔۔ اور پھر نیناں کے قریب آیا جو اسی کا انتظار کر رہی تھی۔۔
ویر نے قریب آ کر اس کی جیولری اتارنی شروع کی۔۔
وہ پرسکون سی بیٹھی رہی۔۔

جیولری اتار کر وہ اس کے سامنے آ کر بیٹھا۔۔ اور کوٹ کی پاکٹ سے کچھ نکالا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ہاتھ آگے بڑھایا تو اس میں ایک مخملی ڈبیا تھی۔۔کھول کر اس میں سے رنگ نکالی۔۔

ہاتھ آگے پھیلایا۔۔۔نیناں نے اپنا ہاتھ ویر کے ہاتھوں میں تھما دیا۔۔ویر نے اسے رنگ پہنائی۔۔
نیناں نے اس کے کشادہ سینے پر سر رکھ چکی تھی۔۔اور سکون سے آنکھیں بند کر کے اسے محسوس کرنے لگی۔۔۔

اے ڈریس تو چینج کر لو،،،جان،،وہ اس کی پیٹھ سہلا کر بولا۔۔
نیناں نے نفی میں سر ہلایا کیونکہ وہ تھک چکی تھی۔۔

میں ہیلپ کروں،،،ویر نے دوپٹہ اتار کر سائیڈ پر رکھا۔۔۔لہجے میں شرارت تھی۔۔
وہ اپنے آپ میں سمٹی اور ویر کے سینے میں منہ دے لیا۔۔
ویر ہنس پڑا۔۔
اور اسے خود میں سمیٹ لیا۔۔

سہانا اپنے مزاج کے بر عکس شرمائی لجائی سی مسہری پر بیٹھی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

باہر سے شور شرابے کی آواز آرہی تھی۔۔

ربیع اور ظہان اسکے راستے میں حائل تھے۔۔ظہان ربیع کا پورا پورا ساتھ دے رہا تھا شاہ زین سے نیگ نکلوانے میں،،،

یار ربیع ہٹو سامنے سے،، وہ مصنوعی بیزاری سے بولا۔۔

کبھی نہیں بھائی میرا نیگ نکالو،،، ربیع اور پھیل گئی۔۔

کیا یار تمھیں پتہ ہے ابھی تو میری جاب بھی نہیں لگی،، غریب سا بندہ ہوں۔۔وہ مسکین شکل بنا کر بولا۔۔۔

شرم کرو شاہ زین اتنے بڑے بزنس مین کے بیٹے ہو خود کو کیوں ڈی گریڈ کر رہے ہو۔۔ میر نے پیچھے سے اسے شرم دلانے کی کوشش کی۔۔

کیا یار ڈیڈ پھر آپ ہی جیب ڈھیلی کر کے اس چڑیل سے میری جان چھڑوا دیں،،، وہ جھنجھلایا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

میر ہنس پڑا اور اپنی پاکٹ سے ڈھیر سارے نوٹ نکالا کر ربیع کی جانب بڑھائے۔۔
وہ پیسے لیے اچھلتی کودتی لاؤنج میں بھاگ گئی۔۔ ظہان بھی اس کی گھوری دیکھ کر کھسک گیا۔۔
میر ہنس کر اپنے روم کی جانب چل دیا۔۔

وہ اندر داخل ہوا اور ڈور لاک کیا۔۔ آہٹ پا کر سہانا کی ہتھیلیاں پسینے میں بھیگیں۔۔
وہ بیڈ کے قریب آیا اور بلکل اس کے سامنے اور قریب بیٹھ گیا۔۔
وہ روایتی دلہنوں کی طرح گھونگھٹ نکالے بیٹھی تھی تو شاہ زین مسکرا دیا۔۔
شاہ زین نے گھونگھٹ پلٹ دیا۔۔ قیامت خیز حسن جھکی آنکھیں لرزتی پلکیں،،، سرخ گداز ہونٹ،،،،
وہ دیکھے گیا۔۔

اپنی پاکٹ سے ایک پینڈینٹ نکالا۔۔ اور اس کے مزید قریب کھسک آیا۔۔
میری زندگی میں شامل ہو کر میری زندگی کو اتنا خوبصورت بنانے کے لئے بہت شکریہ سہانا،،،،،
شاہ زین نے اس کو پینڈنٹ پہنایا،،، جس کے چھوٹے سے ڈیزائن ہر پر ڈائمنڈز سے ڈبل ایس لکھا ہوا تھا۔۔

گھمبیر لہجے کی سرگوشی سہانا کا دل اچھل کر حلق میں آیا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

تبھی وہ اس کا ہاتھ تھام کر ڈریسنگ تک لایا۔۔اسے ڈریسنگ کے سامنے بٹھا کر جیولری اتارنے میں اس کی ہیلپ کی۔۔

جیولری اتر چکی تو وہ اٹھ کر کھڑی ہوئی،،، مم میں چینج کر کے آتی ہوں،، آج تو شاہ زین کی نگاہوں سے وہ پگھلی جا رہی تھی تبھی زبان لڑکھڑائی۔۔

وہ جانے لگی تبھی شاہ زین نے ویسٹ سے پکڑ کر اسے اپنی جانب کھینچا تھا۔۔وہ شاہ زین کے سینے سے آ لگی۔۔

اس نے سہانا کے گرد اپنے بازو لپٹائے۔۔

شاہ زین یہ،، یہ،،

شاہ زین نے اس کے ہونٹوں کو اپنی پاگل دسترس میں لیا تھا۔۔

کچھ پلوں میں ہی وہ اس کی لپ اسٹک کا حشر بگاڑ چکا تھا،، سہانا کی سانس اٹکی تو وہ پیچھے ہٹا۔۔

مگر اسے چھوڑا نہیں۔۔وہ اس کی لپ اسٹک کا حشر دیکھ کر قہقہہ لگا کر ہنس پڑا۔۔

سہانا نے اسے گھورا۔۔آپ تو کہہ رہے تھے آپ ایک شریف اور صابر و شاکر بچے ہیں،، کہاں گئی آپ کی شرافت،،، سہانا نے چھیڑا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

او نو،،،،، ہنی آج رات اگر شرافت دکھائی تو پھر ہمارے بے بی کہاں سے آئیں گے۔۔ آج رات تو بدمعاشیوں کی رات ہے،،، وہ شرارت سے کہتا اسے بانہوں میں بھر چکا تھا۔۔

لا کر بیڈ پر لٹایا،،، اور اس پر جھکا،،
شاہ زین،،، وہ گھبرائی،،،

یس حکم جانِ زین،،،، مگر وہ کچھ بھی بول نا پائی۔۔
پھر شاہ زین نے اس کو بولنے دیا بھی نہیں۔۔
محبت کو پا کر وہ مکمل بے اختیار ہو چکا تھا۔۔

اریش مطی کے ہمراہ اپنے گھر میں داخل ہوا تو مطی کی حیرت کی انتہا نا رہی۔۔

پورے گھر کے فرش کو پھولوں سے ڈھانپ دیا گیا تھا۔۔
یہ سب تمھاری آمد کے اعزاز میں میری بے بی گرل،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش نے اسے بازوؤں میں اٹھایا۔۔اور اسے لئے اپنے روم میں آیا۔۔جب تک وہ اسے لئے چلتا رہا ایک چھوٹی سی رسی کھینچنے سے ان پر پھولوں کی برسات ہوتی رہی۔۔

کھانا تو وہ سلطان مینشن میں کھا کر آئے تھے۔۔
اریش نے اسے لا کر بیڈ پر بٹھایا۔۔مطی کو روم بھی دیکھ کر حیرت ہوئی۔۔

اس قدر خوبصورتی،،الگ اور انوکھے طریقے سے سجایا گیا تھا روم کے مطی خوش ہو گئی۔۔

مطی پورے روم کا جائزہ لے رہی تھی۔۔جب اریش اس کے سامنے بیٹھا جھنجھلایا۔۔

ہیے بے بی گرل یار زرا برائیڈلز کی طرح شرما لو اور وہ دوپٹہ سے چہرہ چھپاؤ،،وہ کیا کہتے سمتھنگ لائک گھونگھٹ وغیرہ

مطی شرمندہ ہوئی مگر ڈھیٹ بن گئی۔۔۔
اور وہ کیوں بھلا،،میں نہیں نکال رہی گھونگھٹ وغیرہ،،،وہ ویسے بھی مجھے ہزاروں مرتبہ دیکھا ہے تم نے،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر آج زرا تمھارے سارے وجود کو تھوڑے الگ طریقے سے دیکھنا ہے نا بیری،،،، سمجھا کرو یار۔۔

گھمبیر لہجے میں کہتا وہ مطی کے ہوش اڑا گیا۔۔ اور اس کے دوپٹے سے گھونگھٹ بنا دیا۔۔

مطی کی بولتی بند ہو چکی تھی۔۔ اس نے پینٹ کی پاکٹ سے کچھ نکالا،،، ایک بے حد خوبصورت بریسلٹ تھی۔۔

اس بریسلٹ جیسی جو کہ مطی کی گم ہو چکی تھی۔۔

اس نے گھونگھٹ اٹھایا اور مطی کا بازو تھام کر اس میں بریسلٹ پہنا دی۔۔

تبھی اریش نے پینٹ کی پاکٹ سے ایک اور بریسلٹ نکالی۔۔ یہ مطی کی بریسلٹ تھی۔۔

وہ اریش کو دیکھے گئی۔۔

کیونکہ اس کی آنکھیں بھیگ چکی تھیں۔۔

تمھیں پتہ ہے بیری میں اس بریسلٹ کو اپنے دل سے لگا کر کتنا رویا تھا۔۔

اریش،،، مطی اس کے قریب آئی اور اس کے چہرے سے آنسو صاف کیے۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش نے اسے سینے سے لگا کر بالوں میں منہ دیا۔۔اب اریش کے آنسو اسے اپنے بالوں میں اور کمر پر گرتے محسوس ہوئے تو وہ مچلی۔۔

اریش پلیز،،،،،

نو بیری،،،جب تک تم اپنے منہ سے نہیں بولو گی کہ تم نے مجھے معاف کر دیا،،،مجھے سکون نہیں آئے گا۔۔

میں نے تو تمھیں اسی دن معاف کر دیا تھا اریش جب تم لوٹ کر آئے تھے۔۔میری خاطر ویر سے اتنی مار کھائی۔۔اور اب تم نے میرا ٹرسٹ بھی جیت لیا ہے۔۔

آئی لو یو سو مچ بیری،،،میں تمھارے بغیر کچھ نہیں ہوں بلکل ادھورا ہوں۔۔

آئی،،،،مطی جھجھکی،،،،

یس بیری میں سن رہا ہوں،،،وہ بوجھل آواز میں اس کے کان میں گویا ہوا۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

اریش،،، آئی،،،،، وہ پھر خاموش ہو گئی۔۔

اریش نے اس کو خود سے الگ کر کے زبردستی اپنے سامنے کیا۔۔
اب بولو بھی بیری،،،، پلیز،،،، میں یہ سننا چاہتا ہوں،،، پلیز
اریش نے التجائیہ کہا۔۔

اریش آنکھیں بند کرو،،، اگر سننا ہے،،، وہ روہانسی ہوئی۔۔

نو،، نو،، بیری،، میں ایک پل کے لئے بھی تمھارے چہرے سے نظریں نہیں ہٹانا چاہتا پلیز،،،،،

پھر میں نہیں بولنے والی،،، وہ منہ پھلا کر بولی،، اریش اداس وہ گیا۔۔
اریش،،، آئی لو یو ٹو،،،، وہ جلدی سے بول کر ہاتھوں میں چہرہ چھپا گئی
اریش گہرا مسکرایا،، اور اس کے ہاتھوں پہ ہی اپنے دہکتے لب رکھ دیئے۔۔

اریش نے اس کا دوپٹہ اتار کر سائیڈ پر رکھا،، وہ بوکھلائی،،
اریش یہ کیا،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر وہ نرمی سے اس کی جیولری اتارنے لگا۔۔جیولری اتار چکا تو ایک جھٹکے سے اسے کھینچ کر خود میں بھینچا۔۔

مطی کا دل اچھل کر حلق میں آیا۔۔جب اریش نے اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں الجھایا۔۔
وہ مچلی۔۔
مگر آج وہ اریش کی محبت اس کے پاگل پن اور دیوانگی سے دامن نہیں بچا سکتی تھی۔۔

کسی صورت نہیں۔۔

ولیمے کی تقریب بھی اسی طرح سلطانز کے شایان شان ہوئی تھی۔۔
بڑے پیمانے پر فنکشن اریج کیا گیا تھا۔۔

پانچ سال بعد۔۔۔۔
نیناں آئینے کے سامنے کھڑی اپنی تیاری کو فائنل ٹچ دے رہی تھی۔۔
بلو رنگ کی میکسی پہنے،،، بالوں کا اونچا سا جوڑا بنائے ہونٹوں پر پنک گلوز لگا رہی تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

جب اپنے پیچھے مخصوص دلربا سی آہٹ محسوس ہوئی۔۔وہ گہرا مسکرائی۔۔
یقینا آج ویر سلطان ہمیشہ کی طرح اسے دیکھ چاروں شانے چت ہونے والا تھا۔۔

ہوا بھی یہی وہ پیچھے بہت قریب کھڑا مبہوت سا اسے تکے جا رہا تھا۔۔نیناں نے بھنوئیں اچکائی تو وہ گہرا مسکرایا۔۔
Asalwaysmydarlingyoulooklikeamermaid,,,,,
وہ کہے بغیر نہیں رہ پایا،،اور اس کے گرد بازو حمائل کیے،،اور پیچھے گردن پر دہکتے لب رکھے۔۔

تبھی دروازے پر ہلکی دستک دی۔۔وہ بوکھلا کر پیچھے ہٹی

یس کم ان،،،ویر نے مسکراتے کہا،،،،
تو شاہ ویر جونئیر شاہ زل سلطان کو گود میں اٹھائے اندر آیا،،جو کہ اب پانچ سال کا تھا۔۔اور بلکل اپنے دادا کی کاربن کاپی تھا۔۔

ہم تو جونئیر کے ساتھ جا رہے ہیں ہال میں بھئی،،اپنی بیگم کے ساتھ آجانا،،،جب فرصت مل جائے،،،،

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

شاہ ویر کہتا مسکراتا جا چکا تھا۔۔

ویرا اپنے ڈیڈ کے لہجے سے بوکھلایا۔۔ نیناں قہقہہ لگا کر ہنس پڑی

اووووو مجھے تو آج معلوم ہوا کہ ڈوریمون بھی شرماتے ہیں۔۔۔
ویر بھی قہقہہ لگا کر ہنس پڑا۔۔

آج ظہان کی بارات حاتم مینشن سے آنے والی تھی،، سب ہال میں پہنچ چکے تھے۔۔
وہ بھی نکلے،،، نیناں اور ویرا ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے ہال میں داخل ہوئے تو سامنے ہی اریش اپنے چار سالہ دھماکہ بیٹے کے ہاتھ میں ہاتھ دیئے کھڑا تھا۔۔

کچھ ہی آگے شاہ زین اپنی چار سال پری کو گود میں لیے کھڑا تھا۔۔

منظر بہت مکمل اور خوشگوار تھا۔۔
ہنستے مسکراتے خوشیوں سے دمکتے چہرے۔۔۔

تقریب بہت شاندار تھی۔ رخصتی کا وقت آن پہنچا

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

مگر ربیع سوں سوں کرتی اپنی جگہ سے ٹس سے مس نا ہو رہی تھی۔۔

مما میں کہیں نہیں جاؤں گی مگر ایک شرط پر،،، ربیع بھیگی آنکھوں کے ساتھ بولی۔۔

وہ کیا حرم چونکی،،، سب بڑے موجود تھے،، ینگسترز بھی اپنے اپنے بچوں کے ساتھ کھڑے دلچسپی سے ربیع جو دیکھ رہے تھے کیونکہ جانتے تھے وہ ضرور کوئی شوشا چھوڑنے والی ہے۔۔

ظہان کو میرے ایک سوال کا جواب دینا ہوگا،،،،، وہ معصومیت سے بولی۔

ظہان کا دل کیا ماتھا پیٹ لے،،، مسکین سی شکل بنا کر سب کو دیکھا،، سب کے چہروں پر دبی دبی مسکراہٹ تھی۔۔

پوچھو ربیع،،،،، سرد سی آہ بھری گئی۔۔۔

گائے دودھ دیتی ہے،،، مرغی انڈہ،، وہ جون ہے جو دونوں دیتا ہے،، معصومیت عروج پر تھی۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

ظہان کا دماغ گھوم گیا،،، بے بسی سے ربیع کو دیکھا،،۔ نہیں معلوم،،، تم بتاؤ،،،

دکاندار،،،،، وہ چہرہ نیچے جھکا گئی۔۔

محفل قہقہوں سے گونج اٹھی۔۔

ربیع اگلے پچھلے تمام حساب جو تمھاری طرف نکلتے ہیں،،، آج سارے سوالوں کے جواب تو میں بیڈروم میں ہی دوں گا تمھیں،،، وہ دانت پیس کر بولا تو ربیع سچ مچ گھبرائی تھی۔۔

نیناں ویر کے حصار میں اپنے شہزادے کے ساتھ کھڑی تھی۔۔
مطی اور اریش اپنے جوتیر میں الجھے ہوئے تھے۔۔

شاہ زین کی پری نے سہانا کے ناک میں دم کیا ہوا تھا۔۔

آج سلطانز کا سارا خاندان مکمل تھا
ان کی خوشیاں مکمل تھیں۔۔

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

دھوپ چھاؤں تو زندگی کا حصہ ہے مگر جب اپنوں کا ساتھ ہو تو زندگی بہت آسان اور خوشحال ہو جاتی ہے۔۔

محبتوں اور عزت و احترام سے بنے گھر اور خاندان کہانیوں میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔۔
امر ہو جاتے ہیں۔۔

ختم شد

Search on Google (Urdu Novels Ghar) for Read More Novels

Search on Google (Urdu Novels Ghar)

For Read More Novels Famous Category Base Like

Rude Hero Based Urdu Novels List PDF

Feudal System Based | Wadera based | Jagirdar based

Kidnapping Based Urdu Novels List Download PDF

Hero Politician Based Urdu Novels List Download PDF

Super star based urdu novels List Download PDF

https://urdunovelsghar.pk/

https://urdunovelsghar.com/